# ارمغانِ امان اللہ خان

مرتبین

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت ، پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین

ادارہ علومِ اسلامیہ ، پنجاب یونیورسٹی
قائدِ اعظم کیمپس لاہور

ارمغانِ امان اللہ خان
مرتبین ❖ پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت ، پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

کے

مرحوم اساتذہ کی یاد میں چھٹا ہدیہ علمی

# ارمغان

## امان اللہ خانؒ

مرتبین
پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت
پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین

Institute of Islamic Studies
ادارہ علوم اسلامیہ
UNIVERSITY OF THE PUNJAB

ادارہ علوم اسلامیہ
شیخ زاید اسلامک سنٹر، جامعہ پنجاب، لاہور

جملہ حقوق محفوظ
اشاعت: اکتوبر، ۲۰۲۳ء/ربیع الثانی، ۱۴۴۵ھ
ادارہ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب، لاہور

**Armughan Aman Ullah Khan**
**A Commemoration Volume**
**in honour of**
**Prof. Dr. Aman Ullah Khan**

**Compiled by:**
**Prof. Dr. Jamila Shaukat**
**Prof. Dr. Shahida Parveen**

October, 2023/ Rabi' al-Thani, 1445 Hijri
Institute of Islamic Studies
University of the Punjab, Lahore

# مجلسِ ارمغان

| | |
|---|---|
| ☆ پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت (پروفیسر ایمریطس ادارہ علومِ اسلامیہ) | کنوینر |
| ☆ پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین (ڈائریکٹر ادارہ علومِ اسلامیہ) | رُکن |
| ☆ پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر (صدرِ شعبہ اُردو) | " |
| ☆ پروفیسر ڈاکٹر عاصم نعیم (ادارہ علومِ اسلامیہ) | " |
| ☆ ڈاکٹر حافظ عثمان احمد (ادارہ علومِ اسلامیہ) | " |

☆☆☆☆☆

## پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ

(۲۵اپریل،۱۹۳۳ء — ۱۷فروری، ۲۰۰۶ء)

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ اپنے دفتر میں

دائیں سے بائیں: ڈاکٹر امان اللہ خان قومی ترانے کے خالق
جناب حفیظ جالندھری کے ساتھ

دائیں طرف سے دوسرے نمبر پر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان اور
تیسرے نمبر پر جناب حکیم محمد سعید

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان بانی ہمدرد فاؤنڈیشن، جناب حکیم محمد سعید کے ساتھ

# حُسنِ ترتیب


| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | تعارفی خاکہ | پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت | ۱۱ |
| ☆ | تقدیم | پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت | ۱۵ |
| ☆ | اداریہ | پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی | ۱۷ |
| ☆ | حرفِ سپاس | پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین | ۱۹ |


## ..... تذکرہ پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ .....


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم | پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت | ۲۱ |
| ۲۔ | ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم۔ علومِ اسلامیہ کے ایک بیدار مغز استاد | پروفیسر مُستنیر احمد علوی | ۲۷ |
| ۳۔ | ڈاکٹر امان اللہ خانؒ اور میرا شعورِ تاریخ | جناب راحت شاہین | ۳۱ |
| ۴۔ | میرے محسن۔ پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ | جناب ڈاکٹر اعجاز احمد | ۳۳ |
| ۵۔ | ڈاکٹر امان اللہ خانؒ۔ ایک مثبت شخصیت | جناب راحت عباس ظہیر ڈولہ | ۳۷ |
| ۶۔ | Prof. Dr. Aman Ullah Khan – Family Memoirs | جناب سلمان احمد خان ضیغم | ۴۳ |


## ..... اُردو مقالات .....


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | میثاقِ مدینہ کی اہمیت وافادیت | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۴۵ |
| ۲۔ | اسلامی ثقافت کے بنیادی عوامل | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۶۱ |
| ۳۔ | حجرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے رسول اللہ ﷺ کے مقامِ تدفین ہونے پر شبہات کا ناقدانہ جائزہ | ڈاکٹر حافظ عثمان احمد | ۷۷ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۔ | عہدِ مغلیہ کے تعلیمی اقدامات و انصرامات۔ تاریخی جائزہ | ڈاکٹر یاسر فاروق | ۹۹ |
| ۵۔ | سر سید احمد خان۔ تشکیل شخصیت کے بنیادی عناصر | پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر | ۱۳۵ |


## .....انگریزی مقالات.....


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۔ | ‘Ilm Al-Hadith and Its Influence on Historiography | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۱ |
| ۷۔ | Early Muslim Historiography | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۱۱ |
| ۸۔ | Al-Waqidi – An Assessment of His Position as an Historian | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۲۵ |
| ۹۔ | Ahmad B. Dawud Abu Hanifa Al-Dinawari (d.c. 282 A.H./895 A.D.) | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۳۷ |
| ۱۰۔ | Al-Baladhari and His Contribution to Muslim History | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۴۳ |
| ۱۱۔ | A Critical Appraisal of Al-Tabari’s Contribution to Muslim Historiography | ڈاکٹر امان اللہ خان | ۵۹ |
| ۱۲۔ | The Legacy of Holy Prophet Muhammad (PBUH) and its Impact on the Development of Islamic Civilization – A Historical Perspective | پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت | ۶۹ |
| ۱۳۔ | Managers’ Responsibilities in Stress Prevention at Workplace: An Islamic Perspective | جناب سلمان احمد خان ضیغم / جناب گلزار احمد | ۸۳ |


☆☆☆☆☆

# تعارفی خاکہ

| | |
|---|---|
| ☆ نام | امان اللہ خانؒ |
| ☆ والد کا نام | محمد عثمان خانؒ |
| ☆ پیدائش | ۲۵/اپریل، ۱۹۳۳ء |
| ☆ جائے پیدائش | کھاریاں |
| **تعلیم** | |
| ☆ ایم۔اے علوم اسلامیہ | ۱۹۵۸ء |
| ☆ ایم۔اے تاریخ | ۱۹۵۹ء |
| ☆ پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ | ۱۹۷۱ء |
| ☆ تخصص | تاریخ اسلام، جدید معاشرتی، سیاسی و معاشی افکار |
| **عملی زندگی** | شادی شدہ |
| **اولاد** | چار صاحبزادے اور ایک بیٹی<br>رضوان اللہ خان، سلمان احمد خان ضیغم،<br>عمران احمد خان، عرفان اللہ خان اور صدف خان |

| | |
|---|---|
| **ممبر شپ** | پنجاب یونیورسٹی، کالجز اور دیگر جامعات کی بورڈ آف سٹڈیز، مختلف کمیٹیوں اور باڈیز کے ممبر رہے۔ |
| **سیمینار و کانفرنس** | ملکی و بین الاقوامی سطح پر مختلف جامعات میں منعقد سیمینارز، کانفرنسز وغیرہ میں مقالات پیش کیے اور صدارت کی۔ |
| **ذمہ داریاں** | درج ذیل اعلیٰ اداروں میں تدریسی و تنظیمی فرائض سرانجام دیئے: |

- ☆ لیکچرر، شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۶۳ء۔۱۹۷۰ء
- ☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۰ء۔۱۹۷۸ء
- ☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۸ء۔۱۹۸۲ء
- ☆ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۸۲ء۔۱۹۹۲ء
- ☆ چیئرمین، شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۵ء۔۱۹۷۶ء، ۱۹۸۱ء۔۱۹۸۸ء
- ☆ وارڈن، مجیٹھیا ہال، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۴ء۔۱۹۷۵ء

| | |
|---|---|
| **تدریسی تجربہ** | تدریس و تحقیق اور تنظیمی امور کا تجربہ تیس (۳۰) سال |
| **مضامین تخصص** | تاریخ اسلام، اسلام اور جدید سیاسی، معاشرتی اور |

| | |
|---|---|
| | معاشی افکار |
| **تحقیقی مقالات کی نگرانی اور ممتحن** | ایم اے کی سطح پر لکھے گئے تحقیقی مقالات اور پی ایچ ڈی کی سطح پر شعبہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، میں بیس (۲۰) سے زیادہ مقالات بزبان اردو، انگلش اور عربی کی نگرانی کی۔ مختلف ملکی و غیر ملکی جامعات میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی مقالات کے بطور ممتحن فرائض سرانجام دیئے۔ |
| **تحقیقی سرگرمیاں** | اردو، انگریزی اور عربی زبان میں قومی اور بین الاقوامی مجلّات میں متعدد علمی و تحقیقی مقالات شائع ہوئے۔ |
| **وفات** | ۱۷ / فروری ۲۰۰۶ء |

★★★★★

# تقدیم

قارئین گرامی قدر! ارمغانِ علمی کے سلسلے کا چھٹا ہدیہ **"ارمغان امان اللہ خانؒ"** حاضر خدمت ہے۔ بلاشبہ اس شمارے کے آپ تک پہنچنے میں دیر ہوئی اس کی متعدد وجوہ اسباب ہیں لیکن اس وقت آپ کے سامنے اپنی سستی اور کمزوری کا اعتراف ہے۔

دیگر مطبوعہ ارمغان کے برعکس موجود "ارمغان" کے لیے صاحبان تحقیق و قلم سے علمی و تحقیقی مقالات کے حصول کے لیے متعدد بار یاد دہانی کرانے کے باوجود ملنے کی رفتار نسبتاً سست رہی۔ میرے نزدیک اس کا ایک سبب آپ سب کا دیگر علمی مجلات کے لیے اپنے گراں مایہ تحقیق کی فراہمی کی طرف زیادہ توجہ ہو گی۔ جس کا بظاہر سبب یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرات محترم "ارمغان" کو **ایچ ای سی** سند یافتہ نہیں سمجھتے لیکن یہ بات قابلِ غور ہے کہ اگر آپ حضرات کا تعاون نہ ملے تو اس کام کا آگے بڑھنا ممکن نہیں۔

بہر کیف مقالات کی وصولی کے انتظار میں طباعت ٹلتی رہی اس کے تلافی یوں کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ صاحب ارمغان کے بعض ذاتی مطبوعہ تحقیقی مقالات کو شامل کرنا پڑا۔

ازاں بعد سب سے بڑی رکاوٹ مالی وسائل کی عدم دستیابی ہے یعنی یونیورسٹی سے بھی اس مد میں رقم وصول کرنا ناممکن ہو گیا تو یہ مشورہ دیا گیا کہ اس کو اَن لائن (online) پیش کیا جائے۔ ربِ رحیم و کریم کی خصوصی مدد اور گذشتہ سالوں کی رقم کی کچھ بچت کی بدولت موجودہ ارمغان کو محدود تعداد میں شائع کرنے کا مشورہ ہوا۔ آپ حضرات سے التماس ہے کہ اَن لائن مطالعہ کریں اور اپنے وقیع تاثرات سے نوازیں۔

ہم اہلِ قلم حضرات کے ممنون ہیں کہ جنھوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود زیرِ نظر **ارمغان** کے لیے وقیع مضامین تحریر کیے۔ مجلس ادارت خاص طور پر پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت اور مرحوم امان اللہ خان کے صاحبزادے جناب سلمان احمد خان ضیغم کے ممنون ہے کہ جنھوں نے اپنا ایک علمی مضمون اور خاندانی یاداشتیں بھی عطا کیں۔

ہم پروفیسر مستنیر احمد علوی، راحت شاہین، ڈاکٹر اعجاز احمد، راحت عباس ظہیر ڈولہ،

ڈاکٹر یاسر فاروق، پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر اور ڈاکٹر عثمان احمد کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست کو پذیرائی بخشی اور اپنے رشحات قلم سے نوازا۔

کتب **ارمغان** کے سلسلے کی آئندہ کڑی ان شاء اللہ **ارمغان علامہ اسد** ہو گی۔ **ممکن** ہے کہ اکثر قارئین اس معروف نام اور ہمارے ادارے کے قیام کے لیے ان کی مساعی سے ناواقف ہوں۔ علامہ محمد اسد کی شخصیت عالمی سطح پر جانی جاتی ہے۔ جامعہ پنجاب سے ان کا تعلق یہ ہے کہ وہ بالکل ابتدا میں اس کے شعبہ اسلامیات سے وابستہ رہے۔ **قرآن حکیم** اور **صحیح بخاری کے تراجم**، **اے روڈ ٹو مکہ اسلام ایٹ کراس روڈ**، **مسلم ریاست** وغیرہ پر ان کی کتب علمی دنیا میں معروف ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد اس نئی مملکت کے لیے قانون سازی اور اس مقصد کے لیے عالمی سطح کے تجربات سے آگاہی کی خاطر **انٹر نیشنل اسلامک کلوکیم**(**Colloquium**) کے انعقاد کے سلسلے میں بھی ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انھوں نے اقوام متحدہ میں بھی وطن عزیز کی نمائندگی کا فریضہ انجام دیا۔ اہل علم ان کی شخصیت کے ان تمام پہلوؤں کی روشنی میں اپنے مقالات کے لیے موضوعات کا تعین کر سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ پہلے کی طرح اس بار بھی ہمیں آپ سب کا علمی و قلمی تعاون حاصل رہے گا۔

راقمہ، ڈین فیکلٹی علومِ اسلامیہ پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی اور ڈائریکٹر ادارہ علومِ اسلامیہ پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین کی ممنون ہے کہ انہوں نے عدیم الفرصتی کے باوجود ارمغان کے لیے اپنے گراں قدر خیالات و تاثرات سے نوازا۔

عزیزم ڈاکٹر عثمان احمد کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری ہے جنہوں نے ہر قدم پر تعاون کیا۔ مجلس ادارت عزیزم سرفراز احمد (سینئر کے پی او، فیکلٹی علومِ اسلامیہ) کی شکر گزار ہے کہ انہوں نے موصولہ مقالات کو محنت اور تندہی سے یکساں فارمیٹ میں ڈھالا اور آپ کے استفادے کے لیے پیش کیا۔

**ڈاکٹر جمیلہ شوکت**

پروفیسر ایمریطس / کنوینر ارمغانِ علمی

# اداریہ

ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم ان چند افراد میں سے تھے جو اپنی صلاحیتوں اور محنت کی بنیاد پر ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی کرتے ہوئے کامیابیاں سمیٹتے ہیں۔ جنہیں عرفِ عام میں سیلف میڈ (self made) کہا جاتا ہے۔ ڈاکٹر امان اللہ خان محض چند سالوں میں تمام تعلیمی اور تکنیکی مراحل طے کرتے ہوئے ادارہ علومِ اسلامیہ کے چیئرمین کی منصب عالی پر فائز ہوئے۔ آپ ایک بہترین منتظم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اعلیٰ پائے کے استاد بھی تھے۔ ان کا خاص میدان سیرت و تاریخ اور علومِ اسلامیہ کی سماجی وسیاسی جہات تھا۔ آپ کے لیکچرز طلبہ و سامعین کی علمی پیاس بجھانے کے ساتھ ساتھ فن تدریس اور قوت اظہار وبیان میں اپنی مثال آپ ہوتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ معمول کی تدریس کے علاوہ مختلف قومی اور سرکاری اداروں میں ڈاکٹر صاحب کے لیکچرز تسلسل کے ساتھ منعقد ہوا کرتے تھے۔ مجھے ذاتی طور پر ان کا شاگرد ہونے کا شرف حاصل ہے اور میرے ایم اے کے تحقیقی مقالہ کی نگرانی بھی محترم ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب نے فرمائی۔ اس سلسلے میں بھی ان کے اندازِ نگرانی سے بہت سی باتیں سیکھنے کا موقع ملا۔

ایک عرصہ سے ادارہ علومِ اسلامیہ نے اپنے سابق اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ایک شاندار علمی اشاعتی سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے۔ **ارمغانِ علمی** کے نام سے اس قابل تحسین کاوش کے تسلسل اور کامیابی کا سہرا ادارہ کی محترم استاذہ پروفیسر (امریطس) ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ کے سر ہے جن کی سرپرستی اور مسلسل عملی کوشش سے پانچ اساتذہ کرام کے نام سے منسوب **ارمغانِ علمی** اس سے قبل شائع ہو چکے ہیں اور علمی وادبی حلقوں سے داد وصول کر چکے ہیں۔ اس سلسلے کا چھٹا **ارمغانِ علمی** آپ کے ہاتھوں میں ہے جو استاد محترم ڈاکٹر امان اللہ خان (مرحوم) کی علمی خدمات کے اعتراف کے طور پر شائع کیا جا رہا ہے۔ جس میں ڈاکٹر صاحب محترم کے تعارف کے علاوہ مختلف شاگردوں کے تاثرات اور ڈاکٹر صاحب کے خاص علمی میدان سیرت و تاریخ سے متعلق مختلف

النوع تحقیقی مضامین شامل ہیں۔

ادارہ علومِ اسلامیہ اس علمی کاوش پر مبارکباد کا مستحق ہے اور جملہ معاونین کے علاوہ محترمہ ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ خصوصی شکریے کی بھی مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

**پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی**
ڈین کلیہ علومِ اسلامیہ

# حرفِ سپاس

فلسفہ تاریخ پر لکھنے والوں نے تاریخ کی حقیقت کو مختلف زاویہ ہائے نظر سے دیکھا ہے۔ بعض کے نزدیک تاریخ بڑے بڑے واقعات کی روداد کا نام ہے۔ بعض کے نزدیک کسی خطے یا کسی زمانے میں تہذیب و ثقافت اور نظریات و افکار کو تبدیل و تحویل سے گزار دینے والے احوال و اسباب کا نام تاریخ ہے۔ بعض کے نزدیک قوموں کے عروج و زوال کی مکمل داستاں تاریخ کہلاتی ہے۔ یہ سب تعریفات اپنی جگہ درست ہو سکتی ہیں لیکن اگر تاریخ کو عظیم افراد اور ان کی مؤثر مساعی کے تناظر میں دیکھا جائے تو اس میں زیادہ معنویت محسوس ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ادارہ علومِ اسلامیہ نے اپنی عظیم تاریخ کو زندہ رکھنے کے لیے، اس کی تشکیل و تعمیر اور علمی ترقی میں کارفرما رجال کار کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے ایک علمی سلسلے کا آغاز کیا ہے جس کو **ارمغان علمی** کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے کی چھٹی کاوش آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ڈاکٹر امان اللہ مرحوم سے مجھے تلمذ کا شرف حاصل ہے۔ ان کی تدریسی و علمی مہارت کی شہادت دینا میرے لیے اعزاز ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ اور ان کے معاونین قابلِ صد مبارک باد ہیں کہ وہ ارمغان علمی کی اس روایت کے لیے تسلسل کے ساتھ محنت کرتے ہیں۔ تحقیقی مقالات و مضامین کا حصول ایک مشکل اور مشقت انگیز کام ہے۔ ادارہ علومِ اسلامیہ یہ سلسلہ دیگر جامعات کے شعبہ جات کے لیے بھی تحریک و تحریض کار کا باعث بنے گا، ان شاءاللہ۔

**پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ پروین**

ڈائریکٹر، ادارہ علومِ اسلامیہ

# تذکرہ

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ

*ڈاکٹر طاہرہ بشارت

# پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تونے وہ گنج ہائے گرانمایہ کیا کیے

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ کا شمار ان اساتذہ میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے خونِ جگر سے علم کی آبیاری کی، بھرپور اور مخلص کوششوں سے ادارے کو پروان چڑھایا، اپنے بحرِ علمی سے اپنے طلبہ کو اس طرح سیراب کیا کہ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ وہ اپنے علم، عمل، خُلق اور جذبہ کے ایسے آثار اپنے پیچھے چھوڑ گئے جو آنے والوں کے لیے نشانِ راہ کا کام دیتے رہیں گے۔ وہ لوگ حقیقی معنوں میں قابلِ رشک ہوتے ہیں جن کی زندگی دوسروں کے لیے چراغِ راہ ثابت ہوتی ہے۔ میرے لیے میرے استادِ محترم میرے ممدوح محترم پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب مرحوم اِنھی خوش نصیبوں میں سے ایک تھے۔ اگر میں یہ کہوں تو کچھ غلط نہ ہو گا کہ:

مت سہل اِنھیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

* پروفیسر اینڈ چیئرپرسن شعبہ اسلامی فکر و تہذیب، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

محترمہ پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ نے جب مجھے ڈاکٹر صاحب مرحوم کے بارے میں کچھ قلم بند کرنے کو کہاتو مجھے احساس ہوا کہ اُن کی شفقت و رہنمائی کا قرض اتارنے کا نادر موقع آن پہنچا ہے اور میں اُن احساسات و جذبات سے مالامال ہوں جن کو عقیدت کے الفاظ میں ڈھالنا کوئی مشکل کام نہ ہو گا، مگر جب قلم تھاماتو شاگرد کو حقِ استاد نبھانا مشکل ہو گیا۔

ڈاکٹر امان اللہ صاحب کا شمار ان عظیم اساتذہ میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے خونِ جگر سے علم کی آبیاری کی، بھرپور اور مخلص کوششوں سے ادارے کو پروان چڑھایا، اپنے بحرِ علمی سے اپنے طلباء کو اس طرح سیراب کیا کہ وہ بھی اپنی ذات میں گوہر علم کے تیز رو دریا بن گئے، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ وہ اپنے علم عمل خلق اور جذبہ کے ایسے آثار اپنے پیچھے چھوڑ گئے جو آنے والوں کے لیے نشانِ راہ کا کام دیتے رہیں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم ومغفور سے میرا پہلا تعارف تب ہوا جب میں نے ایم اے اسلامیات کے سال اول میں داخلہ لیا۔ مظفر گڑھ جیسے چھوٹے شہر سے لاہور کی پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات میں داخلہ میرے لیے دلی آرزو کی تکمیل کا پُر مسرت موقعہ تھا۔ ایسے میں ڈاکٹر صاحب اور دیگر معزز اور محترم اساتذہ کرام سے بھرپور علمی استفادے کے مواقع میسر آنے کا شوق گویا پاؤں زمین پر نہ ٹکنے کے محاورے کی عملی شکل سے کچھ کم نہ تھا

ڈاکٹر صاحب نے 1981 میں شعبہ کے چیئر مین کی ذمہ داری سنبھالی، مگر ان کی یہ انتظامی ذمہ داری ان کی تدریس کے آڑے نہیں آتی تھی۔ 1980ء کی دہائی میں پاکستان کا نظام اس تباہی اور بربادی سے ابھی بہت دور تھا جس کا ہم آج ہر طرف مشاہدہ کر رہے ہیں، اگرچہ 1995 میں ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ اسماعیل میں تین یونیورسٹیوں کا اضافہ ہو گیا تھا۔ مگر پرانی یونیورسٹیوں میں اہل علم کی علم سے وابستگی، تعلیمی ڈسپلن، میرٹ کی پابندی اور طلباء میں علم کی طلب و جستجو ہنوز قائم و دائم تھی۔ مجموعی طور پر یونیورسٹیوں میں علمی ماحول کا غلبہ تھا۔ اس وقت لاہور میں ایک ہی یونیورسٹی تھی اور وہ تھی پنجاب یونیورسٹی، تمام کالجز پنجاب یونیورسٹی کے ساتھ ملحق تھے۔ پرائیویٹ یونیورسٹیوں کا کہیں نام و نشان نہ تھا، اگرچہ پرائیویٹ سکول اور کالجز کھلنے شروع ہو گئے تھے، مگر ابھی ابتدائی شکل میں اپنی بقا کی جنگ لڑنے میں مصروف تھے، ڈیپارٹمنٹ میں ایک ہی ڈگری دی

جاتی تھی، اور وہ تھی ایم اے کی۔ ڈیپارٹمنٹ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لیے رجسٹریشن ہوتی تھی، رجسٹرڈ سکالر اپنا مقالہ اپنے سپروائزر کی رہنمائی میں لکھ کر جمع کرا دیتے، اور رپورٹ آنے کے بعد دفاع میں کامیاب ہونے پر ان کو ڈگری عطا کر دی جاتی تھی، مگر ایسا خال خال ہی ہوتا تھا، کیونکہ پی ایچ ڈی کی ڈگری کی آج کے دور کی طرح ضرورت تھی اور نہ طلباء و سکالرز میں اس کا رجحان تھا۔

پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب ایک بہترین استاد تھے انہیں اپنے مضمون پر مکمل گرفت تھی، انہیں پڑھانے کا طریقہ و سلیقہ آتا تھا۔ وہ اپنی بات کہنے اور سمجھانے کا گر جانتے تھے۔ تدریس اور تحقیق دونوں ہی میدانوں میں وہ نہ صرف ماہر تھے بلکہ ان کی گرفت بہت ہی مضبوط تھی۔ بات کی تہہ تک پہنچنا اور زیرِ بحث موضوع کے مختلف پہلو واضح کرتے چلے جانے پر ان کو کمال حاصل تھا۔ ان کی کلاس میں طالب علم کبھی بور نہیں ہوتا تھا۔ مزے کی بات تو یہ ہے کہ پورا پیریڈ پڑھنے کے بعد تھکاوٹ محسوس کرنے کے باوجود طالب علم کی بشاشت میں اضافہ ہو جاتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب کے لیکچر معلومات کا خزینہ اور سلاست و روانی کا گنجینہ ہوتے تھے۔ ان کی شخصیت کی جاذبیت اور رعب مل کر کلاس کے ماحول کو پر کشش بناتے تھے۔ طالبات کے ساتھ ان کا برتاؤ اگرچہ نہایت مشفقانہ ہوتا تھا، تاہم ہمارے اندر ان کی عزت کے ساتھ ساتھ رعب کا تاثر زیادہ گہرا تھا، انہیں سوال کے جواب دینے میں کبھی تامل نہیں ہوتا تھا، وہ سوال سنتے اور اس کا جواب دیتے اور طالب علم کو خوب مطمئن کرتے اور پھر مزید غور و فکر کرنے پر ابھارتے۔

ایم اے اسلامیات کا امتحان پاس کرنے کے بعد 1983ء میں ان کی رہنمائی میں پی ایچ-ڈی کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، تو پہلے انھوں نے حیرت سے میری طرف دیکھا، اور جب میں نے بصد اصرار کہا کہ میں اس دشوار گزار گھاٹی میں قدم رکھنے کے لیے تیار ہوں تو جواباً آج بھی ان کا ناصحانہ جملہ میرے کانوں میں گونجتا ہے جسے میں نے اس وقت پورے اعتماد یقین اور عزم مصمم کے ساتھ پلے باندھتے ہوئے انہیں پورا یقین دلایا کہ میں استقامت کے ساتھ چلتی ہی چلی جاؤں گی، وہ باکمال الفاظ یہ تھے کہ "بیٹے اگر پی ایچ ڈی کرنی ہے تو صبر کو پلے باندھ لو"۔ بعد ازاں مختلف موضوعات پر ان سے مشاورت ہوتی رہی، آخر کار انہوں نے میرے لیے **"سوشل ویلفیئر کا تصور اسلام اور عصری افکار کی روشنی میں"** منتخب کیا۔

پاکستان جیسے نو آموز ملک کو جس نے دنیا کو نہ صرف اسلامی نظام کا نمونہ بن کر دکھانا تھا بلکہ اُسے سماجی بہبود میں بھی ایسے اعلیٰ درجے تک پہنچانا تھا جس سے دنیا اس کی تعریف کرتی اور اس کے قائم کردہ فلاحی نظام کو دیکھ کر اسلام کے فلاحی نظام سے متاثر ہوتی، پاکستان بنانے والی نسل نے یہی چاہا تھا۔

علمی دنیا میں میرے استاد میرے مربی ڈاکٹر پروفیسر امان اللہ مرحوم کی بھی یہی خواہش تھی۔ اُن کی دور رس بصیرت میرے مقالے کا موضوع تجویز کرنے کی صورت میں سامنے آئی۔ الحمد اللہ میرے رب کریم نے مجھے باعزت طور پر کامیاب فرمایا اور میں اپنے محترم استاد کے سامنے سرخرو ہوئی۔

ڈاکٹر صاحب کی پاکستان کے ساتھ وابستگی جذباتی سے زیادہ علمی اور عقلی نوعیت کی تھی۔ وہ اسلام کو سمجھتے بھی تھے اور پاکستان میں اس کا عملی نفاذ بھی چاہتے تھے۔ وہ اسلام کی اُس شکل کو پاکستان میں متشکل دیکھنا چاہتے تھے جس میں عام آدمی ترقی کرتا ہے اور ہر شخص قانون کے تابع ہوتا ہے۔ فیصلے میرٹ کی بنیاد پر ہوتے ہیں اور ترقی کے مواقع سب کو مساوی بنیادوں پر حاصل ہوتے ہیں۔ معاشرے میں انصاف کا بول بالا ہوتا ہے۔

لیکن قارئین کرام! پاکستان کے بارے میں ڈاکٹر صاحب کا خواب ہنوز منتظر تعبیر ہے۔ ہمیں اس تعبیر کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کسی بھی شہری کو ہوتی ہے۔ آیئے اس خواب کی تعبیر میں اپنا حصہ ڈال کر ڈاکٹر صاحب کی روح کے لیے تسکین کا سامان کریں۔

زندگی کے مشاہدے نے بتایا کہ تعلیم و تعلم کے میدانِ عمل میں اعلیٰ صفت استاد ہونا اتنا بڑا کمال نہیں جتنا عملی زندگی کی بھاری ذمہ داریوں کے باوجود ایک قابلِ رشک باپ یا ماں ہونا ہے۔ ربِ کریم نے اُن کو قابلِ تقلید روحانی باپ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے سگے (Biological) بچوں کے لیے بھی ایک کامیاب باپ بننے کا اعلیٰ درجے کا ہنر عطا کر رکھا تھا۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم اپنی زوجہ محترمہ اور اولاد کے لحاظ سے بھی قسمت کے بڑے دھنی تھے۔ مجھے اُن کی اہلیہ محترمہ فرحت امان اللہ صاحبہ سے براہِ راست ملنے کے مواقع میسر آتے رہے، وہ بھی

اسی سال 4 مئی 2023 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں، اللہ تعالیٰ اُن دونوں پر اپنی خاص رحمتیں فرمائے اور درجات بلند ہوں، آمین ثم آمین۔

یہ تو ذکر تھا اُن کی شریکِ حیات کا جو صحیح معنوں میں اپنے شوہر کی قابل تحسین دستِ راست تو تھیں ہی مگر یہ مقولہ بھی بلا مبالغہ اُن پر صادق آتا تھا کہ ہر کامیاب مرد کے پیچھے ایک عورت کا ہاتھ ہوتا ہے۔ دونوں نے مل کر اولاد پر بھی بہت محنت کی اور اُس کا صلہ بھی خوب پایا، چار بیٹے اور ایک بیٹی اُن کی کل متاع تھی۔

دونوں نے ایک بیٹے کی ناگہانی جدائی کا صدمہ کمال صبر ایوبی سے سہا، جو کہ ائیر فورس میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے ہوئے مقام شہادت سے سرفراز ہوا **( انا للہ و انا الیه راجعون)**، اور اُنھوں نے شہید کے والدین ہونے کا عظیم رتبہ پایا، اللہ کرے کہ آخرت میں ماں باپ اِس اعزاز کا اجر جنت الفردوس کی شکل میں پائیں، آمین ثم آمین۔

اللہ کرے کہ اُن کی اولاد اُن کے لیے بہترین صدقۂ جاریہ ہو، اور نیکیوں کے وہ تمام پودے جو انھوں نے علم کے راستے میں لگائے وہاں گھنے اور ہرے بھرے باغات کی صورت اُن کا پھل پائیں اور سدا اُن کی گھنی چھاؤں تلے رہیں، آمین ثم آمین۔

بحیثیتِ شاگرد میری دلی دعا ہے:

مثلِ ایوانِ سحر مرقد فُروزاں ہو ترا
نور سے معمور یہ خاکی شبستاں ہو ترا
آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

★★★★★

## ادارہ علومِ اسلامیہ کے مرحوم اساتذہ کی یاد میں شائع ہونے والی ارمغانِ علمی









*پروفیسر مُستنیر احمد علوی

# ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم
## علومِ اسلامیہ کے ایک بیدار مغز استاد

ایم۔اے علومِ اسلامیہ کے دوران ستمبر ۱۹۷۶ء تا مئی ۱۹۷۹ء آپ سے شرفِ تلمذ رہا، تاریخِ اسلام کا پرچہ اِس جلیل القدر اُستاد کے حصے میں آیا۔ انہیں تاریخِ اسلام پر زبردست عبور حاصل تھا اور اظہار کی بھی غیر معمولی طاقت، اللہ نے اُنہیں عطا کر رکھی تھی۔ وہ ہمیشہ دھیمے لہجے میں بات کرتے، مدلل گفتگو کرتے، مخاطب کو اچھے اسلوب میں سمجھاتے اور اپنا ہم نوا بنا لیتے تھے۔

کلاس میں آکر مجھ جیسا کوئی احمق طالبِ علم، اُلٹا سیدھا سوال کر بیٹھتا تو ہنس کر ٹال دیتے یا خاموشی اختیار کر لیتے (جو کہ ایک مشکل کام ہے)۔ جب ہمارا سیشن شروع ہوا صدرِ شعبہ کی ذمہ داری بھی آپ کے کندھوں پر تھی مجھے کوئی ایسا دن یاد نہیں کہ آپ نے کلاس نہ لی ہو اور ہمیں بتایا گیا ہو کہ صدرِ شعبہ دفتر میں مصروف ہیں۔

---

* سابق صدر شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ شالیمار کالج، لاہور

وہ ایک اچھے منتظم بھی تھے۔ انہوں نے اپنے وقت کو بہت عمدگی سے تقسیم کیا ہوتا تھا اور سارا دن ہمہ قسم کے امور بروقت سرانجام دیتے۔ ان کی یہ بھی ایک خوبی تھی کہ انتظامی امور میں ماتحت عملہ کے ساتھ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آتے، معتدل اور متوازن رویہ رکھتے۔

ہم نے کلاس کے اندر بھی اُن سے سیکھا اور کلاس کے باہر بھی۔ میرے وہ صرف استاد نہیں تھے بلکہ محسن بھی اور مربّی بھی، مجھے ان کا خصوصی التفات حاصل رہا، شفقت سے پیش آتے اور ہر معاملہ میں سرپرستی فرماتے۔ اُس وقت ڈاکٹر صاحب ریڈیو پاکستان، مختلف پروگراموں کے لیے تشریف لے جاتے۔ ان میں سے ایک پروگرام میں آپ کی گفتگو کے بعد سوال و جواب کی نشست ہوتی، چنانچہ آپ مجھے سوالات کے لیے ساتھ لے جاتے، یوں آپ نے میری تربیت کی۔

وزارتِ اطلاعات و نشریات کے ایک میگزین **پاک جمہوریت** میں ڈاکٹر صاحب کے مضامین شائع ہوتے تھے۔ آپ ایک دن مجھے ساتھ لے گئے اور اس کی ایڈیٹر کشور ناہید صاحبہ سے متعارف کروایا، اس کے بعد کافی عرصہ تک میرے مضامین اس میگزین میں شائع ہوتے رہے۔

ان دنوں لاہور میں جب حکیم محمد سعید (مرحوم) کا مشہور پروگرام **شامِ ہمدرد** ہوتا تو آپ ان پروگراموں کے دعوت نامے طلبہ میں تقسیم کرتے کہ ہمارے شعبہ کے طلبہ سوچنے اور سمجھنے کے قابل بنیں۔ آپ تمام طلبا اور طالبات سے انتہائی شفقت سے پیش آتے۔ ایسا محسوس ہوتا کہ وہ ہر وقت ہمیں ہی بنانے اور سنوارنے میں مصروف رہتے۔ کسی بات پر غصہ آجانا تو ایک فطری امر ہے مگر غصہ آنے پر خاموشی اختیار کر لینا، یہ بہت کم لوگوں میں دیکھا ہے۔ دو اڑھائی سال تو ایم۔اے کے دوران ان کا قُرب نصیب رہا مگر بعد میں کئی سالوں تک درِ دولت پر حاضری نصیب ہوتی رہی۔ ہمیشہ خندہ پیشانی سے پیش آتے اور مہمان نوازی بھی کرتے۔ میں اگر اپنی پچھلی زندگی پر نظر دوڑاتا ہوں تو ایم۔اے کا زمانہ جو کم و بیش نصف صدی پہلے گزر چکا ہے، میری نظروں کے سامنے چمکدار ستارے کی مانند آجاتا ہے۔ زندگی کے وہ لمحے یقینی طور پر سب سے قیمتی تھے۔

حقیقت یہ ہے کہ جو شخص دین کا مطالعہ کرتا ہے اور آگے منتقل کرتا ہے تو لامحالہ اس کی شخصیت پر اخلاقِ محمدی ﷺ کے گہرے نقوش مرتب ہوتے ہیں اور وہ پیکرِ مہر و وفا بن جاتا ہے۔

ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب کے علاوہ محترم ڈاکٹر بشیر احمد صدیقیؒ، پروفیسر حافظ احمد یارؒ، ڈاکٹر خالد علویؒ، ڈاکٹر برہان احمد فاروقیؒ اور علامہ علاء الدین صدیقیؒ صاحب جیسے اساتذہ نے ایک جہان کو منور کیا۔ ان لوگوں کے اخلاق اور علم کو بھلایا نہیں جا سکتا۔

قدرت کا انتظام دیکھئے کہ ان ہی لوگوں کی ایک ہم عصر اور ہم پایہ شخصیت، ڈاکٹر جمیلہ شوکت صاحبہ کو اِن کے ارمغان ہائے رنگا رنگ تالیف کرنے پر متعین فرما دیا۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحبہ کو صحت و سلامتی والی طویل عمر عطا فرمائے۔ امین

ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب کی علمی شخصیت کا وہ پہلو، جس نے مجھے ہمیشہ متاثر کیا ان کی جدت فکر تھی، وہ کچھ نیا چاہتے تھے یہ ایک غیر معمولی بات ہے۔ آج ملتِ اسلامیہ کا سب سے بڑا چیلنج یہی ہے کی اسلامی روح بھی برقرار رہے اور عصری مسائل کا حل بھی نکل آئے۔ ڈاکٹر صاحب نئے تحقیقی کام کو ہمیشہ پسند کرتے تھے۔

چنانچہ جب میں نے پی ایچ۔ ڈی پہ کام شروع کیا تو آپ کا خیال یہی تھا کہ میں **فتاویٰ عالمگیری** کے تنقیدی اور تحقیقی مطالعہ پہ کام کروں۔ میرا یہ موضوع منظور بھی ہو گیا مگر بوجوہ یہ خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا۔ یہاں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ ڈاکٹر صاحب ایک بیدار مغز انسان تھے۔ مستشرقین نے جتنا بھی کام کیا اس پہ ان کی گہری نظر تھی اسلام پر کیے گئے اعتراضات کے جوابات انہیں ازبر تھے۔

فقہِ اسلامی کی تدوینِ نو کے شدّ و مد سے قائل تھے۔ ان کا خیال تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد چند سال کے اندر اندر خلیفہِ ثانی نے **اولیاتِ فاروقی** کے نام سے قانونی اصلاحات جاری کر دیں تو آج بھی دین کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے ایسا ہو سکتا ہے۔ اس انداز میں اگر دین

اسلام پہ غور کیا جائے تو ہر دور کے لیے اسلام ایک تازہ خورشید بن کر اُبھر سکتا ہے۔ آپ صبح کے نور اور نسیمِ سحر کے منتظر تھے۔ بقول علامہ اقبال:

مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں، محرمِ راز درون میخانہ
کلی کو دیکھ! کہ ہے تشنۂ نسیمِ سحر
اِسی میں ہے مرے دل کا تمام افسانہ

★★★★★

*راحت شاہین

# ڈاکٹر امان اللہ خانؒ اور میرا شعورِ تاریخ

طویل عرصہ بعد شعبہ علومِ اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی میں گزرے دن یاد کرنے کا موقع ملا ہے۔ ذہن میں کئی نابغہ روزگار شخصیات کے خاکے اور یادیں گردش کر رہی ہیں، جنھوں نے اپنی حیاتِ مستعار علم کے شجر طیبہ کی آبیاری میں وقف کر دی۔ شعبہ علومِ اسلامیہ میں ان اعلیٰ عزائم کی حامل ہستیوں میں سے ایک میرے استاد محترم ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم ہیں۔ اس تحریر کا مقصد اسلامی تاریخ کے گرامی قدر استاد ڈاکٹر امان اللہ خان کی شخصیت اور تدریسی مہارت کے بارے میں اپنے احساسات و تاثرات پیش کرنا ہے۔

ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب معتدل قامت و صاف رنگت کے ساتھ نفیس، وجیہہ اور پُر وقار شخصیت کے حامل تھے۔ مزاجاً سادہ، صاف گو اور جرأت مند تھے۔ میں کمرہ جماعت میں استادِ گرامی کے اسلامی تاریخ پر اسباق و دروس (لیکچرز) یاد کروں تو آج بھی دل بے ساختہ کہہ اُٹھتا ہے کہ بلاشبہ وہ تاریخ کے باکمال اُستاد تھے۔

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، چیئر پرسن شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، ماڈل ٹاؤن، لاہور

انہوں نے طلباء وطالبات میں اسلامی تاریخ کو غیر جانبداری اور جدید رجحانات کے ساتھ سمجھنے کی تحریک پیدا کی، بالخصوص اعتقادات کو اسلامی تاریخ کے تناظر میں زمانہ جدید کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کا شعور پیدا کیا۔ وہ تاریخی واقعات کو سچائی، گہرائی اور صحیح تناظر میں سمجھانے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ یوں وہ اپنے تلامذہ کو دورِ جدید کے تقاضے مدِ نظر رکھتے ہوئے اسلامی تاریخ کی تفہیم نو کا سفر طے کرواتے تھے۔ اس باب میں انہوں نے ایک نئی جہت کا اضافہ کیا کہ اسلامی تاریخ سے اجتہاد کر کے دینی اعتقادات کا زمانہ جدید کے موافق ابلاغ کیا جائے تا کہ نسلِ نو کو عصر حاضر اور مستقبل کے لیے راہنمائی مہیا کی جا سکے۔ وہ اس رُخ پر تحقیقی کام کرنے کے لیے تلامذہ کی ہمت افزائی بھی کرتے، مثلاً ان کا موقف تھا کہ اولیات حضرت عمر فاروقؓ کی روشنی میں فکری ارتقاء کی راہیں اور جدید مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے۔

ڈاکٹر امان اللہ خان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ پنجاب یونیورسٹی شعبہ علومِ اسلامیہ سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری مکمل کرنے والے پہلے سکالر تھے۔ ان کا تحقیقی مقالہ **بلاذری کی خدماتِ تاریخ کے جائزے** بزبان انگریزی تھا جو بعد میں کتابی صورت میں بھی شائع ہوا۔ ڈاکٹر صاحب نے تدریسی خدمات کے ساتھ ساتھ متعدد طلباء وطالبات کے ایم اے اور پی ایچ۔ڈی کی سطح کے تحقیقی مقالات کی راہنمائی و نگرانی بھی کی جن میں بیرون ملک کے طلباء بھی شامل ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے اپنے شاگردوں میں ایک اچھوتے شعورِ تاریخ کو جلا بخشی جس سے ہمیں فہم تاریخِ اسلامی میں درپیش اشکال و شبہات حل کرنے میں مدد ملی۔ آج ہم بھی بحیثیت استاد ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنے تلامذہ کو تاریخِ اسلام کا غیر جانبدارانہ اور صحیح تصور و شعور دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ بلاشبہ ڈاکٹر صاحب کے حق میں صدقہ جاریہ ہے۔

یہ کہنا مبالغہ نہ ہو گا کہ ڈاکٹر امان اللہ خان مرحوم اپنے وقت سے کئی برس آگے کی سوچ کے حامل تھے۔ وہ بلند مرتبہ محقق و مدرس تھے۔ مجھے ان کی شاگرد ہونے پر فخر ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کی آخرت کی منزلیں آسان فرمائے اور ان کی روح کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین)

★★★★★

*ڈاکٹر اعجاز احمد

# میرے محسن: پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خانؒ

سر! آپ کلاس میں تشریف نہیں لائے تھے۔ آپ اپنے کمرے میں بھی نہیں تھے؟
او پتر امیں ۲۲ گریڈ دے مزدوراں نوں سبق پڑھان گیا سی۔ اس لئے نہیں آسکا۔ آج زیادہ کام کر لیتے ہیں۔ بڑی بے تکلفی سے بات کرنے والے یہ تھے ڈاکٹر امان اللہ خان۔

گہری بصیرت اور عصر جدید کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے علوم اسلامیہ میں ایم۔اے پارٹ ون میں داخلے کے کچھ عرصہ بعد ڈاکٹر صاحب سے ملاقات ہوئی۔ فراواں محبت ہمارے حصے میں آئی۔ ذرا قریب ہوئے تو ڈاکٹر صاحب کے احترام کے ساتھ محبت کی آمیزش ہو گئی۔ ڈاکٹر محمد حماد لکھوی کہ جن کے کلاس فیلو ہونے کا اعزاز مجھے حاصل ہے۔ ہم دونوں کو ایک مرتبہ ڈاکٹر صاحب نے اپنی یونیورسٹی کی رہائش گاہ پر بلایا۔ چائے پلائی اور ہمیں زندگی کو سمجھنے میں مدد دی۔ کلاس رومز کی رسمی تعلیم ڈگری کے حصول میں مددگار ہوتی ہے لیکن کسی استاد کا اپنے طلباء کے ساتھ غیر رسمی تعلق طلبہ کو ناخنِ تدبیر عطا کرتا ہے۔ جس سے وہ زندگی کی گرہوں کو کھول سکتے ہیں۔ مشکلوں کو سلجھا سکتے ہیں۔ استاد محترم! اپنے مضامین پر حیرت انگیز گرفت رکھتے تھے۔ عمرانی و سیاسی افکار پر

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ کالج، سول لائنز، لاہور

گفتگو کرتے، مسلم مفکرین کی خدمات کے ساتھ ساتھ مغربی دنیا کے جدید مفکرین پر سیر حاصل تبصرہ فرماتے۔ مغربی دنیا کی مادی ترقی کا راز آشکار کرتے اور طلباء کے تعمیری جذبے کو مہمیز کرتے۔ اسی طرح سیرت کے موضوع پر آپ کے ابتدائی لیکچرز بہت اعلیٰ تھے۔ رسول ﷺ کی محبت میں ڈوبے ہوئے جملے، آپ ﷺ کی سیرت امت کی زندگی میں کیسے انقلاب برپا کر سکتی ہے اس موضوع پر مبنی گفتگو طلباء پر سحر طاری کر دیتی۔

ڈاکٹر صاحب چونکہ انتظامی ذمہ داریوں پر بھی فائز رہے۔ اس لئے نظم وضبط کے خود بھی پابند تھے اور دوسروں سے بھی یہی تقاضا کرتے۔ ایڈمنسٹریشن سے عام طور پر شکایت ہو ہی جاتی ہے۔ لیکن کلاس روم میں آپ کا رویہ نہایت محبت والا رہتا تھا۔ آپ کے سٹوڈنٹس آپ کی شفقت سے فیض یاب ہوئے۔ نہایت متانت کے ساتھ پیش آتے تھے۔

ایم اے پارٹ ٹو میں مقالہ تحریر کیا۔ یہ خوش قسمتی تھی کہ مجھے ڈاکٹر صاحب کی زیر نگرانی کام کرنے کا موقع ملا۔ میرے مقالے کا عنوان تھا: **حریتِ فکر کا اسلامی تصور**

اس موضوع پر استاد محترم نے ایسی رہنمائی فرمائی کہ تقریباً تیس سال گزر جانے کے بعد آج بھی ایک سنہری یاد دل میں بسی ہوئی ہے۔

مغربی مفکرین نے حریت فکر کے حوالے سے جس افراط و تفریط سے کام لیا تھا اس کے نتائج سے آپ نے آگاہ کیا اور میں حیران ہوں کہ آج ہو بہو وہی نقشہ ہے۔ مغربی ممالک میں مساجد پر حملے اور رسول رحمت ﷺ کی شان میں نازیبا مضامین، خاکے، قرآن مجید کی تضحیک کی ناپاک کوشش اور آنے والے دنوں کے ناپاک عزائم۔ ان حالات پر آپ نے دہائیوں پہلے خبر دار کیا اور توجہ دلائی۔ آپ کہا کرتے تھے کہ پترو! آنے والے چیلینجز کے لئے تیاری کرو۔ اہل مغرب کی فکر کو سمجھو۔ آپ آنے والی نئی کتابوں کے حوالے سے جدید ترین معلومات فراہم کرتے۔ ان دنوں کمپیوٹر، فیس بک اور یوٹیوب وغیرہ کا کوئی نام ونشان نہیں تھا۔ آپ ذاتی محنت سے ہماری رہنمائی فرماتے۔

اہل مغرب جب بھی اسلام اور اسلامی تعلیمات، رسول ﷺ اور قرآن حکیم کے خلاف کوئی نیا فتنہ اٹھاتے ہیں تو گاہے گاہے ڈاکٹر امان اللہ خان بہت یاد آتے ہیں۔

آپ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں بیٹے کی جوانمرگی کا صدمہ بڑے حوصلے سے برداشت کیا، بیماری کا مقابلہ کیا اور **كل نفس ذائقة الموت** کے فطری اصول کے تحت جہانِ فانی سے کوچ کیا۔

ہم آج بھی دعا گو ہیں اللہ رب العزت انکی حسنات قبول فرمائے اور علم کے جو چراغ انہوں نے روشن کئے تا قیامت انہیں ان کے حصے کی روشنی پہنچتی رہے۔ **آمین یا رب العالمین**۔

★★★★★

## ادارہ علومِ اسلامیہ کی اساتذہ محترم کی تالیفات












*راحت عباس ظہیر ڈولہ

# ڈاکٹر امان اللہ خانؒ۔ ایک مثبت شخصیت

ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب کا نام آتے ہی سوچوں اور خیالات کا ایک سمندر ہے جو موجزن ہو جاتا ہے۔ انسان کتنا ہی سمجھدار اور دانا ہو کافی کچھ اس زمین پر اس کی سمجھ نہ آنے والا ہے اس میں انسان کی مختلف عادات و اطوار اور انسانی رویئے بھی شامل ہیں جن کو انسان سمجھنے اور جانچنے میں عمریں بیتا دیتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب ایک ہمہ جہت شخصیت کے حامل انسان تھے۔ علمی طور پر تو میں ان کے بارے میں اتنا کچھ نہیں کہہ سکتا کیونکہ میں نے ان سے صرف سال اوّل میں تاریخ ہی پڑھی ہے لیکن بحیثیت ایک شخصیت اور ادارہ علومِ اسلامیہ کے سربراہ کے ان کے بارے میں کافی کچھ کہا جا سکتا ہے۔

انتہائی سمجھدار اور موقع کی مناسبت سے ردِ عمل دینے والے منتظم تھے اور کبھی بھی موقع کی مناسبت سے چوٹ لگانے سے نہیں چوکتے تھے۔ منفی رویّوں اور واقعات کو مثبت رنگ دینے میں ان کا ثانی کوئی نہ تھا۔ کسی بھی صورتِ حال میں گھبراتے نہیں تھے جو طالبِ علم کو یہ باور کروائے کہ وہ اس سے ہی محبت رکھتے ہیں اور اس کی اہمیت بھی سب سے زیادہ ہے۔ حالات خواہ کیسے ہی ہوتے ان

---

* سابق طالبِ علم ادارہ علومِ اسلامیہ، جامعہ پنجاب، لاہور

پر قابو پانا اور ان کو اپنی طرف موڑنا جانتے تھے۔ اپنے ماتحت عملہ اور تمام تدریسی سٹاف کو بھی اچھے انداز میں ہینڈل کرتے۔ ہر ایک سے ایک علیحدہ تعلق قائم رکھتے اور اجتماعی طور پر کبھی بھی ان افراد کو اکٹھا نہ ہونے دیتے کہ کبھی کوئی انتظامی طور پر مسئلہ نہ پیدا ہو جائے۔ وقت کے دھارے میں بہتے ہوئے اس کو اپنی مرضی کے مطابق چلانے کی کوشش کرتے اور کسی حد تک کامیاب بھی ہو جاتے۔

شعبہ جب اولڈ کیمپس سے شیخ زاید اسلامک سنٹر میں منتقل ہوا تو کافی مشکل صورتحال تھی۔ یونیورسٹی انتظامیہ سنٹر کا کنٹرول شعبہ علومِ اسلامیہ کو نہیں دینا چاہتی تھی لیکن طلباء نے سنٹر میں آکر کلاسیں شروع کروا دیں۔ اب ڈاکٹر امان اللہ خان صاحب کے لیے بڑی آزمائش تھی انہوں نے بہر حال بڑی اچھی حکمت عملی مثبت انداز میں بنائی اور تمام ملبہ ہم طلباء پر ڈال دیا اور خود انتظامیہ کے طرفدار بن گئے۔ اسلامک سنٹر میں ان دِنوں اے سی وغیرہ ابھی ورکنگ کنڈیشن میں نہ تھے اور فرشی پنکھے استعمال ہو رہے تھے جو کہ تعداد میں پورے نہ تھے۔ ڈاکٹر صاحب کو بار بار درخواست گزار کی لیکن بات نہ بنی ایک دن ان کے دفتر میں حاضر ہو کر دفتر کا پنکھا اٹھانے کی بات ہوئی تو کہنے لگے میرے دفتر کا پنکھا کون اٹھائے گا پنکھا میں نے اُٹھالیا تو فوراً گویا ہو کہ مجھے صرف ایک ہی اُمید تھی کہ تم ہی یہ پنکھا اُٹھاؤ گے پھر مجھے علیحدہ بلایا اور کہا کہ پتر اتیری استانی (ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ محترمہ) آلو والے پراٹھے بڑے اچھے بناتی ہے کل صبح ناشتے پر میرے گھر آنا۔ بہر حال ان کی خوبی تھی کہ بندے کو شیشے میں اتار لیتے۔ ایک دفعہ مجھے کہتے آپ کی آنکھوں میں عقاب کی آنکھوں والی چمک ہے۔ تمہیں اخبار میں نوکری نہ دلوادوں اس طرح کی باتیں وہ دوسرے طلباء سے بھی کرتے اور اپنی شخصیت کے سحر میں مبتلا کرتے رہتے۔ تدریسی ماتحت عملہ کے بارے میں اتنا مثبت رویہ نہ رکھتے تھے لیکن شعبہ کے نظم وضبط بارے ہمیشہ فکر مند رہتے۔

خلیق اور بردبار انسان تھے ان کی یاد ہمیشہ آتی ہے جب بھی دوست احباب مل بیٹھتے ہیں ان کا ذکر ہمیشہ اچھے الفاظ میں ہوتا ہے۔ اللہ پاک جنت میں ان کے درجات بلند فرمائیں۔ **آمین یا رب العالمین**

★★★★★

members and staff of the Institute to keep their predecessors' names and works alive are much appreciable. In this regard the family specially acknowledges the dedication, love and contributions of Prof. Dr. Jamila Shaukat. May Allah bless all those who are associated with the Institute of Islamic Studies in any capacity, guide them to the right path, grant them success, reward them and elevate their status in both this world and the Hereafter. Aameen!

With profound regards and request for prayers,
All family members of Prof. Dr. Aman Ullah Khan

25th May, 2023
Lahore, Pakistan

★★★★★

organizational leadership and management subjects to executive students at IBA and IAS, University of the Punjab, as visiting faculty member. His third son, Imran Ahmad Khan is an experienced and highly competent engineer, presently appointed as Chief Engineer in Sui Northern Gas Pipelines Ltd (SNGPL), and serving the nation with commitment and devotion. The youngest son, Irfan Ullah Khan after completing Master of Business Administration, successfully worked at renowned industrial setups in different managerial capacities and is recognized as an honest, outstanding and talented manager. His daughter, Sadaf Khan whom he loved the most among his children, achieved many academic distinctions including President Talent Award and a gold medal in MSc Botany for obtaining the first position from Lahore College for Women University. She has also been working there as Assistant Controller. Entire family members greatly admire his guidance, teachings and endeavors in their intellectual and moral development.

He always taught to have unwavering belief in Almighty Allah and to follow the Sunnah (traditions) of the Holy Prophet Hazrat Muhammad (peace and blessings of Allah be upon him). He always upheld the principles of honesty, truthfulness, piety, modesty, simplicity, self-sacrifice, humility, forthrightness, selflessness and altruism, and at the same time endeavored to instill these qualities in his children and students. This celebrated scholar of Islam left for his final abode on 17th February, 2006 and was buried at the graveyard of Quaid-e-Azam Campus, University of the Punjab, Lahore. May Allah accept his sincerity to strengthen Pakistan and dedicated efforts for the cause of nation building. May Allah reward him for his devotion in spreading the light of Islam. May Allah shower His blessings upon him and grant him the highest place in *'Jannat-ul-Firdous'*. Aameen!

We all cherish the pleasant memories associated with the Institute of Islamic Studies. There has always been a strong institutional culture of mutual respect and affection among the faculty members, staff and the students. Participation in each other's moments of happiness and grief, speaks volumes of the strength of the organizational culture. The family like atmosphere, mutual respect, caring attitude and effective management demonstrated during the excursions, specially the northern areas trips was commendable and unforgettable. Efforts of all faculty

Muslim scientists and philosophers' contributions in the advancement of natural and social sciences, awakening and enlightenment of the humanity, and towards culture and civilization; Islamic judicial system; Islamic concept human resource development; contemporary challenges faced by Pakistan and the Ummah and their solutions taking into account the governance model of the State of Madinah and the Pious Caliphs. Besides that, he was a distinguished speaker who kept on sharing his prolific thoughts at Radio Pakistan and Pakistan Television on the teachings of the Holy Qur'an and Sunnah, and gave solutions to multidimensional issues related to Pakistani society and the present-day Islamic world. He delivered around one thousand such speeches. PTV's popular weekly program *'Tajalli'* (literally meaning manifestation, revelation or disclosure) was hosted by him, where discussions of great academic and practical value were generated. He was member of more than twenty learned academic bodies. He participated in more than fifty national and international conferences and delivered lectures to Pakistan's military leadership, judicial officers, civil bureaucracy and other students as guest speaker at National Defence University Islamabad, Command and Staff College Quetta, National Institute of Public Administration Lahore, Pakistan Administrative Staff College, Civil Services Academy Lahore, WAPDA Staff College, University Grants Commission (present day Higher Education Commission), Ulema Academy, International Institute of Economics, and many other reputable institutions.

We the family members of Prof Dr. Aman Ullah Khan, remember him as an affectionate father, a loving husband and a caring brother. He together with our mother, Mrs. Farhat Ara Aman (may Allah have mercy on her) – an educated, simple, selfless, kind-hearted, thoroughly dedicated and practicing Muslim lady, groomed us to become good human beings, devoted Muslims and patriot Pakistanis. His son, Wing Commander Rizwan Ullah Khan, an outstanding fighter pilot of Pakistan Air Force embraced *'Shahadat'* (martyrdom) in the line of duty in 2005, and was awarded *'Sitara-e-Basalat'* (posthumously), the highest non-operational gallantry award of Pakistan Armed Forces. His eldest son, Major Salman Ahmad Khan Zaighum fought 'Siachin War' and was also decorated with *'Sitara-e-Basalat'*. After retirement from Pakistan Army, he did MPhil and has been teaching

the prestigious Department of Islamic Studies at University of the Punjab, Lahore in the year 1963.

Allama Ala-ud-Din Siddiqui, then chairman of the department who later became Vice Chancellor of University of the Punjab, soon selected his brilliant student Aman Ullah Khan for the doctorate of philosophy, considering his talent in research. Under his able guidance and supervision, he completed his PhD in 1971, "A Critical Study of Al-Bladhuri as a Historiographer" that was the first ever PhD produced by the department and also first ever indigenous PhD in Islamic studies from Pakistan (http://pu.edu.pk/images/Departments/Islamic-Studies/List-thesis-MPhil-PhD.pdf). Dr. Aman Ullah Khan had the honor of supervising twenty-four PhDs, accomplished by Islamic studies students that included foreign nationals who had come to Pakistan for their doctorate (details in the reference quoted above). He was promoted as Assistant Professor in 1970, Associated Professor in 1978 and Professor in 1982. He was the favorite teacher of students who enlightened their thoughts and always created an atmosphere of interest in the class. Besides students' learning, he always focused on their character building. He remained Chairman of the Islamic Studies Department for ten years. His efforts helped in establishing a strong foundation of research culture in the Institute and strengthened its reputation at national and international levels.

Prof. Dr. Aman Ullah Khan had a tremendous aptitude for research. His published work includes hundreds of research articles to his credit. He remained member of the editorial boards of reputed research journals. His research focused on the importance and applicability of the concepts of science, exploration of the universe, welfare state and society, equity and justice, social justice, economic justice, governance, human development, human rights and responsibilities, women education and rights, labor rights and dignity of work, moral development, respect and dignity, accountability, tolerance and universal brotherhood, in the light of the Holy Qur'an, Seerah (life) of the Holy Prophet Hazrat Muhammad (peace and blessings of Allah be upon him), Fiqh (Muslim jurisprudence), Islamic history and the works of the great philosophers like Imam Ghazzali, Al-Farabi, Ibn-e-Sina, Ibn-e-Khaldun, Shah Wali Ullah and Allama Muhammad Iqbal. He extensively wrote on the relation of Islam and science, modern political, social and economic system;

* Salman Ahmad Khan Zaighum

# Prof. Dr. Aman Ullah Khan
## Family Memoirs

In the name of Allah, the most Beneficent the most Merciful. Praise be to Allah, the Cherisher and Sustainer of the Worlds. Peace and blessings of Allah be upon Hazrat Muhammad (PBUH), and upon his relatives and the companions.

Prof. Dr. Aman Ullah Khan (may Allah have mercy on him), former Chairman Department of Islamic Studies, University of the Punjab, Lahore was born on 25th of April, 1933 at Kharian in a respectable family that had deep roots for the love of Islam and its teachings. His father Mr. Muhammad Usman Khan and grandfather Mr. Qudrat Ullah Khan were devoted Muslims and well-known for their passion for knowledge and learning. His mother Mohtarma Sultan Begum was a practicing Muslim lady.

His family had preserved a large collection of books of great scholastic value which proved to be a source of great inspiration for their son in the quest of knowledge and wisdom. In those days, matriculation exams were conducted by University of the Punjab. Young Aman Ullah Khan passed that exam in first division. In view of his interest in further education his parents decided to shift to Lahore, where he kept on pursuing his academic goals. After doing Masters of Arts in the subjects of Islamic Studies and History in 1958 and 1959 respectively, he was appointed Asia Foundation Research Fellow in 1961. He was selected lecturer in

* MSBA scholar at Lahore Garrison University, Pakistan

## ادارہ علوم اسلامیہ کی اساتذہ محترم کی تالیفات












# اُردو مقالات

*ڈاکٹر امان اللہ خان

# میثاق مدینہ کی اہمیت و افادیت

ایک عظیم الشان ریاست کی تاسیس اور تدبیر و تنظیم سرکار دو عالم ﷺ کا وہ کارنامہ ہے جس کی نظیر تاریخ انسانی میں نہیں ملتی۔ ایک ایسی شخصیت جسے اپنے ہم وطنوں نے وطن چھوڑ دینے پر مجبور کر دیا جو ہجرت کے سفر کی مشکلات برداشت کرتے ہوئے 1ھ میں یثرب (مدینہ) پہنچتی ہے اور اس شہر کے چند محلوں پر مشتمل ایک شہری ریاست قائم کرتی ہے۔ یہ ریاست اوسطاً ۲۷۴ مربع میل فی یوم کی بے نظیر سرعت کے ساتھ بڑھ کر دس سال کی قلیل مدت میں دس لاکھ مربع میل ہو جاتی ہے۔ پورا عرب جس میں لاقانونیت اور انتشار کی کیفیت تھی اور جس نے ایک جھنڈے ایک قانون اور ایک حکومت کے ماتحت اکٹھا ہونا سیکھا ہی نہیں تھا یک پرچم اسلام کے نیچے متحد و منظم ہو جاتا ہے اور پیغمبر آخر الزمان کی روحانی وسیاسی قیادت کو تسلیم کر لیتا ہے۔

آنحضور ﷺ قبائلی عصبیت و قومیت کے بت کو پاش پاش کر کے اس کی جگہ پر ایک عالمگیر برادری قائم کرتے ہیں۔ رنگ، نسل، خاندان، زبان اور وطن سے بالاتر ایک امت اور ملت کا قیام

---

* ماہنامہ فکر و نظر، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، مئی ۱۹۷۸ء، ص ۴۵۔۶۱

عمل میں لاتے ہیں۔ غیر مسلموں اور مختلف مذہبی گروہوں کے حقوق و فرائض کا تعین ہوتا ہے۔ ریاست اور شہریوں کے حقوق و فرائض کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

انصاف اور قانون کی حکومت قائم ہوتی ہے اور قانون کے سامنے مساوات کا اصول تسلیم کیا جاتا ہے۔ انتظامیہ، مقننہ اور عدلیہ کے اصول وضوابط مرتب ہوتے ہیں۔ شوریٰ کی فضیلت قائم ہوتی ہے۔ انسانی شرف و عظمت کی حرمت قائم ہوتی ہے۔ شہریوں کی روحانی و اخلاقی، معاشرتی و معاشی اور تعلیمی و سیاسی زندگی کے ضابطے وضع کر کے ان کا عملی نفاذ کیا جاتا ہے۔ قوانین صلح و جنگ مرتب ہوتے ہیں، خارجہ پالیسی کے اصول اور طریق کار کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ الغرض انسانی معاشرے کی تشکیل و تعمیر اور فلاح و بہبود نیز ایک اعلیٰ وارفع اسلامی فلاحی مملکت کے قیام کے سلسلے میں جتنے بھی ضروری اقدامات ہوسکتے ہیں کیے جاتے ہیں۔

ان سارے موثر انتظامات کا اثر یہ ہوا کہ جب ربیع الاول سنہ ۱۱ھ میں ھادی دو جہاں اس دنیا سے رخصت ہوئے تو کم و بیش پورا عرب آپ کی سیادت کا دم بھر رہا تھا اور آپ اپنے پیچھے ایک ایسی منظم امت چھوڑ گئے جو اعلیٰ اخلاق، ایثار و اخلاص اور اتحاد و ایمان کی دولتوں سے مالامال تھی۔ رنگ و نسل، خاندان و زبان اور علاقے کے امتیازات سے بالاتر اس ملت نے آپ کے مشن کو جاری رکھا اور پوری نسل انسانی کو اس نئے نظام حیات کی برکتوں سے مالامال کر دیا۔ نتیجۃً پورا عالم ایک ایسی خوشگوار تہذیبی و تمدنی تبدیلی سے ہمکنار ہوا جس کی مثال اس سے پہلے تاریخ انسانی میں نہیں ملتی۔

ایک نئی ریاست اور جدید معاشرے کی تاسیس و تشکیل کے سلسلے میں میثاق مدینہ کو بڑی اہم اور بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ آنحصور ﷺ جب سنہ ۱ھ میں مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو بہت سے مسائل کی طرف فوری توجہ دینے کی ضرورت تھی۔ مثلاً:

۱۔ اہل اسلام کو یکجا اور متحد کر کے انہیں ایک امت و ملت بنانے کی ضرورت تھی۔

۲۔ مسلمانوں کی روحانی و معاشرتی اصلاح و تربیت کا مسئلہ درپیش تھا۔

۳۔ مدینے میں بسنے والے مختلف گروہوں کے باہمی تعلقات کو منضبط کرنا ایک اہم ترین مسئلہ تھا بالخصوص جب کہ مدینے میں یہود کے دس قبائل اور اوس و خزرج کے بارہ قبائل آباد تھے۔ اوس و خزرج میں مسلمان بھی تھے اور بت پرست بھی۔ اوس و خزرج اسلام کی آمد سے پہلے باہم ایک خونریز جنگ میں مبتلا رہ چکے تھے جسے جنگ بعاث کہا جاتا ہے۔ قبائلی عصبیت پورے زوروں پر تھی۔

۴۔ اسی طرح ایک مسئلہ شہر کی سیاسی تنظیم اور اس کے تحفظ و دفاع کا انتظام تھا۔

سرکار دو عالم ﷺ نے کمال دانائی اور حکمت سے ان تمام مذکور مسائل کو پوری کامیابی سے حل کیا، مثلاً:

۱۔ ایک اُمت بنانے کے لیے اہل اسلام کو رنگ و نسل کے امتیازات سے بالاتر کر کے انہیں رشتہ اخوت میں یہ کہتے ہوئے **انما المؤمنون اخوۃ. واذ کروا نعمۃ اللہ علیکم اذ کنتم اعداء فألف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا** منسلک کر دیا۔ اس طرح خاندانی، قبائلی اور خونی رشتوں پر رشتہ اسلام کو ترجیح حاصل ہوئی اور ایک ایسی نئی ملت تیار ہوئی جو خالص دینی اور انسانی اقدار پر مبنی تھی۔ اسے ایک خدا، ایک رسول، ایک کتاب، ایک قبلے اور ایک ہی مقصد زندگی سے وابستہ کر دیا گیا۔

۲۔ مسلمانوں کی روحانی و معاشرتی تربیت و اصلاح اور ان میں مرکزیت پیدا کرنے کے لئے مسجدِ نبوی کی تعمیر ہوئی اور مسجد مسلمانوں کی روحانی، سماجی، تعلیمی و عدالتی سرگرمیوں کا مرکز و محور قرار پائی۔

۳،۴۔ مدینے میں بسنے والے مختلف گروہوں کے باہمی تعلقات اور حقوق و فرائض کو متعین و منضبط کرنے کے لئے نیز اس شہر کی سیاسی تنظیم اور تحفظ و دفاع کے لئے ایک تحریری معاہدہ کیا گیا جسے ہم **میثاقِ مدینہ** کے نام سے پکارتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے اس معاہدے کی اہمیت کے پیشِ نظر اسے ایک ایسے وقت میں تحریر کروایا جب قرآن حکیم نازل ہو رہا تھا۔

اور صحابہ کرام کو یہ واضح ہدایت تھی کہ وہ آپ سے قرآن حکیم کے سوا کچھ نہیں لکھیں گے۔ اس میثاق کے لئے آپ نے **کتاب** اور **صحیفے** کے الفاظ استعمال فرمائے جس سے اس دستاویز کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنی مشہور کتاب The First Written Constitution in the World میں مضبوط دلائل سے یہ ثابت کیا ہے کہ میثاق مدینہ دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور ہے جسے خود ریاست کے حاکم اعلیٰ نے نافذ کیا(1)

میثاق مدینہ کی تفصیلات کا علم ہمیں مختلف بنیادی اور ثانوی مآخذ و مصادر سے ہوتا ہے۔ وہ اہم بنیادی مآخذ جنہوں نے اس معاہدے کی مکمل تفصیلات درج کی ان میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ محمد ابن اسحاق کی **السیرۃ النبویۃ** جس کا فارسی اور انگریزی ترجمہ دستیاب ہے۔

۲۔ ابن ھشام کی **السیرۃ النبویۃ**

۳۔ امام ابو عبید القاسم بن سلام کی **کتاب الاموال**

۴۔ حافظ ابن کثیر کی **البدایۃ والنہایۃ**

محمد ابن سعد، البلاذری، ابن جریر طبری، ابن خلدون اور دیگر قدیم مؤرخین نے اس معاہدے کا ذکر ضرور کیا ہے مگر تفصیلات درج نہیں کیں۔ احادیث کی کم و بیش جملہ اہم کتابوں میں اس معاہدے کا ذکر ہے مگر تفصیلات موجود نہیں ہیں۔ معروف اہلِ علم مثلاً علامہ زرقانیؒ، مقریزیؒ اور **لسان العرب** کے عظیم مؤلف ابن منظور نے بھی میثاق مدینہ پر جزوی روشنی ڈالی ہے۔

ثانوی مآخذ میں زیادہ اہم یہ ہیں:

۱۔ ڈاکٹر حمید اللہؒ کی کتاب **الوثائق السیاسیۃ** جس کا اردو ترجمہ **سیاسی وثیقہ جات** کے عنوان سے شائع ہو چکا ہے۔

۲۔ ڈاکٹر حمید اللہؒ کی ایک دوسری کتاب **عہد نبوی میں نظام حکمرانی**

۳۔ The First Written Constitution in the World

۴۔ ولہاوزن اور کیتانی کی کتابیں جن کا ذکر پروفیسر منٹگمری واٹ اور ڈاکٹر حمید اللہ نے بھی کیا ہے۔

۵۔ پروفیسر منٹگمری واٹ کی کتاب Muhammad at Medina

۶۔ مجید خدوری کی کتاب War and Peace in the Law of Islam

۷۔ لیوی کی کتاب Social Structure of Islam

۸۔ قاضی سلیمان منصور پوری کی کتاب **رحمۃ للعالمین**

۹۔ جسٹس امیر علی کی کتاب The Spirit of Islam

اس معاہدے کے مستند ہونے میں کوئی شک نہیں۔ بعض اہلِ علم کا یہ اعتراض کہ اس معاہدے کے ضمن میں محمد ابن اسحاق اپنے سے پہلے راویوں کا ذکر نہیں کرتا دیگر قوی تاریخی شواہد کی بنا پر رفع ہو جاتا ہے۔ امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ) بڑے پائے کے قابل اعتماد ثقہ عالم ہیں۔ انہوں نے یہ معاہدہ امام محمد بن مسلم المعروف بابن شہاب زہری (۵۸ تا ۱۲۴ھ) کی سند سے بیان کیا ہے۔ اس سلسلے میں آپ کی کتاب **الاموال** میں یہ عبارت درج ہے:

> آنحضرت ﷺ کا عہد نامہ جو آپ نے مدینہ تشریف آوری پر مؤمنین اور مدینہ والوں کے درمیان لکھوایا، جس میں مدینے کے یہود سے مصالحت کا بیان بھی ہے۔
>
> ابن شہاب کہتے ہیں مجھے روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ معاہدہ تحریر کروایا۔([2])

اس معاہدے کی ایک اہم شق کہ: بنی عوف کے یہود بذاتِ خود اور اپنے حلفاء و موالی کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے ساتھ ایک جمعیت ہوں گے۔۔۔ کی وضاحت کرکے امام ابو عبید نے بعد میں آنے والے محدثین کی الجھن دور کر دی۔ امام موصوف کہتے ہیں: معاہدے کی اس شق سے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ دشمنان اسلام کے خلاف (جنگ کی صورت میں) شرط کے مطابق اخراجات کے ذریعہ مسلمانوں کی مدد کرتے رہیں گے۔ رہ گیا دین کا مسئلہ سو وہ بالکل جداگانہ ہے۔

اس سے ان کا کوئی تعلق نہیں یہی سبب ہے کہ اس سے آگے ہی آپ نے تصریح فرمادی کہ یہود اپنے دین پر کاربند رہیں گے اور مؤمنین اپنے دین پر۔(3)

المقریزی کے بیان کے مطابق یہ تحریر شدہ دستور آنحضور ﷺ کی تلوار سے لٹکا رہتا تھا۔ آنحضور ﷺ کے بعد یہ تلوار حضرت علیؓ کو ملی۔ حضرت علیؓ نے اس دستاویز کے کچھ حصے کوفہ میں لوگوں کو پڑھ کر سنائے۔(4)

اس معاہدے کے مستند ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ پوری عبارت میں کوئی بھی ایسی شق نہیں جو اسلام کی پالیسی یا اسلامی تعلیمات کے خلاف ہو۔ مزید برآں یہ ایک مسلسل اور مرتب عبارت ہے جو ظاہر کرتی ہے کہ اس کا مصنف ایک ہی تھا۔

پھر دور حاضر کے کم و بیش جملہ مستشرقین اور مسلمان اہل علم اس میثاق کے مستند ہونے کے قائل ہیں۔

## معاہدے کی تحریر کی تاریخ

اس معاہدے کی تاریخ کے بارے میں قدیم مؤرخین و محدثین کے ہاں کوئی واضح اختلاف نہیں پایا جاتا۔ سب ہی اسے ہجرت مدینہ کے فوری بعد اور غزوہ بدر سے پہلے کا معاہدہ قرار دیتے ہیں۔ امام ابوعبید کہتے ہیں:

> ہماری رائے میں یہ معاہدہ رسول اللہ ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کے آغاز کے وقت کیا گیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب اسلام کو استحکام و غلبہ حاصل نہیں ہوا تھا۔ اور نہ ہی اس وقت تک اہل کتاب سے جزیہ لینے کا حکم صادر ہوا تھا۔ یہ (مدینہ کے) اہل کتاب تین گروہوں پر مشتمل تھے۔ بنو قینقاع، بنونضیر اور بنو قریظہ۔(5)

دور جدید کے اہل علم نے میثاقِ مدینہ کی تاریخ کو بھی موضوع بحث بنایا ہے۔ ولہاوزن اور کیتانی اسے غزوہ بدر سے پہلے کی دستاویز گردانتے ہیں۔ مجید خدوری بڑے یقین سے اسے غزوہ بدر سے پہلے کی دستاویز قرار دیتے ہیں۔(6) پروفیسر منٹگمری واٹ نے اس ضمن میں فکر انگیز بحث کی

ہے اور اس خیال کا اظہار بھی کیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ معاہدہ بنو قریظہ کے خاتمے کے بعد کیا گیا ہو۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا ہے کہ یہ سب تخمین و ظن ہی ہے۔[7] ڈاکٹر حمید اللہ نے معاہدے کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے اور یہ رائے قائم کی ہے کہ اس کا پہلا حصہ غزوہ بدر سے پہلے کا ہے اور دوسرا حصہ غزوہ بدر کے بعد کا۔ آپ نے بڑی تفصیلی بحث کی ہے اور مضبوط عقلی دلائل دیئے ہیں لیکن قدیم مآخذ سے کوئی واضح حوالہ نہیں دیا۔[8]

مقالہ نگار کی رائے میں یہ معاہدہ مکمل طور پر غزوہ بدر سے پہلے ہی لکھا گیا۔ بنو قینقاع جو اس معاہدے کے ایک فریق تھے، انہیں غزوہ بدر کے ایک ہی ماہ بعد اس معاہدے کی خلاف ورزی کرنے پر مدینے سے نکال دیا گیا تھا۔ ابن اسحاق نے اس واقعے کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

**قال ابن اسحاق و حدثنی عاصم بن عمر بن قتادة۔ ان بنی قینقاع کانوا اول یہود نقضوا مابینھم وبین رسول اللہﷺ وحاربوا فیما بین بدر و احد۔[9]**

ابن اسحاق نے عاصم بن عمر بن قتادہ سے روایت کی کہ یہودیوں میں سب سے پہلے بنو قینقاع نے اس معاہدے کو توڑا جو ان کے اور آنحضورﷺ کے درمیان تھا اور انہوں نے غزوہ بدر اور اُحد کی درمیانی مدت میں لڑائی کی۔

اسی طرح کا بیان محمد ابن سعد کا بھی ہے۔[10] یہ عبارت اس بات کو پوری طرح سے واضح کرتی ہے کہ آنحضورﷺ نے یہ معاہدہ جملہ یہود سے، جن میں بنو قینقاع بھی موجود تھے، غزوہ بدر سے پہلے ہی کیا تھا۔ رہ گیا یہ مسئلہ کہ معاہدے کے متن میں باقاعدہ طور پر بنو قینقاع، بنو نضیر اور بنو قریظہ کا نام درج نہیں ہے تو اس کا ایک واضح جواب یہ ہے کہ ان قبائل کو اوس و خزرج کے حلفاء کی صورت میں معاہدے میں شریک کیا گیا۔ ان تینوں قبائل کا اوس و خزرج کے ساتھ حلیف ہونا مضبوط تاریخی شواہد سے ثابت ہے۔ ابن ھشام کی درج ذیل عبارت اس معاہدے پر خوب روشنی ڈالتی ہے:

**فکانوا اذا کانت بین الاوس والخزرج حرب خرجت بنو قینقاع مع الخزرج و خرجت النضیر والقریظة مع الاوس یظاھر کل واحد من الفریقین حلفاه، علی اخوانه۔**(11)

جب کبھی اوس و خزرج میں لڑائی ہوئی تو بنو قینقاع خزرج کے ساتھ نکلتے اور بنو نضیر اور بنو قریظہ اوس کے ساتھ نکلتے اور ان دونوں فریقوں میں سے ہر ایک اپنے اپنے حلیف کی مدد کرتا تھا بمقابلہ اپنے بھائیوں کے۔

## میثاقِ مدینہ کا متن

ابن ھشام کی **کتاب السیرۃ** اور ابو عبید کی **کتاب الاموال** میں درج شدہ میثاقِ مدینہ چھوٹے بڑے ملے جلے فقروں پر مشتمل ہے۔ دورِ جدید کے اکثر علماء نے ان فقروں کو دستوری دفعات کی صورت میں بیان کیا ہے۔ ولھاوزن نے اس دستاویز کو سینتالیس (۴۷) دفعات پر منقسم کیا ہے۔ اکثر مغربی مؤرخین نے اسی تقسیم کو تسلیم کیا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ نے اس دستاویز کی باون (۵۲) دفعات گنوائی ہیں لیکن ایسے قارئین کو جو یورپی مآخذ کا مطالعہ بھی کرتے ہیں الجھن سے بچانے کے لیے ان دفعات کی تعداد سینتالیس (۴۷) ہی رکھی ہے اور بعض بڑی دفعات کو الف اور ب دو اجزا پر تقسیم کر دیا ہے۔

یہ معاہدہ واضح طور پر دو حصوں میں تقسیم ہے۔ پہلے حصے میں تیئس (۲۳) دفعات ہیں اور دوسرے میں چوبیس (۲۴)۔ پہلا حصہ مسلمانوں کے باہمی تعلقات اور حقوق و فرائض کی نشاندہی کرتا ہے جب کہ دوسرا حصہ اہل اسلام اور یہود اور دیگر اھالیان مدینہ کے باہمی تعلقات، حقوق و فرائض اور دیگر اہم امور کی وضاحت کرتا ہے۔

مقالہ نگار کے نزدیک چونکہ صاحب کتاب **الاموال** امام ابو عبید القاسم بن سلام کا متن سب سے زیادہ مستند ہے اس لئے ذیل میں وہی درج کیا جاتا ہے۔

- یہ محمد نبی ورسول اللہ ﷺ کا عہد نامہ ہے جو قریشی اور مدنی مؤمنین و مسلمین کے درمیان نیز ان لوگوں کے درمیان جو ان کی پیروی کر کے ان میں اس طرح آملیں کہ ان کے ساتھ رہیں اور ان کے ساتھ مل کر جہاد کریں، یہ سب لوگ مل کر دوسرے لوگوں سے الگ ہو کر ایک جماعت قرار پائیں گے۔
- قریشی مہاجرین اپنے نظام قبیلہ کے مطابق باہم اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے۔ اسی طرح وہ اپنے قیدیوں کا فدیہ اہلِ ایمان میں مروجہ دستور و انصاف سے ادا کریں گے۔
- بنو حارث بن خزرج اپنے نظام کے مطابق اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین میں مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- بنو ساعدہ اپنے نظام کے مطابق اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- بنو جشم اپنے نظام کے مطابق اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- بنو نجار اپنے نظام کے مطابق اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- بنو عمرو بن عوف اپنے نظام کے مطابق اپنی پہلی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- بنو نبیت اپنے نظام کے مطابق اپنی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔
- اور بنو اوس اپنے نظام کے مطابق اپنی دیتیں ادا کریں گے اور ان کا ہر گروہ اپنے قیدی کا فدیہ مؤمنین کے مروجہ دستور و انصاف سے دے گا۔

- مؤمنین اپنے کسی زیر بار قرض دار کو بے یار و مدد گار نہیں چھوڑیں گے بلکہ قاعدہ کے مطابق فدیہ، دیت اور تاوان ادا کرنے میں اس کی مدد کریں گے اور یہ کہ مؤمنین متحد ہو کر ہر اس شخص کی مخالفت کریں گے جو ان میں سے مؤمنوں کے درمیان ظلم، گناہ، زیادتی، سرکشی اور فساد و بغاوت کا موجب ہو گا۔ وہ سب اس کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں گے خواہ وہ ظالم ان میں سے کسی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔
- کوئی مؤمن کسی مؤمن کو کافر کے بدلے قتل نہیں کرے گا اور نہ مؤمن کے خلاف وہ کسی کافر کی مدد کرے گا۔
- اہلِ ایمان دوسرے لوگوں سے الگ آپس میں ایک دوسرے کے مدد گار و کارساز ہوں گے۔
- یہودیوں میں سے جو بھی ہمارا تابع ہو جائے گا اس کے ساتھ دستور کے مطابق معاملہ کیا جائے گا اور انصاف و مساوات کا سلوک رکھا جائے گا، ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا، اور نہ ہی ان کے خلاف کسی کی مدد کی جائے گی۔
- مؤمنین کی صلح یکساں اور برابر کی حیثیت رکھتی ہے۔ کوئی مؤمن قتال فی سبیل اللہ میں دوسرے مؤمن سے الگ ہو کر صلح نہیں کرے گا، اسے مسلمانوں کے درمیان مساوات و عدل ملحوظ رکھنا ہو گا۔ ہر غازی جماعت کے افراد آپس میں ایک دوسرے کے جانشین ہوں گے۔
- متقی مؤمنین اس معاہدے کی شرائط پر کاربند رہیں گے۔
- کوئی مشرک قریش کے مال کو پناہ نہیں دے گا اور نہ ہی کسی مؤمن کے مقابلے میں وہ (مشرکین) قریش کی مدد کرے گا۔
- جو کسی مؤمن کا ناحق خون کرے گا اسے مقتول کے بدلے قتل کیا جائے گا الا یہ کہ اس مقتول کا ولی اس کے بدلے خون بہا لینے پر رضامند ہو جائے اور تمام مؤمن قاتل کے خلاف رہیں گے۔
- کسی مؤمن کے لئے جو اس معاہدے کی پابندی کا اقرار کر چکا ہے یا اللہ اور روز آخرت پر ایمان لا چکا ہے یہ جائز نہ ہو گا کہ وہ کسی قانون شکن کی مدد کرے یا اسے پناہ دے۔ جو ایسے

مجرم کی مدد کرے گا یا پناہ دے گا تو اس پر قیامت کے دن تک اللہ تعالیٰ کی لعنت اور اس کا غضب ہو گا، اس سے توبہ قبول کی جائے گی اور نہ ہی فدیہ۔

- اور تم لوگ (مؤمن) جب بھی کسی معاملہ میں باہم اختلاف کرو گے تو اس کے فیصلے کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی طرف رجوع ہو گا۔
- مؤمنین جب تک جنگ میں مصروف رہیں گے جنگی اخراجات میں یہودی ان کے شریک رہیں گے۔
- بنی عوف کے یہود بذات خود اور اپنے حلفاء و موالی کے ساتھ مل کر مؤمنین میں سے ایک جماعت ہوں گے۔([12]) یہودی اپنے دین پر کاربند رہیں گے اور مؤمنین اپنے دین پر البتہ جس نے ظلم و گناہ کیا وہ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو تباہی میں ڈالے گا۔
- بنی نجار کے یہودیوں کے لئے بھی وہی کچھ مراعات ہیں جو بنی عوف کے یہودیوں کے لئے ہیں اور بنی حارث کے یہودیوں کے لئے بھی وہی کچھ ہے جو بنی عوف کے یہودیوں کے لئے ہے۔ بنی جشم کے یہود کے لئے بھی وہی کچھ ہے جو بنی عوف کے یہود کے لئے ہے اور بنو ساعدہ کے یہود کے لئے بھی وہی کچھ ہے جو بنی عوف کے یہود کے لئے ہے۔ اور اوس کے یہود کے لئے بھی وہی کچھ ہے جو بنی عوف کے یہود کے لئے ہے۔ لیکن جس نے ان میں سے ظلم و زیادتی کی تو وہ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو تباہی میں ڈالے گا۔
- اور ان قبائل میں سے کوئی فرد محمد ﷺ کی اجازت کے بغیر (مدینہ سے) باہر نہیں نکلے گا۔
- اس معاہدے کے شرکاء سے جو جنگ کرے تو تمام شرکاء اس کے خلاف آپس میں ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے خیر خواہ رہیں گے اور ہر حال میں مظلوم کی مدد کریں گے۔
- اس معاہدے والوں کے لئے مدینہ کی حدود میں داخلہ علاقہ حرم کی حیثیت رکھے گا۔

- اس معاہدے والوں کے درمیان جو بھی نیا معاملہ یا قانون شکنی کا واقعہ پیش آئے گا جس سے نقصان اور فساد کا امکان ہو تو اس کے فیصلے کے لئے اللہ اور محمد نبی ﷺ کی طرف رجوع کیا جائے گا۔
- جو یثرب (مدینہ) پر یلغار کرے گا تو یہ معاہدہ کرنے والے باہمی امداد سے اس کا جواباً مقابلہ کریں گے۔
- ان (مسلمانوں) میں سے جو اپنے حلیف کے ساتھ صلح کرنے کے لئے یہود کو دعوت دے تو یہود اس سے صلح کر لیں گے۔ اسی طرح اگر وہ (یہود) ہمیں کسی ایسی ہی صلح کی دعوت دیں تو مؤمنین بھی اس دعوت کو قبول کریں گے۔ ہاں اگر وہ حلیف دین (اسلام) سے بر سر پیکار ہوں تو اس سے صلح نہیں کی جائے گی۔
- اخراجات میں تمام لوگ اپنے اپنے حصے کے ذمے دار ہوں گے۔
- اوس (قبیلہ) کے یہود بذاتِ خود اور ان کے حامی وحلفاء اس عہد نامہ پر خوبی وعمدگی سے عمل پیرا ہونے والوں کے ساتھ رہیں گے۔
- گناہ کی حدود سے ورے نیکی اور وفاداری ہے۔ ہر کام کرنے والا اپنے عمل کا ذمہ دار ہو گا۔ زیادتی کرنے والا اپنے نفس پر زیادتی کرے گا۔
- اس معاہدہ پر سچائی اور نیکی سے کاربند رہنے والوں (کی پشت) پر اللہ ہے۔
- یہ معاہدہ ظالم اور گناہ گار کو اس کے عمل بد کے انجام سے نہیں بچائے گا۔ جو (مدینے سے) باہر نکل جائے وہ مامون رہے گا اور جو (مدینہ) میں بیٹھا رہے گا وہ بھی مامون ہو گا لیکن جو ظلم وگناہ کرے گا وہ مامون نہیں رہے گا۔
- اس معاہدے کے (پابند کہلانے کے) زیادہ مستحق وہی ہوں گے جو نیکوکار اور وفادار ہوں گے۔([13])

## میثاقِ مدینہ کی اہمیت وافادیت

میثاقِ مدینہ کا غائر نظر سے مطالعہ کرنے کے بعد اس معاہدے کی اہمیت وافادیت کے بارے میں جو اہم باتیں معلوم ہوتی ہیں، وہ یہ ہیں:

۱۔ اس معاہدے کی بدولت مدینے کی شہری ریاست کا آغاز ہوا اور آنحضور ﷺ اس ریاست کے سربراہ تسلیم کرلئے گئے اور آپ ایک بین الاقوامی معاشرہ تشکیل دینے میں مصروف ہوگئے۔ بقول جسٹس امیر علی یہ معاہدہ آپ کی عظمت کی ایک واضح دلیل ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بقول ایک معروف مستشرقین میور صرف اپنے دور کے ہی عظیم ترین انسان نہیں تھے بلکہ آنے والے تمام زمانوں کی عظیم ترین ہستی تھے۔ آپ نے ایک عظیم مدبر حاکم اور سیاست دان کی طرح مختلف الخیال اور مختلف العقیدہ اور آپس میں منتشر لوگوں کو متحد اور یکجا کرنے کا کام بڑی مہارت سے سرانجام دیا۔ آپ ایک ریاست، ایک کامن ویلتھ اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینے میں کامیاب ہوئے جو بین الاقوامی اصولوں پر مبنی تھا۔(14)

۲۔ اس دستاویز کی بدولت سرکار دو عالم ﷺ نے عدالتی، تشریعی، فوجی اور تنفیذی اختیارات اپنے لئے محفوظ کرلئے۔

۳۔ آنحضور ﷺ نے سیاست میں اخلاقی عناصر کو داخل کیا۔ اصل سرچشمہ اقتدار اللہ تعالیٰ کو قرار دیا اور خود اللہ تعالیٰ کے نائب کی حیثیت اختیار کی۔

۴۔ شہریت، تنظیم حکومت، سیاسی رواداری، فراست، اور حکمت عملی کا اظہار بھی اسی معاہدے سے ہوا۔

۵۔ اس معاہدے کی بدولت مذہبی آزادی کا اصول وضع ہوا۔ نیز جن بنیادوں پر غیر مسلموں سے اتحاد و تعاون ہوسکتا ہے اسی کی نشاندہی ہوئی۔

۶۔ اس معاہدے نے اہل اسلام کے باہمی حقوق و فرائض اور جملہ شہریوں کے آپس میں تعلقات، فرائض اور حقوق کا تعین کیا۔

۷۔ اس معاہدے نے ظلم، ناانصافی، عدم مساوات اور ایسی ہی دیگر خرابیوں کا سدِ باب کیا۔ عربوں کے قتل کا بدلہ لینے کا پرانا انفرادی طریقہ ختم کر کے اسے اجتماعی فریضہ قرار دیا۔

۸۔ کمزوروں، ناداروں اور مظلوموں کی دادرسی کا پورا پورا اہتمام بھی اسی معاہدے کی رو سے ہوا۔

۹۔ حالت امن اور حالت جنگ کا لائحہ عمل مرتب ہوا۔

۱۰۔ یہ معاہدہ قریش کے خلاف ایک مشترکہ اتحاد بن گیا اور دشمنان اسلام کا داخلہ مدینہ میں بند کر دیا گیا۔

۱۱۔ مدینہ کو حرم قرار دیا گیا۔ یوں اس نئی شہری ریاست کی حرمت قائم ہوئی اور اس کے داخلی امن اور تحفظ و دفاع کا خاطر خواہ انتظام ہوا۔

۱۲۔ قبائل کی باہمی خانہ جنگی کا انسداد بھی اسی معاہدے کی بدولت ہوا۔

۱۳۔ یہ معاہدہ ہی اہل اسلام کے بڑے دشمن مشرکین مکہ اور دوسرے قبائل کو مسلمانوں کے خلاف برانگیختہ کرنے میں رکاوٹ ثابت ہوا۔

۱۴۔ اسی معاہدہ نے شہریوں کے اندر قانون، اخلاق، مذہب اور انسانی قدروں کے احترام کا بھرپور جذبہ پیدا کیا۔

۱۵۔ اور پھر اسی معاہدے نے اللہ تعالیٰ کے احکام اور آنحضور ﷺ کے فرامین کو حتمی اور فائق حیثیت دے دی۔

ہادی دو جہاں ﷺ کے جاری کردہ اسی نظام کی بدولت ایک مضبوط اسلامی ریاست اور ایک صالح معاشرہ معرض وجود میں آیا۔ یہ بے نظیر نظام قیامت تک اسلامی حکومت کے قیام اور اس کے اصول وضوابط کی تنقید کے لیے عدیم النظیر نمونہ قرار پایا۔

# حوالے وحواشی

[1]۔ حوالے کے لئے دیکھئے: ڈاکٹر حمید اللہ، **دی فرسٹ رٹن کانسٹٹیوشن ان دی ورلڈ**، لاہور، ۱۹۷۰ء، ص ۴۔۹

[2]۔ ابو عبید القاسم بن سلام، **کتاب الاموال**، اسلام آباد، س۔ن، ۱/ ۳۰۹

[3]۔ **کتاب الاموال**، ۱/ ۳۶۴

[4]۔ المقریزی، **امتاع الاسماع**، طبع مصر، ۱/ ۴۹، ۱۰۴، ۱۰۷بحوالہ ڈاکٹر حمید اللہ، **دی فرسٹ رٹن کانسٹٹیوشن**، ص۳۹۔۴۰، ۶۸

[5]۔ **کتاب الاموال**، ۱/ ۳۶۴

[6]۔ مجید خدوری، **War and Peace in the Law of Islam**، امریکہ، ۱۹۵۵ء، ص۲۰۶

[7]۔ ملاحظہ کیجئے منٹگمری واٹ، **Muhammad at Medina**، لندن، ۱۹۵۶ء، ص۲۳، ۲۷

[8]۔ ڈاکٹر حمید اللہ، **دی فرسٹ رٹن کانسٹٹیوشن (The First Written Constitution)**، ص۲۲۔۲۶

[9]۔ ابن ھشام، **السیرۃ النبویۃ**، مصر، ۱۹۳۶ء، ۳/ ۵۱

[10]۔ محمد ابن سعد، **طبقات**، بیروت، ۱۹۵۷ء، ۲/ ۲۹

[11]۔ ابن ھشام، **السیرۃ**، ۲/ ۱۸۸

[12]۔ عربی متن میں **امة من المؤمنين** اور بعض روایات کی رو سے **امة مع المؤمنين** کے الفاظ ہیں۔ بعض لوگوں نے **امت** کے وہ معنی مراد لینے کی دانستہ یا نادانستہ غلطی کی ہے جو مسلمانوں میں اور خاص کر اردو میں ایک دینی اصطلاح کے طور پر معروف و مروج ہیں۔ اور جس کے دائرہ میں حلقہ بگوشاں اسلام کے سوا کوئی دوسرا فرد یا گروہ نہیں آتا۔ اردو میں اس

فقرے کا ترجمہ مؤمنین کی ایک امت جیسے فقروں سے کرنا درست نہیں، عربی میں امت کے ابتدائی معنی جماعت گروہ یا ایک ہیئت اجتماعیہ کے ہیں۔ حتیٰ کہ پرندوں اور بعض جانوروں کی نوع کے لئے بھی امت کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس لئے اس فقرے میں امت کے معنی محض جماعت یا گروہ کے ہیں۔ میثاق مدینہ میں دفاع اور شہری زندگی کی دیگر ضروریات کے لئے یہود کو مسلمانوں کے ساتھ شامل کر کے ایک طبقہ یا گروہ قرار دیا گیا ورنہ دینی پہلو سے الگ ہونے کا ذکر خود اسی شق کے اندر موجود ہے جس کے بعد دوسرے مفہوم کے لئے قطعاً گنجائش باقی نہیں رہتی۔

[13]۔ کتاب الاموال (ترجمہ)،۱/ ۳۵۹۔۳۶۵

[14]۔ حوالے کے لئے ملاحظہ کیجئے، سید امیر علی، The Spirit of Islam، کراچی، ۱۹۴۹ء، ص ۵۸

★★★★★

*ڈاکٹر امان اللہ خان

# اسلامی ثقافت کے بنیادی عوامل

مضمون پیش نظر میں ثقافت سے مراد وہ اعلیٰ نظریات، بلند نصب العین اور معاشرتی و اخلاقی اقدار ہیں جن کی بدولت کوئی قوم یا ملت اپنی ابتدائی اور غیر ترقی یافتہ حالت سے نکل کر تہذیب و تمدن کے اعلیٰ مدارج کی تحصیل کرتی ہے۔ ثقافت کی اس تعریف کی روشنی میں جب ہم اسلامی ثقافت کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں صاف طور پر اس کی امتیازی حیثیت کا پتہ چلتا ہے اور واضح طور پر نظر آتا ہے کہ اس ثقافت کی بنیاد تمام تر قرآنِ حکیم اور رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات پر ہی رہی ہے۔ انھی تعلیمات سے مسلمانوں نے تمام زمانوں میں نئی روح اور حیات تازہ حاصل کی ہے۔ مسلمانان عالم نے آداب و اخلاق میں، نظام منزل کی استواری میں، باہمی معاملات کی درستگی میں، علومِ نقلیہ و عقلیہ کی تحصیل و اشاعت میں، سیاست و معیشت میں، عبادات میں، غرضیکہ زندگی کے تمام شعبوں میں انھی سے ہدایت ورہنمائی حاصل کی ہے اور اسلامی تہذیب کی عظیم الشان عمارت انھی کی اساس پر قائم ہوئی ہے۔

---

* مجلہ بزم اقبال، اقبال، کلب روڈ، لاہور، اپریل ۱۹۶۶ء، ص ۵۵-۶۵

اسلامی تعلیمات کے وہ عوامل جنہیں اسلامی ثقافت کی اہم بنیادیں قرار دیا جا سکتا ہے، حسبِ ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ توحید و رسالت | ۲۔ وحدت نسل انسانی |
| ۳۔ عزت نفس انسانی | ۴۔ اخوت بین المسلمین |
| ۵۔ عدالت | ۶۔ رواداری |
| ۷۔ قیام امن | ۸۔ طلب علم |
| ۹۔ عمل صالح | ۱۰۔ عبادات |
| ۱۱۔ منزلی زندگی کی استواری | ۱۲۔ باہمی معاملات کی استواری |
| ۱۳۔ متوازن نظام معیشت کا قیام | ۱۴۔ سیاسی تنظیم |
| ۱۵۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی تعلیم | |

۱۔ **توحید و رسالت:** اسلامی تعلیمات میں توحید الٰہی کا تصور مرکزی نقطے کی حیثیت رکھتا ہے۔ قرآن حکیم میں توحید کا بیان جابجا پھیلا ہوا ہے، خصوصاً مکی سورتوں کا معتدبہ حصہ تو توحید کی تعلیم ہی پر مشتمل ہے۔ قرآن حکیم نے اسی کو تمام نبیوں کی تعلیم کا سنگِ بنیاد قرار دیا ہے۔ قرآن حکیم نے انسان کو ایک ایسے علیم، حکیم، حیی و قیوم خدا کا تصور دیا ہے جو کائنات کا خالق و مالک، جہانوں کا پالنے والا، انسانوں کا قانونی و سیاسی حاکم، ان کے احوال سے پوری طرح واقف، ان کی شاہ رگ سے زیادہ قریب، ایسا رحیم و کریم کہ اس کی رحمت تمام دوسری چیزوں پر فائق، وحدہ لاشریک خدا جو نہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔ توحید کی وضاحت کے سلسلے میں قرآن حکیم کا انداز بڑا پر حکمت، بااثر اور انسانی فہم و فطرت کے عین مطابق ہے۔ کہیں انسانوں کو زمین و آسمان کی تخلیق، لیل و نہار کی گردش، موسموں کے تسلسل، اجرام سماوی کے نظام حرکات۔ غرضیکہ پوری کائنات میں ایک کامل تنظیم ہونے پر غور و تدبر کی تلقین کرتے ہوئے انہیں ایک خدا کی طرف بلایا ہے۔ کہیں عقلی استدلال سے یہ بات سمجھائی ہے کہ اگر اس کائنات کے دو خدا

ہوتے تو اس کا نظام درہم برہم ہو جاتا اور کہیں شرک کو سب سے بڑا اور ناقابل معافی گناہ قرار دیتے ہوئے انسانوں کو بتوں اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے روکا اور بڑے موثر پیرائے میں سمجھایا ہے کہ پتھر کے ٹکڑے جو کسی کو نفع وضرر نہیں پہنچا سکتے معبود کیوں کر ہو سکتے ہیں۔

اسلام نے بنی نوع انسان کو محض نظری توحید ہی کا سبق نہیں دیا بلکہ ایک ایسی عملی توحید کی تلقین کی ہے جو ان کے اعمال پر اثر انداز ہوتی ہے۔ قرآن حکیم نے اس ضمن میں ناامیدی، خوف اور حزن جیسے سلبی و تخریبی جذبات سے انسان کو روکا ہے۔ چنانچہ یہ جذبہ توحید ہی تھا جس سے سرشار ہو کر مسلمان کائنات کی تسخیر میں لگ گئے، تکالیف ومصائب کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا اور اپنے آہنی عزائم کی بدولت حوادث کا رُخ پھیر دیا۔

اسلام انبیائے سابقہ کی رسالت پر عمومی طور پر اور حضرت محمد ﷺ کی رسالت پر خصوصی طور پر ایمان کو ضروری قرار دیتا ہے۔ قرآن حکیم نے مختلف طریقوں سے رسول اکرم ﷺ کی کامل اطاعت اور پیروی کو ضروری قرار دیا ہے۔ کہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت کے ساتھ ساتھ رسول اکرم ﷺ کی اطاعت و فرماں برداری کا حکم دیا تو کہیں رسول ﷺ کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت شمار کیا ہے۔ کہیں مسلمانوں کو اپنے تمام معاملات میں رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات کو آخری حکم و معیار تسلیم کر لینے کی تلقین کی ہے تو کہیں ان کی ذات کو پوری امت مسلمہ کے لیے کامل نمونہ حیات قرار دیا ہے۔

چنانچہ مسلمانوں نے ہر دور اور ہر زمانے میں رسول اکرم ﷺ کی پیروی اور اطاعت کو فریضہ سمجھتے ہوئے ان کے اسوہ حسنہ کو مکمل نمونہ زندگی سمجھا ہے اور بیک وقت ان کی ذات اور تعلیمات سے روشنی اور ہدایت حاصل کی ہے۔ مسلمانوں کی اس فضیلت میں دنیا کی کوئی قوم شریک نہیں کہ انہوں نے اپنے پیغمبر کی تعلیم اور اس کے اقوال و افعال کو انتہائی احتیاط اور چھان بین سے محفوظ کر لینے کے سلسلے میں تقریباً چھ لاکھ انسانوں کی زندگیوں کو محفوظ کر لیا ہو۔

**۲۔ وحدت نسل انسانی:** رنگ، نسل، زبان اور علاقائی امتیازات کو ختم کرنے کے لیے، نیز تمام انسانوں کے اندر ہمدردی اور مساوات کا جذبہ ابھارنے کے لیے اسلام نے وحدت نسل انسانی کی تعلیم دی ہے اور یہ واضح کر دیا کہ اس دنیا میں بسنے والے تمام انسان بحیثیت انسان برابر ہیں کیوں کہ ان کی اصل ایک ہے۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

**يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمُ ٱلَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفۡسٖ وَٰحِدَةٖ وَخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالٗا كَثِيرٗا وَنِسَآءٗۚ** (1)

اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کیے رہو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور ان سے مرد وعورت پھیلائے۔

شعوب و قبائل کے امتیاز سے بالاتر ہو جانے اور تقویٰ کو معیار شرافت و تکریم گردانے کے سلسلے میں ارشادِ ربانی ہے:

**وَجَعَلۡنَٰكُمۡ شُعُوبٗا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوٓاْۚ إِنَّ أَكۡرَمَكُمۡ عِندَ ٱللَّهِ أَتۡقَىٰكُمۡۚ**(2)

اور ہم نے تمہیں مختلف گروہوں اور قبیلوں میں تعارف کے لیے تقسیم کیا ہے۔ تحقیق اللہ کے نزدیک مکرم و محترم وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔

قرآن حکیم کی اسی قسم کی تعلیمات کے زیر اثر مسلمانوں نے نسلی، لسانی، لونی اور علاقائی امتیازات کو ہمیشہ ختم کرنے کی کوشش کی ہے اور ان اتفاقی امتیازات کی بناپر کسی انسان کے حقوق کو چھین لینے کو گناہِ عظیم سمجھا ہے۔

**۳۔ عزتِ نفس انسانی:** قرآن حکیم کی رو سے انسان کو تمام دیگر مخلوقات پر فضیلت و برتری حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کو خدا کے علاوہ تمام دوسری چیزوں کے سامنے جھکنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ اسلام نے انسان کو پیدائشی طور پر گناہ گار نہیں بلکہ معصوم گردانا ہے اور اسے بڑا اعلیٰ وارفع مقام دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو **لَقَدۡ خَلَقۡنَا ٱلۡإِنسَٰنَ فِيٓ أَحۡسَنِ**

تَقۡوِيمٖ(3) (یقیناً ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے) کی فضیلت سے نوازا ہے اور بنی نوع انسان کی تکریم اور اس کے شرف کا ذکر کرتے ہوئے **وَلَقَدۡ كَرَّمۡنَا بَنِيٓ ءَادَمَ** (4) (اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی ہے) ارشاد کیا ہے۔

قرآن حکیم انسان کو نیابت کی خلعت پہناتے ہوئے اسے ایک اعلیٰ امانت کا حامل اور مسجود ملائک بتاتا ہے۔ نیز **أَنَّ ٱللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِ**(5)(تحقیق اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے) کی بلند تعلیم دے کر اسے کائنات کی غلامی سے نکال کر کائنات کی تسخیر کی دعوت دیتا ہے۔ عزت نفس انسانی کی اس قرآنی تعلیم نے اسلامی تہذیب کی ترقی و سربلندی میں بڑا اہم کردار ادا کیا اور اسی بناپر اقدارِ اعلیٰ کی تحصیل معاشرہ انسانی میں ایک صحت مندانہ انقلاب پیدا کرنے کا باعث بنی۔

**۴۔ اخوت بین المسلمین:** اسلام نے معاشرہ میں اتفاق، ہمدردی، ایک دوسرے کے لیے قربانی، محبت اور اخوت کے جذبات کی تلقین کی ہے اور اس سلسلے میں وہ تاریخ عالم میں لاثانی حیثیت کا حامل ہے۔ قرآن حکیم کا واضح ارشاد ہے:

**إِنَّمَا ٱلۡمُؤۡمِنُونَ إِخۡوَةٞ** (6)

بے شک تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

اور حکم ربانی ہے:

**وَٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ كُنتُمۡ أَعۡدَآءٗ فَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِكُمۡ فَأَصۡبَحۡتُم بِنِعۡمَتِهِۦٓ إِخۡوَٰنٗا** (7)

اور یاد کرو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو جو تم پر ہیں کہ تم آپس میں دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی اور تم اس کی نوازش سے آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔

رسول اکرم ﷺ کے اسوہ حسنہ اور پیہم تلقین نے دنیا کے تمام مسلمانوں کو رنگ، زبان،

نسل، علاقے اور دیگر تفریقوں سے بالاتر رکھتے ہوئے ایک رشتہ اخوت میں منسلک کر دیا اور یہ واضح کر دیا کہ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمانوں کی جان، مال، آبرو اور مفاد کی حفاظت اسی طرح واجب ہے جس طرح اپنے حقیقی بھائی کی۔ مسلمانوں کے اس جذبہ اخوت کا نظارہ ہر سال حج کے موقع پر بخوبی کیا جا سکتا ہے۔

**۵۔ عدالت:** قرآن حکیم نے بالتکرار اس امر پر زور دیا ہے کہ انصاف ہر قسم کی جانبداری سے پاک ہونا چاہیے خواہ فیصلے کی زد منصف کے اپنے عزیز، والدین یا اس کی اپنی جماعت ہی پر پڑتی ہو۔ اسلامی ریاست میں کوئی فرد خواہ وہ اس کا منتخب سربراہ ہی کیوں نہ ہو قانون سے بالاتر نہیں ہو سکتا۔

قرآن حکیم کی متعدد آیاتِ کریمہ اس پر شاہد ہیں:

ا۔ **إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُ بِٱلۡعَدۡلِ وَٱلۡإِحۡسَٰنِ**(8)

بے شک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔

ب۔ **وَإِذَا قُلۡتُمۡ فَٱعۡدِلُواْ وَلَوۡ كَانَ ذَا قُرۡبَىٰۖ وَبِعَهۡدِ ٱللَّهِ أَوۡفُواْۚ** (9)

اور جب تم بات کیا کرو تو انصاف کیا کرو گو وہ شخص قرابت دار ہی ہو اور اللہ تعالیٰ سے جو وعدہ کیا کرو پورا کیا کرو۔

ج۔ **يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ بِٱلۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوۡ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمۡ أَوِ ٱلۡوَٰلِدَيۡنِ وَٱلۡأَقۡرَبِينَۚ** (10)

اے ایمان والو انصاف پر خوب قائم رہنے والے اللہ کے لیے گواہی دینے والے رہو اگرچہ اپنی ہی ذات پر ہو یا والدین اور دوسرے رشتہ داروں کے مقابلہ میں ہو۔

د۔ **وَلَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شَنَـَٔانُ قَوۡمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعۡدِلُواْۚ ٱعۡدِلُواْ هُوَ أَقۡرَبُ لِلتَّقۡوَىٰۖ**(11)

اور کسی گروہ کی عداوت تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم عدل نہ کرو۔ عدل کیا کرو کہ وہ تقویٰ سے زیادہ قریب ہے۔

**٦۔ رواداری:** دیگر مذاہب کے متعلق اور اقلیتوں کے بارے میں اسلامی موقف نہایت واضح ہے۔ اسلامی معاشرہ میں مذہب وعقیدہ کی پوری آزادی ہے۔ قرآن حکیم میں تمام انبیاء کا خواہ ان کا نام لیا گیا ہے یا نہیں ایک سا احترام کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسلامی ریاست اس امر کی پابند ہے کہ وہ تمام اقلیتوں کی جان، مال، آبرو وغیرہ کے تحفظ کا مکمل اہتمام کرے۔ مذہب کے معاملے میں زبردستی اور جبر واکراہ کے استعمال سے سختی سے روکا گیا ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

ا۔ **لَآ إِكۡرَاهَ فِي ٱلدِّينِۖ** (12)

دین میں زبردستی جائز نہیں۔

ب۔ **أَفَأَنتَ تُكۡرِهُ ٱلنَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُواْ مُؤۡمِنِينَ** (13)

سو کیا آپ لوگوں پر زبردستی کریں گے کہ وہ ایمان ہی لے آئیں؟

ج۔ **فَإِنۡ أَعۡرَضُواْ فَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيظًاۖ إِنۡ عَلَيۡكَ إِلَّا ٱلۡبَلَٰغُۗ** (14)

پھر اگر یہ لوگ اعراض کریں تو ہم نے آپ کو ان پر نگران کر کے نہیں بھیجا۔ آپ کے ذمے تو صرف (حکم کا) پہنچا دینا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنے تئیں رب العالمین اور رحمان اور رحیم ہونے کا اعلان کیا ہے وہاں رسول اکرم ﷺ کو رحمۃ للعالمین کا خطاب دے کر پوری نسل انسانی سے مسلمانوں کے رحیمانہ سلوک کی نشاندہی بھی کی ہے۔

**٧۔ قیام امن:** امن کا مفہوم تو لفظ اسلام کے مادے میں موجود ہے۔ جو اسلام کے پیغام کو قبول کرتا ہے وہ خود بھی امن میں آجاتا ہے اور دوسروں کے لیے بھی امن کا محافظ بن جاتا ہے۔

مسلمانوں کو ایک ایسے رحیم و کریم اور سلامتی پسند کرنے والے اللہ کا تصور دیا گیا ہے جو دنیا میں امن و امان کو پسند اور فساد و خون ریزی کو ناپسند کرتا ہے۔ اس کی رحمت تمام چیزوں پر سبقت لے گئی ہے اور وہ تمام انسانوں کو انتہائی شفقت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ پیغمبر اسلام جو اس دنیا میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے تشریف لائے تھے ایک رحیم و کریم، نرم دل، صلح پسند، امن کے داعی اور افراد بنی آدم کے لیے انتہائی ہمدردی اور محبت کے جذبات رکھنے والے انسان تھے اور دوسروں کو ان کی تلقین بھی یہی تھی۔ الغرض اسلام ہر لحاظ سے دنیا میں امن و سلامتی کا علم بردار ہے۔

**۸۔ طلب علم:** اسلام میں علم کے حصول کو فریضہ کا درجہ دیا گیا ہے۔ قرآن حکیم میں جابجا اہل علم اور ارباب فہم و ذکا کی برتری کا ذکر کیا گیا ہے اور انسان کو علم کے حصول کی رغبت دلائی گئی ہے۔

کہیں علم کی فوقیت وبرتری کو **قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِي ٱلَّذِينَ يَعۡلَمُونَ وَٱلَّذِينَ لَا يَعۡلَمُونَۗ**(15) (کیا علم والے اور جو علم نہیں رکھتے کہیں برابر ہوتے ہیں؟) کہ کر واضح کیا گیا ہے اور کہیں **يَرۡفَعِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡعِلۡمَ دَرَجَٰتٖۚ** (16)(اللہ تعالیٰ تم میں ایمان والوں اور ان لوگوں کے جن کو علم عطا ہوا درجے بلند کرے گا) فرما کر اہل علم کے درجات کی بلندی کا ذکر کیا گیا ہے۔ کہیں خود رسول اکرم ﷺ کو **وَقُل رَّبِّ زِدۡنِي عِلۡمٗا**(17) (کہ اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرمائیں) کی تلقین سے اہل علم پر علم کے حصول کی اہمیت و ضرورت کی وضاحت کی گئی ہے۔ اسی ضمن میں انسان کو عقل استعمال کرنے، تدبر سے کام لینے اور کائنات میں غور و فکر کرنے کی بھی بار بار تاکید کی گئی ہے۔

پیغمبر اسلام نے خود علم کی ضرورت اور اس کی برتری و فضیلت پر بڑا زور دیا ہے۔ آپ ﷺ کے ارشادات میں سے ہے:

ا۔ **العلماء ورثة الانبیاء** (علماء انبیاء کے وارث ہیں)(18)؛

ب۔ فضل العالم على العابد كفضل القمر ليلة البدر على سائر الكواكب (عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہی ہے جیسے چودھویں رات کے چاند کی فضیلت دوسرے تمام ستاروں پر) ([19])

**۹۔ عمل صالح:** اسلام کی ایک نہایت اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ انسان کو عمل صالح کے لیے جدوجہد کی تلقین کرتا ہے۔ یہاں تک کہ خدائے بزرگ وبرتر انسانی زندگی کا مقصد واضح کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

**خَلَقَ ٱلْمَوْتَ وَٱلْحَيَوٰةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًاۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْغَفُورُ**([20])

موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں سے کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے۔

اسلام کی نظر میں ہر انسان اپنی اپنی جگہ پر ذمہ دار ہے اور کوئی انسان کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

**وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰۚ**([21])

اور کوئی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔

اور یہ کہ

**لَّيْسَ لِلْإِنسَٰنِ إِلَّا مَا سَعَىٰ** ([22])

یعنی انسان کو اس کی کوشش اور سعی کے عوض ہی اچھا اجر ملے گا۔

پس اسلام کی نگاہ میں انسان کے اشرف المخلوقات ہونے کا دارومدار اس کے عمل صالح پر ہے۔ اگر وہ اچھے اعمال سے انفرادی، منزلی اور اجتماعی طور پر مقصد حیات کے تقاضوں کو پورا کرے گا اور عمدہ معاشرہ قائم کرنے میں مدد ومعاون ہو گا تو اللہ اسے دونوں جہانوں میں کامیاب

کرے گا۔ لیکن اگر وہ سیدھے راستے سے ہٹ کر گمراہی میں جا پڑے گا اور برے کاموں کا ارتکاب کر کے معاشرہ انسانی میں فساد برپا کرنے کا موجب بنے گا تو وہ اپنے بلند مقام سے گر جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے عتاب و عذاب کا مستحق بن جائے گا۔

**۱۰۔ عبادات:** اسلام نے انسان کی روحانی پاکیزگی کے لیے، اس کا رشتہ اللہ تعالیٰ سے مضبوط کرنے کے لیے، اعلیٰ اخلاقی و روحانی اقدار کی تحصیل کے لیے، معاشرہ میں مساوات و اخوت اور تنظیم کے جذبات پختہ تر کرنے کے لیے اور دیگر بہت سے مقاصد اعلیٰ کے حصول کے لیے عبادات کا ایک موثر نظام مرتب کیا ہے جس کے مطابق زندگی بسر کر کے انسان دینی و دنیوی فلاح و بہبود حاصل کر سکتا ہے۔

**۱۱۔ منزلی زندگی کی استواری:** معاشرے کی ترقی و استحکام کے لیے اسلام ضروری سمجھتا ہے کہ افراد کی گھریلو زندگی بھی پر سکون، باسلیقہ اور منظم ہو۔ اسی لیے قرآن حکیم اور رسول اکرم ﷺ کی احادیث میں ایک اعلیٰ درجہ کے نظام منزل کے قیام کی تعلیم دی گئی ہے اور مرد، عورت اور بچوں کے حقوق و فرائض کی وضاحت کی گئی ہے۔ نکاح، مہر، نان و نفقہ، وراثت، طلاق وغیرہ سے متعلق مسائل پر واضح احکام دیئے گئے ہیں۔ اسلام نے مرد اور عورت کے باہمی رشتہ کو باعث سکون و مؤدت اور رحمت قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمِنۡ ءَايَـٰتِهِۦۤ أَنۡ خَلَقَ لَكُم مِّنۡ أَنفُسِكُمۡ أَزۡوَٰجً۬ا لِّتَسۡكُنُوٓاْ إِلَيۡہَا وَجَعَلَ بَيۡنَكُم مَّوَدَّةً۬ وَرَحۡمَةًۚ (23)

اور یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہارے جوڑے پیدا کئے تا کہ تم ان سے سکون حاصل کر سکو، اور تمہارے درمیان مودّت اور رحمت پیدا کی۔

بنی نوع انسان پر اسلام کا یہ خاص احسان ہے کہ اس نے عورت کو ایک بلند اور باعزت مقام عطا کیا ہے۔ عورت بحیثیت ماں، بہن، بیوی، بیٹی غرضیکہ ہر حالت میں قابل احترام ہے۔ اسلامی

معاشرے میں جہاں ٱلرِّجَالُ قَوَّٰمُونَ عَلَى ٱلنِّسَآءِ [24] (مرد عورتوں کے قوام ہیں) کی تعلیم کے تحت مرد کو منتظم اور مدبر کی حیثیت حاصل ہے وہاں يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمُ ٱلَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفۡسٍ وَٰحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَآءً [25] (اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کیے رہو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور ان سے مرد و عورت پھیلائے) کے تحت مرد و عورت حقوق میں برابر قرار دیئے گئے ہیں۔ اسلام نے وَلَهُنَّ مِثۡلُ ٱلَّذِي عَلَيۡهِنَّ بِٱلۡمَعۡرُوفِ [26] (اور ان پر (عورتوں) کے حقوق ہیں ویسے ہی جیسے ان پر (مردوں) کے حقوق ہیں) کی تعلیم دے کر عورتوں کے حقوق اور ان کے منصب کی حفاظت کی ہے۔

منزلی زندگی کی استواری کے ضمن میں رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

**خیر کم خیر لا هله** [27]

تم میں سے بہترین وہ ہے جو اہل و عیال کے لیے بہترین ہے۔

یہ فرمانِ رسول ﷺ بڑی اہمیت کا حامل ہے اور ایک اسلامی گھرانے کا نقشہ کھینچ کر سامنے رکھ دیتا ہے۔

**۱۳۔ ایک متوازن نظام معیشت:** اسلام ایک ایسے متوازن نظام معیشت کا حامی ہے جو افراط و تفریط سے بچا ہوا ہو۔ نہ تو اس میں افراد کو اپنی محنت سے اکٹھی کی ہوئی ملکیت سے ہی محروم کر دینے کی اجازت ہے کہ وہ مشکل اور تنگ دستی میں زندگی کے دن کاٹیں اور نہ یہ کہ وہ بغیر محنت کے عیش و عشرت میں مگن رہیں اور دولت پر سانپ کی طرح بیٹھے رہیں۔ اسلام نے ان دو انتہاؤں کو ختم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اصول و تدابیر عطا فرمائیں:

ا۔ **زکوٰۃ:** ہر سال صاحب مال لوگ اپنے سرمائے سے ایک مقررہ رقم ضرورت مند لوگوں کے لیے نکالیں۔

ب۔ **انفاق فی سبیل اللہ:** اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ضرورت مندوں کے لیے خرچ کیا جائے۔ اس کا دائرہ زکوٰۃ کے دائرہ سے بہت زیادہ وسیع ہے کیوں کہ یہ سرمائے کا وہ حصہ ہے جو خوشی سے خدا کی راہ میں سماجی و قومی فلاح و بہبود کے لیے خرچ کیا جاتا ہے۔

ج۔ **سرمایہ کو مفید کاموں میں لگانا:** اسلام اکتناز یعنی سرمایہ کو جمع کر کے رکھ لینے اور اسے قومی دولت میں اضافے کے لیے یا خود نفع حاصل کرنے کے لیے کام میں نہ لگانے کے خلاف ہے۔ قانون کی رو سے ایسا سرمایہ جو کام میں نہ لایا جائے اور دبا کر رکھ لیا جائے قابل ضبط ہے۔

د۔ **سود کی ممانعت:** سود چونکہ ضرورت مند لوگوں کی معاشی حالت کو تباہ کرنے والا اور سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ کی حوصلہ افزائی کرنے والا ہے اسلام میں خاص طور پر ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح سے اسلام ناجائز ذخیرہ اندوزی، جوا، سٹہ، سرمایہ دارانہ لوٹ کھسوٹ سے روکتا ہے اور اسراف یعنی حد سے زیادہ خرچ کرنے یا کنجوسی سے روکتا ہے اور اس طریقے سے سرمایہ جمع کرنے کو ناجائز قرار دیتا ہے۔

**۱۴۔ سیاسی تنظیم:** ایک اعلیٰ درجہ کی سیاسی تنظیم کے لیے اسلام نے نہایت قابل قدر اصولوں کی تلقین کی ہے۔ ان میں سے بعض درج ذیل ہیں:

ا۔ **اللہ تعالیٰ کی حاکمیت:** جدید جمہوری نظریات کے برعکس اسلام سیاسی و قانونی حاکمیت کا حق فقط اللہ تعالیٰ کے لیے تسلیم کرتا ہے اور صرف اور صرف اسے ہی کل کا مالک اور قانون دینے والا سمجھتا ہے۔ حاکمیت اعلیٰ کے اس نظریے کے تحت اسلامی نظام سیاست سے آمریت اور مطلق العنانیت قطعی طور پر خارج ہو جاتے ہیں۔

ب۔ **اطاعتِ رسول ﷺ:** اللہ تعالیٰ کا پیغام بنی نوع انسان تک پہنچانے والے رسول اور نبی ہوتے ہیں۔ اسی لیے قرآن حکیم نے سب پیغمبروں کا احترام کرنے کی تعلیم دی ہے اور آخری رسول محمد ﷺ کی، جو ایک کامل دین اور شریعت لے کر بنی نوع انسان کی

اصلاح اور فلاح و بہبود کے لیے تشریف لائے، مکمل پیروی اور اطاعت کی صرف تلقین ہی نہیں بلکہ ان کی اطاعت و پیروی کو فرض قرار دیا۔ اسی لیے ایک اسلامی مملکت کی انتظامیہ، مقننہ، عدلیہ، نیز اس مملکت کی مسلمان آبادی سنت رسول ﷺ کے خلاف عمل کرنے کی مجاز نہیں۔

ج۔ **خلافت:** فرمانِ الٰہی: **وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ**([28]) [تم میں جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں ان سے اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے کہ ان کو زمین پر خلافت عطا فرمائے گا] کی رو سے قرآن حکیم حکومت کی نوعیت کی وضاحت کرتے ہوئے اسے خلافت کا نام دیتا ہے اور اس کی نیابتی حیثیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ قرآن اس خلافت کا حق دار کسی ایک شخص یا خاندان کو نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کو قرار دیتا ہے۔ اس طرح اسلامی ریاست عوام و خواص کو حکومت میں شریک کرنے کے لیے جدید جمہوری نظام سے بھی زیادہ پیش پیش ہے۔

د۔ **شوریٰ کا اصول:** فرمانِ الٰہی: **وَأَمۡرُهُمۡ شُورَىٰ بَيۡنَهُمۡ** ([29]) (اور ان کے امور باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں) کی تعلیم نظام سیاست میں باہمی مشورے کی اہمیت کو وضاحت کرتا ہے۔ اسلام میں باہمی مشورے کو اتنا اہم گردانا گیا ہے کہ خود پیغمبر خدا ﷺ کو جو بوجہ خدا سے وحی کا رشتہ رکھنے کے لوگوں کے مشورے کے محتاج نہیں تھے، حکم ہوتا ہے کہ وہ امور میں ان سے مشورے کیا کریں۔ ارشاد ہوتا ہے: **وَشَاوِرۡهُمۡ فِي ٱلۡأَمۡرِ**([30])۔ مجلس شوریٰ کی کوئی معین شکل البتہ اسلام نے متعین نہیں کی اور اسے امت مسلمہ کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے۔

ان اصولوں کے علاوہ ایک اعلیٰ نظام عدل کا قیام، اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کا اہتمام،

شخصی آزادی و حقوق کا تحفظ، انفرادی ملکیت کا احترام، بین الاقوامی معاملات کی استواری اور معاہدوں کا احترام، عبادات کی تنظیم اور ریاست میں بسنے والے انسانوں کی ہر قسم کی فلاح و بہبود کا اہتمام بھی اسلامی نظام سیاست کے اہم پہلو ہیں۔

**۱۵۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی تعلیم:** اسلام اپنے ماننے والوں کے لیے تبلیغ دین کا بھی ایک جامع نظام پیش کرتا ہے۔ ایک طرف تو اسے وہ ہر مسلمان کا انفرادی فریضہ سمجھتا ہے تو دوسری طرف امتِ مسلمہ کو اجتماعی طور پر تبلیغ کی ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے۔ چنانچہ تبلیغ کے لیے تنظیم کا نظریہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى ٱلْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ ۚ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْمُفْلِحُونَ([31])

تم میں ایک ایسی جماعت ہونا ضروری ہے جو خیر کی طرف بلایا کرے اور نیک کام کرنے کو کہا کرے اور برے کاموں سے روکا کرے۔

انفرادی، اجتماعی اور تنظیمی طور پر مسلمانوں کو تبلیغ کا نظریہ دینے کے علاوہ اسلام نے انہیں اس کا طریق کار بھی سمجھا دیا ہے۔ بالخصوص اس سلسلے میں جبر و اکراہ اور طاقت کا استعمال قطعاً ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

ٱدْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِٱلْحِكْمَةِ وَٱلْمَوْعِظَةِ ٱلْحَسَنَةِ ۖ وَجَٰدِلْهُم بِٱلَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ ([32])

آپ اپنے رب کی راہ کی طرف دانائی کی باتوں اور اچھی نصیحتوں کے ذریعے بلائیں اور اگر بحث آن پڑے تو ان کے ساتھ اچھے طریقے سے بحث کیجئے۔

مندرجہ بالا عوامل اسلامی ثقافت کے اساسی اجزائے ترکیبی ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے ان ہی اجزائے ترکیبی سے ایک صالح معاشرے کی تشکیل کی جو ایک مثالی نمونے کے طور پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہمارے لیے ایک مشعلِ راہ کا کام دیتا رہے گا۔

# حوالے وحواشی

[1]۔ النساء،۴: ۱

[2]۔ الحجرات،۴۹: ۱۳

[3]۔ التین،۹۵: ۴

[4]۔ الإسراء،۱۷: ۷۰

[5]۔ لقمان،۳۱: ۲۰

[6]۔ الحجرات،۴۹: ۱۰

[7]۔ آلِ عمران،۳: ۱۰۳

[8]۔ النحل،۱۶: ۹۰

[9]۔ الانعام،۶: ۱۵۲

[10]۔ النساء،۴: ۱۳۵

[11]۔ المائدہ،۵: ۸

[12]۔ البقرہ،۲: ۲۵۶

[13]۔ یونس،۱۰: ۹۹

[14]۔ الشوریٰ،۴۲: ۴۸

[15]۔ الزمر،۳۹: ۹

[16]۔ المجادلہ،۵۸: ۱۱

[17]۔ طٰہٰ،۲۰: ۱۱۴

[18]۔ ابوداؤد، ترمذی؛ ابن ماجہ، السنن، المقدمۃ، باب فضل العلماء، تحقیق، محمد فؤاد عبد الباقی، ۱/ ۸۱

[19]۔ ابوداؤد، ترمذی، نسائی

[20]۔ الملک،۶۷،۲

[21]۔ فاطر:۳۵: ۱۸

[22]۔ النجم،۵۳: ۳۹

[23]۔ الروم،۳۰: ۲۱

[24]۔ النساء،۴: ۳۴

[25]۔ النساء،۴: ۱

[26]۔ البقرہ،۲۲۸:۲

[27]۔ مشکوۃ المصابیح

[28]۔ النور،۲۴: ۵۵

[29]۔ الشوریٰ،۴۲: ۳۸

[30]۔ اٰلِ عمران،۳: ۱۵۹

[31]۔ اٰلِ عمران،۳: ۱۰۴

[32]۔ النحل،۱۶: ۱۲۵

★★★★★

*ڈاکٹر حافظ عثمان احمد

# حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا کے رسول اللہ ﷺ کے مقامِ تدفین ہونے پر شبہات کا ناقدانہ جائزہ

اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی تدفین جس گھر میں ہوئی اور آج جہاں آپ کی قبر مبارک موجود ہے، وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا گھر تھا۔

ابن عبد البرؒ لکھتے ہیں:

**وَلَا خِلَافَ بَيْنَ الْعُلَمَاءِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلم دُفِنَ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ مِنْ بَيْتِهِ بَيْتِ عَائِشَةَ (رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا)**[1]

علما کے مابین کوئی اختلاف نہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھر یعنی بیت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اسی جگہ پر دفن کیے گئے جہاں آپ ﷺ کی وفات ہوئی۔

* اسسٹنٹ پروفیسر ادارہ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب، لاہور

علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

**قَدْ عُلِمَ بِالتَّوَاتُرِ أَنَّهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ دُفِنَ فِي حُجْرَةِ عَائِشَةَ الَّتِي كَانَتْ تَخْتَصُّ بِهَا** [2]

یہ تواتر سے جانا گیا ہے کہ نبی ﷺ حجرۂ عائشہ میں جو ان کے لیے مخصوص تھا، دفن کیے گئے۔

بعض افرد اور گروہوں نے امت مسلمہ کے اس متواتر اور اجماعی مسئلے کا انکار کیا اور یہ رائے اختیار کی جہاں رسول اللہ ﷺ مدفون ہیں وہ حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنھا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے درج ذیل شبہات کا اظہار کیا ہے۔

**شبہ اول**

**أن بيت عائشة كان صغيراً جدًّا، وكذا كانت كل بيوت زوجات رسول الله صلى الله عليه وآله، ويدل على ذلك قول عائشة: كنتُ أنام بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجلاي في قبلته، فإذا سجد غمزني فقبضت رجلي، فإذا قام بسطتها، قالت: والبيوت يومئذ ليس فيها مصابيح. (صحيح البخاري ١٤٢/١، ١٧٣)، فلو كان النبي صلى الله عليه وآله قد دُفن في حجرة عائشة، ثم دُفن فيها بعد ذلك أبو بكر ثم عمر لما كان لعائشة أي مكان تمكث فيه، ولكانت تتجوَّل على القبور، وتنام وتصلي على القبور، وهذا لم يقل به أحد.**

حضرت عائشہؓ کا گھر بہت ہی چھوٹا تھا۔ اسی طرح تمام ازواجِ رسول اللہ ﷺ کے گھر تھے۔ اس پر حضرت عائشہؓ کا قول دلالت کرتا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے سوئی ہوتی تھی اور میرے دونوں پاؤں آپ کے قبلے کی جانب ہوتے تھے۔ جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تھے تو مجھے اشارہ کرتے تو میں اپنے پاؤں سمیٹ لیتی جب آپ قیام کی طرف چلے جاتے تو میں پھیلا لیتی۔ انہوں نے کہا: گھروں میں ان دنوں چراغ نہیں ہوتا تھا۔ (صحیح بخاری) اگر نبی ﷺ حجرۂ عائشہؓ

میں دفن کیے گئے پھر ابو بکرؓ اور پھر عمرؓ دفن کیے گئے تو حضرت عائشہؓ کہاں رہتی تھیں۔ وہ تو قبروں پر ہی گھومتی رہتی ہوں گی اور قبروں پر ہی سوتی اور نماز پڑھتی ہوں گی۔ لیکن یہ کسی نے کہا نہیں۔

**تجزیہ**

ا۔ حجرات کا حجم و رقبہ جس میں حضرت عائشہ کا حجرہ بھی شامل ہے، امام بخاری نے الادب المفرد میں اس طرح نقل کیا ہے۔

**عن دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ: رَأيتُ الحُجراتِ مِن جَريدِ النَّخلِ مُغشَّاة مِن خَارجٍ بمسُوحِ الشَّعروَأظُنُ عَرْضَ البَيتِ مِن بَاب الحُجرةِ إلَى بَاب البيتِ نَحْوًا مِن سِتٍ أَو سبعِ أَذرعٍ، وأحْزِرُ البيتِ الدَّاخِلَ عَشرَ أَذرعٍ، وأَظنُ سُمكَهُ بَين الثَّمانِ والسَّبْعِ نَحو ذَلك، ووقَفتُ عِند بَاب عَائشةَ فَإذا هُو مُستَقبِلَ المَغربَ**[3]

داؤد بن قیس نے کہا کہ میں نے حجرات کو دیکھا کہ کھجور کی بغیر پتوں والی شاخوں سے بنے جو باہر سے اون کے کپڑے سے ڈھکے تھے (یعنی پردے اون کے کپڑے کے تھے)۔ میرا خیال ہے کہ حجرے کے بیرونی دروازے سے اندرونی گھر کے دروازے تک کا فاصلہ چھ سے سات ذراع تھا جب کہ اندرونی حصے کا رقبہ دس ذراع تھا اور میرا خیال ہے کہ چھت کی اونچائی آٹھ یا سات ذراع تھی۔ میں باب عائشہ کے پاس کھڑا تھا تو اس کا رخ مغرب کی جانب تھا۔

ایک ذراع مساحت (زمین کی پیمائش ناپنے کا پیمانہ) ساڑھے تین فٹ ہے جب کہ ذراع کرباس (پانی کی پیمائش کا پیمانہ) ڈیڑھ فٹ ہے۔[4] اگر حجرے کے بیرونی دروازے سے اندرونی احاطے کا فاصلہ اس روایت کی روشنی میں دیکھا جائے تو یہ سولہ یا سترہ ذراع بنتا ہے۔ گویا ذراع مساحت کے اعتبار سے تقریباً چھپن یا انسٹھ فٹ اور ذراع کرباس کے مطابق چوبیس یا پچیس فٹ کا فاصلہ بیرون سے اندرون تک تھا۔[5]

اس سے معلوم ہوا کہ حجرۂ عائشہ ضرورت کے مطابق وسیع تھا۔ اور قبور کے بعد بھی کافی جگہ باقی تھی جو رہائش کے لیے کافی تھی۔

۲۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تدفین کے بعد سیدہ عائشہ رضی اللہ عنھا نے حجرہ میں ایک دیوار بنوا کر اس کو دو حصوں میں تقسیم کروا دیا تھا۔ جنوبی طرف قبلہ میں تین قبور اور شمالی طرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا کی رہائش گاہ بن گئی۔

**سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ يَقُولُ: قُسِمَ بَيْتُ عَائِشَةَ بِاثْنَيْنِ:قِسْمٌ كَانَ فِيهِ الْقَبْرُ. وَقِسْمٌ كَانَ تَكُونُ فِيهِ عَائِشَةُ. وَبَيْنَهُمَا حَائِطٌ**[6]

مالک بن انس کو کہتے سنا کہ حضرت عائشہؓ کا گھر دو حصوں میں منقسم کیا گیا تھا۔ ایک حصہ جس میں قبر تھی اور ایک حصہ جس میں وہ رہتی تھیں۔ ان دونوں کے درمیان دیوار تھی۔

معلوم ہوا کہ قبور اور رہائش گاہ میں نبی ﷺ کی تدفین کے بعد ہی علیحدگی اور فصل تھا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تدفین کے بعد دیوار بھی بنادی گئی تھی۔

۳۔ قبور کتنی جگہ گھیرے ہوئی ہیں۔ اس کے بارے میں درج ذیل روایت سے اندازہ قائم کیا گیا ہے۔

**عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: يَا أُمَّةَ اكْشِفِي لِي عَنْ قَبْرِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَصَاحِبَيْهِ. فَكَشَفَتْ لِي عَنْ ثَلاثَةِ قُبُورٍ لا مُشْرِفَةٍ وَلا لاطِئَةٍ مَبْطُوحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ. زاد الحاكم: فرأيت رسول الله صلّى الله عليه وسلّم مقدما، وأبا بكر رأسه بين كتفي النبي صلّى الله عليه وسلّم، وعمر رأسه عند رجلي النبي صلّى الله عليه وسلّم** [7]

قاسم بن محمد بن ابی بکر کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا کے پاس گیا اور میں نے عرض کی اے اماں جان! میرے لیے نبی ﷺ اور ان کے دونوں ساتھیوں کی قبریں کھول دیجیے۔ آپ رضی اللہ عنھا نے میرے لیے تینوں قبور کھول دیں جو نہ تو زمین سے بلند تھیں اور نہ

زمین سے ملی ہوئی تھیں اور ان کے اوپر میدان کی سرخ کنکریاں ڈالی ہوئی تھیں۔ حاکم نے اضافہ کیا ہے کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ پہلے ہیں اور ابو بکرؓ کا سر نبی ﷺ کے کندھوں کے مابین ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سر نبی ﷺ کے قدموں میں ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے قد مبارک اور حضرت عمر رضی اللہ کی طوالت کو مد نظر رکھا جائے تو قبور کی مساحت شرقاً غرباً پندرہ فٹ سے زیادہ نہیں ہو گی۔ جب کہ حجرہ مبارکہ کی جنوب کی طرف قبلہ کی دیوار کی لمبائی بائیس فٹ چھ انچ ہے۔[8]

اس سے معلوم ہوا کہ رہائش گاہ کے لیے قبور کے بعد بہت زیادہ جگہ باقی تھی۔

۴۔ باقی روایات میں منقول اس بات کہ رسول اللہ ﷺ سجدہ فرماتے تو حضرت عائشہ پاؤں سمیٹ لیتیں اور جب آپ ﷺ قیام میں چلے جاتے تو پاؤں دراز کر لیتیں، یہ استدلال کرنا کہ جگہ اتنی ناکافی تھی کہ دو آدمیوں کے امور کی انجام دہی میں سہولت ہو، درست نہیں۔ کیونکہ روایت سے واضح ہے کہ یہ استراحت کے مقام کے پاس رسول اللہ ﷺ نماز ادا کرتے تھے۔ گویا جس مقام پر نماز ادا کرتے تھے وہ نماز ادا کرنے کے لیے تنگ تھی نہ کہ پورا حجرہ ہی چھوٹا اور تنگ تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے افعال کا مقصود شریعت کے احکام کا ابلاغ ہوتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کا اس مقام پر نماز ادا کرنا تعلیمِ دین کے لیے تھا۔

چنانچہ حضرت عائشہؓ نے اسی سے استدلال فرمایا:

**عن مسروقٍ قالَ: قيلَ عندَ عائشةَ: يَقطعُ الصلاةَ الحمارُ والكلبُ والمرأةُ. قالتْ: عَدَلتُمونا بالكلابِ والحميرِ، لَقد رأيتُني أَكونُ مع رسولِ اللهِ على السريرِ، فيقومُ مِن الليلِ فيُصلِّي وأَنا بينَه وبينَ القبلةِ**[9]

مسروقؒ سے منقول ہے کہ حضرت عائشہؓ کے سامنے کہا گیا کہ گدھے، کتے اور عورت کے سامنے آنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ فرمایا: تم نے عورت کو کتے اور گدھے کے برابر کر دیا۔ میں

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چارپائی پر ہوتی تھی۔ پھر آپ ﷺ رات کو نماز کے لیے اٹھتے اور میں ان کے سامنے قبلہ طرف لیٹی ہوتی تھی۔

اس روایت سے بہت سے مسائل فقہیہ پر استدلال کیا گیا ہے۔

**شبہ دوم**

**روي عن عائشة أنها قالت: كنت أدخل بيتي الذي فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم وإني واضع ثوبي، وأقول: إنما هو زوجي وأبي، فلما دفن عمر معهم فوالله ما دخلت إلا وأنا مشدودة عليَّ ثيابي حياءً من عمر رضي الله عنه. (مسند أحمد بن حنبل ٢٠٢/٦ ،المستدرك ٦٣/٣، قال الحاكم: «هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه». وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٢٦/٨: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح)**

**ومن غير المعقول أن عائشة بقيت كل وقتها في غرفتها مشدودة عليها ثيابها متحجبة من عمر حتى توفيت.**

عائشہؓ سے مروی ہے کہ آپؓ نے فرمایا: میں اپنے گھر کے اس حصے میں میں داخل ہوتی تھی جہاں رسول اللہ ﷺ کی قبر تھی اور میں کپڑوں کو سنبھالے ہوئے نہ ہوتی تھی اور میں کہتی کہ یہ میرے شوہر اور یہ میرے والد ہیں لیکن جب ان کے ساتھ عمرؓ دفن کر دیے گئے تو اللہ کی قسم حضرت عمرؓ سے حیا کے باعث میں کبھی نہیں داخل ہوئی مگر اس حال میں کہ میں نے اپنے کپڑوں میں لپٹی ہوتی تھی۔ (مسند احمد بن حنبل، المستدرک، حاکم نے کہا: یہ حدیث شیخین کی شرط کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کی تخریج نہیں؛ الھیثمی نے **مجمع الزوائد** میں کہا کہ اس کو روایت کیا احمد نے اور اس کے رواۃ صحیح روایت کے رواۃ ہیں)

یہ غیر عقلی بات ہے کہ حضرت عائشہ ہر وقت کمرے میں کپڑوں میں لپٹی، حضرت عمرؓ سے حالتِ حجاب میں رہتی تھیں اور تاوفات یہی حالت رہی۔

## تجزیہ

۱۔ اس روایت کے اندر الفاظ **فواللہ ما دخلت** وضاحت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ قبور والے حصے میں نہیں رہتی تھیں۔ "اللہ کی قسم میں داخل نہیں ہوئی" سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ وہ علیحدہ حصہ تھا جہاں وہ رہتی نہیں تھیں بلکہ بالخصوص جانا ہوتا تو جاتی تھیں۔ **دخلت** کے الفاظ کسی غرفے یا احاطے میں جو علیحدہ کر دیا گیا ہو، میں داخل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ لایعنی بات ہے کہ حضرت عائشہؓ کو تاوفات، ہر وقت حالتِ حجاب میں کپڑوں میں لپٹا رہنا پڑا ہو گا۔

۲۔ ابن شبۃ (المتوفیٰ: ۲۶۲ھ) اپنی کتاب **تاریخ المدینة** میں لکھتے ہیں:

**عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيَّةِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: «مَا زِلْتُ أَضَعُ خِمَارِي وَأَتَفَضَّلُ فِي ثِيَابِي فِي بَيْتِي حَتَّى دُفِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِيهِ، فَلَمْ أَزَلْ مُتَحَفِّظَةً فِي ثِيَابِي حَتَّى بَنَيْتُ بَيْنِي وَبَيْنَ الْقُبُورِ جِدَارًا فَتَفَضَّلْتُ بَعْدُ»**[10]

عمرہ بنت عبد الرحمان الانصاریۃ سے روایت ہے کہ عائشہؓ نے فرمایا: میں اپنی اوڑھنی ہٹائے ہوئے رہتی تھی اور میں اپنے گھر میں ایک ایک کپڑے میں ہی رہتی تھی یہاں تک کہ حضرت عمر بن الخطاب دفن کیے گئے تو میں اس کے بعد کبھی اپنے لباس سے بے گانہ نہیں ہوئی (یعنی اپنے ستر و حجاب کی حفاظت کرتی تھی) یہاں تک کہ میں نے قبور اور اپنے درمیان دیوار بنالی۔ اس کے بعد پھر میں ایک کپڑے میں رہ لیتی تھی۔

### شبہ سوم

**أنه روي أن عائشة أوصت بحجرتها إلى عبد الله بن الزبير، فقد أخرج البيهقي في سننه بسنده عن هشام بن عروة: كان عبد الله بن الزبير يعتد بمكة ما لا يعتد بها أحد من الناس، أوصت له عائشة رضي الله عنها بحجرتها، واشترى حجرة سودة (سنن البيهقي ۳۴/۶ ،الطبقات الكبرى لابن سعد ۱۱۸/۸)**

قلت: إذا كانت عائشة قد فعلت ذلك فمن المعلوم أن ابن الزبير لم يشتر الحجرة التي فيها قبر رسول الله صلى الله عليه وآله، ولم يكن المتصرّف فيه بعد عائشة، وهذا يدل على أن النبي صلى الله عليه وآله لم يدفن في حجرة عائشة، وإنما دفن في موضع آخر.

بل روى ابن سعد في الطبقات عن ابن أبي سبرة، قال: فأخبرني بعض أهل الشام أن معاوية أرسل إلى عائشة... واشترى من عائشة منزلها يقولون بمائة وثمانين ألف درهم، ويقال: بمائتي ألف درهم، وشرط لها سكناها حياتها، وحمل إلى عائشة المال، فما رامت من مجلسها حتى قسمته. ويقال: اشتراه ابن الزبير من عائشة، بعث إليها يقال: خمسة أجمال بخت تحمل المال، فشرط لها سكناها حياتها، فما برحت حتى قسمت ذلك، فقيل لها: لو خبأت لنا منه درهماً. فقالت عائشة: لو ذكرتموني لفعلت. (الطبقات الكبرى ١۶۴/٨)

ولا يمكن أن نتصور أن تبيع عائشة الحجرة التي دفن فيها رسول الله صلى الله عليه وآله وأبو بكر وعمر إلى معاوية، فإن ذلك ليس حقا لها ليصح لها بيعه!!

مروی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے عبد اللہ بن الزبیر کے لیے اپنے حجرے کی وصیت کی تھی۔ بیہقی اپنی سنن میں اپنی سند کے ساتھ روایت کی تخریج کی ہے کہ ھشام بن عروہ نے کہا: عبد اللہ بن الزبیر مکہ میں اس قدر التزاماً رہتے تھے کہ لوگوں میں سے کوئی بھی ایسے نہیں رہتا ہو گا۔ حضرت عائشہؓ نے ان کے لیے اپنے حجرے کی وصیت کر دی۔ انہوں نے حضرت سودۃ کا حجرہ خرید لیا تھا۔

میں کہتا ہوں کہ اگر حضرت عائشہ نےؓ یہ کیا تو معلوم بات ہے کہ ابن الزبیر نے اس حجرے کو نہیں خریدا جس میں قبرِ رسول تھی۔ حضرت عائشہؓ کے بعد وہ اس میں متصرف بھی نہیں تھے۔ یہ دلالت کرتا ہے کہ نبی ﷺ حجرۂ عائشہ میں دفن نہیں ہوئے بلکہ کسی اور مقام پر دفن ہوئے۔

بلکہ ابن سعد نے **الطبقات** میں ابن سبرۃ سے یہ روایت کیا: انہوں نے کہا مجھے بعض اہلِ شام نے خبر دی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہؓ کو پیغام بھیجا۔۔۔ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہؓ سے ایک لاکھ اسی ہزار درہم میں ان کا گھر خرید لیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے دو لاکھ درہم میں خریدا تھا۔ اس شرط کے ساتھ کہ پوری زندگی اس میں رہائش پذیر رہیں گی۔ حضرت عائشہؓ تک یہ مال پہنچایا تو وہ اس مجلس سے گئی ہی نہیں جب تک اس کو تقسیم نہ کر لیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کو ابن الزبیر نے خرید لیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے پانچ طاقتور اونٹنیوں کے بقدر مال لاد کر بھیج دیا۔ وہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں جب تک تقسیم نہیں کر دیا۔ کہا گیا: اگر کچھ درہم ہمارے لیے پس پشت کر لیتیں؟ تو عائشہؓ نے کہا مجھے پہلے یاد کروا دیتے تو میں یہ کر لیتی۔ (**الطبقات الکبریٰ**)

یہ ممکن نہیں کہ ہم یہ تصور کریں کہ حضرت عائشہ نے وہ حجرہ حضرت معاویہؓ کے ہاتھ بیچ دیا جس میں رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما دفن تھے۔ یہ ان کا حق نہیں، نہ ہی یہ بیع درست تھی۔

**تجزیہ**

**ا۔** حضرت عائشہؓ نے اپنی رہائش و قیام گاہ فروخت کی نہ کہ قبورِ ثلاثہ کی جگہ۔ جب روایت میں **منزلہا** کے الفاظ ہیں تو اس مراد رہائش گاہ ہے نہ کہ قبور کیونکہ قبور کا حصہ گھر سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔

**۲۔** بالفرض محال اگر قبور کی جگہ بھی فروخت کی گئی ہو تو بھی اس میں کوئی شرعی قباحت نہیں کیونکہ ملکیتی جگہ کو فروخت کر دینا چاہے اس میں قبور ہوں یا منازل کوئی ناجائز یا ناپسندیدہ امر نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے مسجد نبوی کی جو جگہ خرید فرمائی تھی یہ بھی قبور کا مقام تھا۔[11]

**۳۔** اگر حضرت عائشہؓ اس کو فروخت نہ کرتیں اور آپ اسی حال میں دنیا سے رخصت ہوتیں کہ یہ آپؓ کی تملیک میں ہوتا تو اس پر کوئی تصرف ممکن نہ ہوتا اور اس کی بقا بعینہ رکھنا شرعی امر بن جاتا۔

(راقم کے نزدیک عبد اللہ بن الزبیرؓ کے خریدنے کی روایت مرجوح ہے اور حضرت معاویہؓ کے خریدنے کی روایت راجح ہے۔ اس کی داخلی دلیل یہ ہے کہ عبد اللہ بن الزبیرؓ کا پانچ طاقتور اونٹنیوں پر لاد کر مال بھیجنا تب ممکن ہے کہ جب وہ حاکم ہوں اور ان کے پاس مالِ خمس آرہا ہو یا ان کے پاس بہت مال ہو۔ خلیفہ وہ حضرت عائشہؓ کی وفات کے بعد بنے اور ان کا کثیر المال ہونا منقول نہیں۔ پھر ایک طرف ان کے لیے حضرت عائشہ کا وصیت کرنا مروی ہے اور دوسری طرف بیع کرنا منقول ہے۔ یہ تناقض ہے)

**شبہ چہارم**

**روى الدارمي في سننه ٤٧/١ بسنده عن أوس بن عبد الله، قال: قحط أهل المدينة قحطاً شديداً، فشكوا إلى عائشة، فقالت: انظروا قبر النبي صلى الله عليه وسلم، فاجعلوا منه كوىً إلى السماء، حتى لا يكون بينه وبين السماء سقف، قال: ففعلوا، فمُطرنا مطراً حتى نبت العشب، وسمنت الإبل حتى تفتَّقت من الشحم، فسُمّي عام الفتق. (صحَّح هذا الحديث الشيخ عبد الله الصديق الغماري، وقال: ضعَّف الألباني هذا الأثر بسعيد بن زيد، وهو مردود؛ لأن سعيداً من رجال مسلم، ووثقه يحيى بن معين. وضعفه أيضاً باختلاط أبي النعمان، وهو تضعيف غير صحيح؛ لأن اختلاط أبي النعمان لم يؤثر في روايته، قال الدارقطني: تغيَّر بأخرة، وما ظهر له بعد اختلاط حديث منكر، وهو ثقة. وقول ابن حبان: وقع في حديثه المناكير الكثيرة بعد اختلاطه، ردَّه الذهبي، فقال: لم يقدر ابن حبان أن يسوق له حديثاً منكراً، والقول فيه ما قال الدارقطني، وابن تيمية كذَّب أثر عائشة، ولا عبرة به؛ لجرأته على تكذيب ما يخالف هواه، والحمد لله رب العالمين. (إرغام المبتدع الغبي بجواز التوسل بالنبي)).**

**وكلامها ظاهر في أنه مكان آخر غير الغرفة التي كانت تسكن فيها عائشة، إذ من غير المتوقع أن تشير عائشة عليهم بهدم سقف الحجرة التي كانت تسكن فيها، فلا تحميها من مطر ولا حر ولا برد.**

دارمی نے اپنی سند کے ساتھ اپنی سنن میں اوس بن عبد اللہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: اہلِ مدینہ شدید قحط میں مبتلا ہوئے۔ انہوں نے حضرت عائشہؓ سے شکایت کی۔ انہوں نے فرمایا: قبر نبی ﷺ کی زیارت کرو، اس میں ایک کھڑکی آسمان کی طرف بنادو تاکہ آسمان اور قبر نبی ﷺ کے مابین کوئی چھت کی آڑ باقی نہ رہے۔ انہوں نے بتایا کہ لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ چنانچہ ہم پر اس قدر بارش برسی کہ سرسبز گھاس اگ آئی، اونٹ موٹے ہوگئے یہاں تک کہ چربی سے پھٹ پڑے۔ اس سال کو **عام الفتق** کا نام دیا گیا۔ الشیخ عبد اللہ الصدیق الغماری نے اس روایت کی تصحیح کی ہے۔ کہا: الالبانی نے سعید بن زید کے باعث اس اثر کی تضعیف کی ہے۔ یہ تضعیف مردود ہے کیونکہ سعید بن زید مسلم کے رجال میں سے ہیں۔ یحییٰ بن معین نے اس کی توثیق کی ہے۔ ابو النعمان کے اختلاط کے باعث بھی اس کی تضعیف کی ہے۔ یہ تضعیف بھی درست نہیں۔ کیونکہ ابو النعمان کا اختلاط اس کی روایت میں مؤثر نہیں۔ الدار قطنی نے کہا کہ آخرِ عمر میں اختلاط ہوا۔ اختلاط کے بعد جو روایت کی ہے وہ منکر ہے اور وہ ثقہ ہے۔ ابن حبان کا قول ہے: اختلاط کے بعد اس کی روایات میں کثرت سے مناکیر ہیں۔ الذھبی نے تردید کرتے ہوئے کہا ہے: ابن حبان کا اختیار نہیں کہ اس کی طرف منکر حدیث کو منسوب کریں۔ جو الدارقطنی نے کہا ہے وہ ٹھیک ہے۔ ابن تیمیہؒ نے اس اثر کو کذب قرار دیا ہے۔ اس کا کوئی اعتبار نہیں بسبب ان کی جسارت کے کہ جو ان کی مرضی کے خلاف ہو اس کو کذب قرار دے دیتے ہیں۔ (**إرغام المبتدع الغبي بجواز التوسل بالنبي**)

حضرت عائشہؓ کے کلام سے واضح ہے کہ وہ کوئی ان کے رہائشی کمرے کے علاوہ کوئی مقام تھا۔ کیونکہ یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ اپنے حجرے کی چھت کو منہدم کرنے کا مشورہ دیں جس میں رہائش پذیر ہوں جس کا نتیجہ ہو کہ وہ بارش سے محفوظ نہ رہ سکیں اور نہ ہی سردی گرمی سے بچ سکیں۔

**تجزیہ:**

۱۔ کیا کسی کمرے میں عارضی کھڑکی یا روشن دان بنانے کا مطلب یہ ہے کہ اب کبھی اسے بند نہیں کیا جا سکتا اور اس سے بارش یا دھوپ کی تکلیف ہمیشہ برداشت کرنا پڑے گی؟ یہ کس عقلی اصول سے لازم آیا؟ کیا گھروں میں ضرورتوں کے تحت چھتوں میں شگاف نہیں ڈالے جاتے جو کہ ضرورت پوری ہونے پر بند کر دیے جاتے ہیں؟

۲۔ اگر چھت میں وہ شگاف ڈالا گیا تو روایت کے مطابق واضح ہے کہ قبر نبوی اور آسمان کے مابین آڑ دور کرنے کے لیے ڈالا گیا۔ قبر کے بالکل اوپر شگاف سے حضرت عائشہؓ کے لیے رہائش کی تکلیف کا کیا معنی؟ بارش یا دھوپ قبرِ نبی ﷺ پر پڑنی تھی نہ کہ حضرت عائشہؓ پر۔

۳۔ اگر قبرِ نبی ﷺ کے مقام کا حضرت عائشہؓ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں تھا تو ان سے مشاورت کا کیا معنی رہ جاتا ہے اور ان کے کہنے پر چھت میں شگاف ڈال دینے کا کیا جواز ہو گا؟ کسی دوسرے کے گھر میں حضرت عائشہؓ کے کہنے پر شگاف ڈال دینا کیسے لوگوں نے تسلیم کر لیا؟

۴۔ یہ ایک مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ قبورِ ثلاثہ کا مقام، حضرت عائشہؓ کے حجرے کا رہائشی حصہ نہیں تھا۔ جیسا کہ اوپر روایات سے ثابت کیا جا چکا ہے۔

**شبہ پنجم**

أن الحوادث الكثيرة دلت على أن الناس كانوا في حياة عائشة يأتون إلى قبر النبي صلى الله عليه وآله، وربما جلسوا عنده، فهل كان بيت عائشة مفتوحاً لكل من يريد الدخول لزيارة قبر رسول الله صلى الله عليه وآله؟

وهذه الحوادث كلها تدل على أن النبي صلى الله عليه وآله دفن في مكان واسع آخر غير غرف نسائه، وهو المكان الذي كان يلتقي فيه بالناس، وهو مكان قريب من غرف نسائه.

(ما رواه الإمام أحمد بن حنبل بسنده عن عائشة قالت: ما علمنا بدفن رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى سمعت صوت المساحي من آخر الليل ليلة

الأربعاء. (مسند أحمد بن حنبل (٦٢/٦)

وأخرج عبد الرزاق في مصنفه بسنده عن عائشة قالت: ما شعرنا بدفن النبي صلى الله عليه وسلم حتى سمعنا صوت المساحي من آخر الليل. (المصنف ٣٣٩/٣).

وهذا يدل على أن النبي صلى الله عليه وآله دفن في بيت آخر غير بيت عائشة، وإلا لو دفن النبي صلى الله عليه وآله في بيت عائشة لعلمت بذلك حتماً.

والنتيجة أن الذي يظهر من مجموع ذلك أن النبي صلى الله عليه وآله لم يدفن في بيت عائشة، وإنما دفن صلى الله عليه وآله كما قلنا في حجرة خاصة كان يستقبل النبي صلى الله عليه وآله فيها الناس، ولم تكن تلك الحجرة حجرة عائشة ولا غيرها من زوجات رسول الله صلى الله عليه وآله، إلا أن عائشة صارت تدَّعي أن النبي صلى الله عليه وآله دُفن في حجرتها، فصدَّقها الناس، مع أن الأمر لم يكن كذلك

ولا يخفى أنه ليس الغرض من هذا البحث هو التقليل من عائشة أو سلبها فضيلة ثبتت لها؛ لأن ثبوت أن النبي صلى الله عليه وآله لم يدفن في بيت عائشة لا يستلزم القدح في عائشة كما لم يستلزم القول بأن النبي صلى الله عليه وآله دُفن في بيت عائشة أي قدح في زوجات رسول الله صلى الله عليه وآله الأخريات

وبالمقابل فإن ثبوت أن قبر النبي صلى الله عليه وآله في بيت عائشة لا يدل على أي فضيلة لعائشة: لأنه بالنتيجة بيت من بيوت النبي صلى الله عليه وآله كما قلنا، وهو كسائر بيوته الأخرى.

کثیر حوادث کا وقوع دلالت کرتا ہے کہ لوگ حضرت عائشہؓ کی حیات میں قبر نبی ﷺ پر آیا کرتے تھے۔اور ممکنہ طور پر وہاں بیٹھا کرتے تھے کیا عائشہؓ کا گھر ہر اس شخص کے لیے ہمیشہ کھلا رہتا تھا جو بھی قبرِ رسول ﷺ کی زیارت کرنے کا خواہش مند ہوتا تھا؟

یہ سب حوادث دلالت کرتے ہیں کہ کہ نبی ﷺ ازواج کے حجروں کے علاوہ کسی وسیع مقام پر دفن کیے گئے۔ یہ وہ مقام تھا جہاں لوگ بالعموم آتے جاتے تھے۔ یہ ازواج کے گھروں کے قریب تھا۔ (امام احمد بن حنبل نے اپنی سند سے جو روایت کیا ہے کہ عائشہؓ نے فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ کے دفن کیے جانے کا پتا نہیں چلا مگر جب ہم نے رات کے آخری پہر بدھ کی رات مٹی ڈالنے کی آواز سنی (مسند احمد بن حنبل)

عبد الرزاق نے اپنی **مصنف** میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ کے دفن کیے جانے کا احساس نہیں ہوا یہاں تک کہ ہم نے رات کے آخری پہر بدھ کی رات مٹی ڈالنے کی آواز سنی۔ اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کسی اور کے گھر میں دفن کیے گئے کیونکہ اگر حضرت عائشہ کے گھر میں دفن کیے گئے ہوتے تو ان کو یقیناً اور حتمی طور پر تدفین کا پتا چلتا۔

مجموعی طور پر یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ نبی ﷺ بیتِ عائشہ میں دفن نہیں کیے گئے۔ نبی ﷺ کی تدفین کسی اور خاص حجرے میں کی گئی جہاں نبی ﷺ لوگوں سے ملاقات کیا کرتے تھے۔ یہ حجرہ عائشہؓ اور دیگر ازواج میں سے کسی کا بھی نہیں تھا مگر بعد میں حضرت عائشہؓ نے دعویٰ کر دیا کہ میرے حجرے میں دفن کیے گئے ہیں اور لوگوں نے اس کی تصدیق کی حالانکہ معاملہ ایسا نہیں تھا۔

اس بحث کا مقصد حضرت عائشہ کو کم دکھانا یا ان کی ثابت شدہ فضیلت ان سے سلب کرنا نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ثابت کرنے سے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں دفن نہیں ہوئے ان کی شان میں نقص لازم نہیں آتا جیسا کہ یہ ثابت کرنے سے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں دفن ہوئے اس سے دیگر ازواج کی شان میں نقص لازم نہیں آتا ہے۔

اسی طرح حضرت عائشہؓ کے گھر میں نبی ﷺ کی قبر ثابت کرنے سے حضرت عائشہؓ کی کسی فضیلت پر دلالت نہیں ہوتی۔

کیونکہ بہر حال نتیجتاً وہ نبی ﷺ کے دیگر گھروں کی طرح ایک گھر ہے۔

یہ عبارت در حقیقت متعدد شکوک واوہام کا مجموعہ ہے۔

**اول: زیارتِ قبر نبوی کے لیے لوگوں کی کثرت سے آمد ورفت ہوتی ہوگی تو کیا یہ گھر ہمیشہ کھلا رہتا تھا جس میں سیدہ عائشہ رہتی تھیں۔ وہ کیسی رہائش گاہ ہوگی جو ہمہ وقت کھلی رہتی ہو؟**

ا۔ رسول اللہ ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما کی قبر کی زیارت کے لیے جو لوگ بھی آتے سیدہ عائشہؓ کی اجازت سے ہی آتے تھے نہ کہ ہر وقت دروازہ کھلا رہتا تھا۔ جیسا آپ کے بھتیجے قاسم بن محمد بن ابی بکر کی روایت میں ہے۔

**عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: يَا أُمَّةَ اكْشِفِي لِي عَنْ قَبْرِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَصَاحِبَيْهِ. فَكَشَفَتْ لِي**[12]

قاسم بن محمد بن ابی بکر کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا اور میں نے عرض کی اے اماں جان! میرے لیے نبی ﷺ اور ان کے دونوں ساتھیوں کی قبریں کھول دیجیے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے میرے لیے تینوں قبور کھول دیں

۲۔ محققین کے نزدیک حجرۂ عائشہؓ کے بیرونی دروازے تین تھے۔ (اندرونی دروازے اس کے علاوہ تھے)

**ایک دروازہ:** نبی ﷺ نے جس دروازے کو اپنے لیے مختص کیا تھا۔ اسی سے رسول اللہ ﷺ اپنا سر مبارک دورانِ اعتکاف گھر میں اندر کر دیتے تو حضرت عائشہ رضی اللہ کنگھی کر دیا کرتی تھیں۔[13] یہی وہ دروازہ جہاں سے حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ ﷺ کی اوٹ میں کھڑے ہو کر حبشیوں کا کھیل دیکھا تھا۔[14]

**دوسرا دروازہ:** آپ ﷺ کی وفات ہوئی تو جس دروازے سے صحابہ کرام حجرے میں داخل ہو کر صلاۃ وسلام پڑھتے تھے۔ امام شافعیؒ نے اس دروازے کے بارے میں کہا کہ دروازے کی دائیں جانب ہے۔ یہ دروازہ مغربی طرف تھا۔[15]

**تیسرا دروازہ:** وہ دروازہ جس سے صحابہ وفاتِ نبی ﷺ کے وقت صلاۃ وسلام پڑھ کے نکل جاتے تھے۔

**فَكَانُوا يَدْخُلُونَ مِنْ هَذَا الْبَابِ فَيُصَلُّونَ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَخْرُجُونَ مِنَ الْبَابِ الْآخَرِ**[16]

وہ اس دروازے سے داخل ہوتے تھے، درود پڑھتے تھے پھر دوسرے دروازے سے نکل جاتے تھے۔

یہ دروازہ ملکِ شام کی سمت میں تھا۔[17]

لہٰذا ایک ہی دروازہ نہیں تھا کہ داخلے کے لیے ہر وقت سیدہ عائشہؓ کے لیے دقت ہو۔ اس لیے ضرور ایک دروازہ مختص کر دیا ہو گا جس سے زائرین داخل ہو کر زیارت کر کے چلے جاتے ہوں گے۔

**۳:** آج بھی معروف صالحین وصوفیا کی قبور جہاں زائرین کی کثیر تعداد جاتی ہے، کی رسائی قبور تک نہیں ہوتی بلکہ محض قبور پر بنی عمارات کے دروازوں تک محدود ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ اور شیخین کی قبور تک رسائی کی بار بار سعی صحابہ و تابعین کے ہاں نہیں پائی جاتی تھی بلکہ وہ حجرۂ نبوی ﷺ تک محدود رہتے تھے۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی تعمیر کے بعد غالباً قبورِ ثلاثہ کو مستقل بند کر دیا گیا اور آج تک کسی نے زیارت نہیں کی۔

**دوم: احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہؓ کو تدفین کا پتا قبر کی مٹی ڈالنے کی آواز سن کر چلا۔ اگر ان کا حجرہ تھا اور وہیں تدفین ہو رہی تھی تو ان کا آنکھوں دیکھا حال ہونا چاہیے تھا؟**

**ا۔** یہ کیسے ممکن تھا کہ ازواج مطہرات سب کی سب اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھن بوقت تدفین مردوں کے درمیان کھڑی ہوتیں۔ یقیناً وہ سب اسی حجرے میں دوسرے غرفے میں

پردے میں موجود ہوں گی۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہ روایت منقول ہے کہ انہیں کھودنے کے آلات کی آواز سے تدفین کا پتا چلا۔[18]

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی بوقتِ تدفین موجود نہیں تھیں۔ صحیح ابن حبان کی روایت کے الفاظ ہیں:

قَالَ أَنَسٌ: «فَلَمَّا دَفَنَّاهُ مَرَرْتُ بِمَنْزِلِ فَاطِمَةَ، فَقَالَتْ: يَا أَنَسُ أَطَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ؟[19]

انس فرماتے ہیں جب ہم نے آپ ﷺ کو دفنا دیا تو ہم فاطمہؓ کے گھر چلے گئے۔ انہوں نے کہا اے انس تمہارا دل کیسے مان گیا کہ تم نے رسول اللہ ﷺ پر مٹی ڈال دی؟

اس روایت میں تدفین کے بعد حضرت انس کا حضرت فاطمہ کے گھر جانا تصریحاً بیان ہوا۔ اگر فاطمہؓ دفن کے وقت موجود ہوتیں تو وہاں جانے کی ضرورت نہ تھی اور آپؓ کا یہ ارشاد بھی نہ ہوتا

۲۔ حدیث کے الفاظ صَوْتَ الْمَسَاحِي سے مراد مٹی ڈالنے کی آواز ہے یا جاتے ہوئے لوگوں کے قدموں کی آواز یا کھودنے کے آلات کی آواز، یہ لفظ دلالت کرتا کہ آپ بالکل قریب تھیں۔ کیونکہ دور سے یہ آواز آہی نہیں سکتی تھی۔ قریب ترین جگہ آپ کا اپنا حجرہ ہی ہو سکتا۔[20]

۳۔ رسول اللہ ﷺ کی تدفین وفات سے تین دن بعد ہوئی۔ اس لیے کسی کے لیے طبعاً ممکن نہیں تھا کہ مسلسل جسمِ مقدس کے پاس موجود رہتا۔ خواتین کے لیے وہاں موجود رہنا مزید ناممکن تھا جب کہ مرد کثرت سے آ رہے تھے۔

**سوم: حجرۂ عائشہ میں اگر تدفینِ رسول اللہ ﷺ ثابت ہو جائے تو یہ عائشہؓ کا فضل نہیں۔ کیونکہ اس دفن میں ان کا کوئی دخل و کردار نہیں۔ اگر بالفرض یہ ثابت ہو جائے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں دفن نہیں ہوئے تو اس سے ان کی عدمِ فضیلت نہیں ثابت نہیں ہوتی کیونکہ باقی ازواج کے گھر میں بھی تو تدفین نہیں ہوئی تو کیا اس سے ان کی عدم فضیلت ثابت ہوتی ہے؟**

۱۔ کوئی شک نہیں کہ سیدہ عائشہؓ کے فضائل و مناقب کی کثرت ہے اور ان کی شان صرف حجرۂ عائشہ میں رسول اللہ ﷺ کی تدفین تک محدود نہیں لیکن ایک ایک کر کے فضائل کا انکار کیا جائے اور یہ بھی کہتے جائیں فضیلت صرف اس میں ہی محدود نہیں۔ یہ طریقہ فضیلت تسلیم کرنے کی بجائے در اصل عناد نکالنے کا طریقہ ہے۔ اس طرح کا حکم تو ایک ایک کر کے ہر فضیلت کے بارے میں لگایا جا سکتا۔ جیسے کہا جائے کہ جبریل ﷺ کا رسول اللہ ﷺ کو حضرت عائشہؓ سے نکاح سے قبل ان کی تصویر دکھانا ایسا نہیں کہ اگر ثابت نہ ہو تو سیدہ عائشہؓ کے لیے فضل میں کمی آئے گی۔ یقیناً نہیں کمی آئے گی مگر جو ثابت شدہ ہے اس کو کیوں مشکوک بنایا جائے؟

**۲۔** خاتم النبیین ﷺ کا مرقد ہونا اس مقام کے لیے بہت بڑا اشرف و فضل ہے۔ چونکہ یہ بیتِ عائشہؓ تھا اس لیے یہ شرف ان کا مقدر ہوا کہ رسول اللہ ﷺ تا قیامِ قیامت یہاں آرام فرما ہیں۔ یہ مقامِ جنت ہے اور رسول اللہ ﷺ کی تخلیق میں اس حجرے کے مقام کی مقدس مٹی کی جلوہ آرائیاں ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کا کسی جگہ موجود ہونا کتنا بڑا فضل ہے قرآن کا ارشاد ہے:

**وَما كانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ**[21]

اللہ ان مشرکین کو عذاب نہیں دے گا جب تک کہ آپ ان کے درمیان موجود ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کا محض کسی جگہ کھڑا ہونا کس قدر کرم و رحمت کا باعث ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کسی منافق کی قبر کے پاس کھڑا ہونے سے بھی منع کر دیا۔

**وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ**[22]

**۳۔** یہ درست ہے کہ دیگر ازواج کے گھر میں رسول اللہ ﷺ کی عدم تدفین ان کے نقص کی دلیل نہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے یہ شرف ملنا حضرت عائشہؓ کے تفوق و فضل کی دلیل ہے۔ جس طرح خاتم النبیین ہونا رسول اللہ ﷺ کا شرف و فضل ہے لیکن یہ دیگر انبیا کے نقص و عیب کی دلیل نہیں۔

۴۔ اگر معترض کے نزدیک حجرۂ عائشہؓ میں رسول اللہ ﷺ کی عدمِ تدفین کا اثبات انؓ کے حق میں قدح نہیں اور تدفین کا اثبات ان کا فضل نہیں تو آخر کیا ضرورت پیش آئی کہ عدمِ تدفین کے حق میں استدلالات کیے جائیں۔ جب دو طرفہ صورت میں کچھ فرق نہیں پڑتا تو آخر انہوں نے امت کے اجماع و تواتر کے خلاف "عدمِ تدفین کا اثبات" کیوں پسند کیا؟

۵۔ اگر رسول اللہ ﷺ کا کسی مقام پر دفن ہونا اس مقام کے لیے، ساتھ دفن ہونے والوں کے لیے اور اس جگہ کی مالکہ کے لیے فضل نہیں تو یہ ثابت کرنے کی کوشش کیوں کی جاتی ہے کہ جہاں رسول اللہ ﷺ دفن ہیں یہ حجرۂ فاطمہؓ ہے، حجرۂ عائشہؓ نہیں؟ پھر جب کوئی شرف و فضل نہیں تو سیدنا حسن بن علی بن ابی طالبؓ نے اس مقام پر تدفین کی خواہش و کوشش کیوں کی؟[23]

## حوالے و حواشی

[1] ۔ ابن عبد البر، یوسف بن عبد اللہ، ابو عمر، القرطبی (المتوفی: ۴۶۳ھ)، الاستذکار، تحقیق: سالم محمد عطا، محمد علي معوض، دار الكتب العلمية، بیروت، طبع اول، ۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء، ۳/ ۵۴

[2] ۔ ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، ابو الفداء (المتوفی: ۷۷۴ھ)، البداية والنهاية، تحقیق: عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی، دار هجر، بیروت، طبع اول، ۱۴۱۸ھ / ۱۹۹۷ء، ۸/ ۱۵۳

[3] ۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ (المتوفی: ۲۵۶ھ)، الادب المفرد، تحقیق: سمیر بن قمین الزهیری، مكتبة المعارف، الریاض، طبع اول، ۱۴۱۹ھ / ۱۹۹۸ء، ص ۲۳۰

[4] ۔ مفتی محمد شفیع، مولانا، اوزان شرعیہ، ادارۃ المعارف، کراچی، طبع سوم، ۱۳۸۲ھ، ص ۴۶

[5] ۔ ڈاکٹر رانا محمد اسحاقؒ اور ڈاکٹر خالد مدنی نے اپنی تصنیف میں حجرۂ نبوی کے احاطہ سے متعلق یہ تحقیق بیان کی ہے۔

"مشرق سے مغرب تک جنوبی سمت قبلہ کی طرف ۱۵/فٹ،۶/انچ
مشرق سے مغرب تک شمال کی طرف ۱۵ /فٹ،۵/انچ
شمال سے جنوب تک مشرق کی طرف ۱۱ /فٹ،۵/انچ
شمال سے جنوب تک مغرب کی طرف ۱۱ /فٹ،۵/انچ"

(محمد اسحاق، ڈاکٹر خالد مدنی، مدینۃ النبی، ادارہ اشاعت اسلام، لاہور، پہلا ایڈیشن، ۲۰۰۹ء، ص۲۴۹)

[6] ۔ ابن سعد، محمد بن سعد، ابو عبد اللہ ، البغدادی (المتوفی:۲۳۰ھ)، **الطبقات الکبریٰ**، تحقیق: محمد عبد القادر عطا، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، طبع اول، ۱۴۱۰ھ / ۱۹۹۰ء، ۲/۲۲۴

[7] ۔ السمھودی، علی بن عبد اللہ ، نور الدین ، ابو الحسن (المتوفی:۹۱۱ھ)، **وفاء الوفاء باخبار دار المصطفی**، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، طبع اول، ۱۴۱۹ھ، ۲/۱۱۶

[8] ۔ **مدینۃ النبی**، ص۲۸۰

[9] ۔ المخلص، محمد بن عبد الرحمن، البغدادی (المتوفی:۳۹۳ھ)، **المخلصیات واجزاء اخری لابی طاھر المخلص**، تحقیق: نبیل سعد الدین جرار، وزارۃ الاوقاف والشؤون الاسلامیۃ، قطر، طبع اول، ۱۴۲۹ھ / ۲۰۰۸ء، ۳/ ۲۶۷

[10] ۔ ابن شبہ، عمر بن زید، البصری، ابو زید (المتوفی:۲۶۲ھ)، **تاریخ المدینۃ** ، تحقیق: فھیم محمد شلتوت، ۱۳۹۹ھ، ۳/ ۹۴۵

[11] ۔ البخاری، محمد بن اسماعیل ،ابو عبداللہ ،**صحیح البخاری**، تحقیق: محمد زھیر بن ناصر الناصر، دار طوق النجاۃ، طبع اول، ۱۴۲۲ھ، ۱/ ۹۳، رقم حدیث: ۴۲۸، **كِتَابُ الصَّلاَةِ، بَابٌ: هَلْ تُنْبَشُ قُبُورُ مُشْرِكِي الجَاهِلِيَّةِ، وَيُتَّخَذُ مَكَانُهَا مَسَاجِدَ**

[12] **وفاء الوفاء بأخبار دار المصطفی**، ۲/۱۱۶

[13]- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ المُثَنَّى، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: «كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْغِي إِلَيَّ رَأْسَهُ وَهُوَ مُجَاوِرٌ فِي المَسْجِدِ، فَأُرَجِّلُهُ وَأَنَا حَائِضٌ» (صحیح البخاری، كِتَابُ الِاعْتِكَافِ، بَابُ الحَائِضِ تُرَجِّلُ رَأْسَ المُعْتَكِفِ، ۳/ ۴۸، رقم حدیث: ۲۰۲۸)

[14]- حَدَّثَنَا عَبْدُ العَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: «لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عَلَى بَابِ حُجْرَتِي وَالحَبَشَةُ يَلْعَبُونَ فِي المَسْجِدِ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِي بِرِدَائِهِ، أَنْظُرُ إِلَى لَعِبِهِمْ»(صحيح البخارى، كِتَابُ الصَّلاَةِ، بَابُ أَصْحَابِ الحِرَابِ فِي المَسْجِدِ، ۱/ ۹۸، رقم حدیث: ۴۵۴)

[15]- الادب المفرد ، ص۲۳۰، رقم حدیث: ۴۵۱

[16]- ابن حنبل، احمد بن محمد، ابو عبد اللہ، (المتوفی: ۲۴۱ھ)، **مسند الامام احمد بن حنبل**، تحقیق: شعیب الارنؤوط، عادل مرشد، وآخرون، اشراف: د عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، طبع اول، ۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۱ء، ۳۴/ ۳۶۵، رقم حدیث: ۲۰۷۶۶

[17]- الشثری، عبد الرحمان بن سعد بن علی ، **حجرة النبی ﷺ: تاريخها و احكامها**، مکتبۃ الملک الفہد الوطنیۃ اثناء النشر، الریاض، طبع اول، ۱۴۳۵ھ، تحت: **المسألة الخامسة: ابواب حجرة النبی ﷺ**، ص۳۹-۴۱

[18]- مالک بن انس المدنی (المتوفی: ۱۷۹ھ)، **الموطأ**، تحقیق: محمد مصطفی الاعظمی، مؤسسۃ زاید بن سلطان آل نہیان، ابوظبی، طبع اول، ۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۴ء، ۲/ ۳۲۵، رقم حدیث: ۷۹۲

[19]۔ ابن حبان، محمد بن حبان، التمیمی، ابو حاتم (المتوفی: ۳۵۴ھ)،صحیح ابن حبان بترتیب ابن بلبان، تحقیق: شعیب الارنؤوط، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، طبع دوم، ۱۴۱۴ھ / ۱۹۹۳ء، ۱۴/ ۵۹۲، بَابُ وَفَاتِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذِكْرُ:الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ هَذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ، رقم حدیث:۶۶۲۲

[20]۔ مسند احمد کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے: قَالَ مُحَمَّدٌ: وَالْمَسَاحِي:الْمُرُورُ (مسند احمد بن حنبل، رقم حدیث:۲۴۳۳۳، ۴۰/۳۹۱)، جناب مصطفیٰ اعظمیؒ نے مؤطا میں اس حدیث کے حاشیے میں لکھا ہے جمع كريز هو الفأس»، وفي ق «هي الفؤوس»، واحدها كرزن" وقع الكرازين» أي: صوت المساحي ومعناه: أخذتها دهشة،

[21]۔ الانفال، ۳۳

[22]۔ التوبہ، ۸۴

[23]۔ یہ اشکالات الشیخ علی آل محسن کے بیان کردہ ہیں۔ ان کا یہ مضمون هل دفن النبي صلى الله عليه وسلم في بيت عائشة؟جو http://arabic.al-shia.org پر موجود ہے۔

★★★★★

* ڈاکٹر یاسر فاروق

# عہدِ مغلیہ کے تعلیمی اقدامات و انصرامات
## تاریخی جائزہ

### تعارفِ موضوع

مغل بادشاہوں کی علمی و تحقیقی سرگرمیوں کا جائزہ لیں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ دور علمی اعتبار سے برصغیر کا سنہری دور ثابت ہوا بالخصوص جلال الدین اکبر نے شرح خواندگی کو بہتر بنانے میں خاص کردار ادا کیا۔اس سنہری دور میں منظم تعلیمی نظام کو فروغ دیا گیا جس میں دینی و عصری تعلیم کے تقاضے پورے ہوتے تھے نیز طب، فنون، ریاضیات، جغرافیہ اور علم جراحی جیسے عصری علوم میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی۔ جبکہ مغلیہ حکومت کے خاتمے اور انگریز حکومت کے دور کے آغاز سے ہی مسلمانوں کے علمی ستون گرتے گئے اور ان کی جگہ انگریزی تعلم نے لے لی جو آج تک مروج ہے۔زبان کی تبدیلی ثقافتی تبدیلی کا عندیہ ثابت ہوئی اور رفتہ رفتہ اہلِ برصغیر کے

---

* لیکچرار شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ غازی، ڈیرہ غازی خان

قلوب واذہان سے فکری و نظریاتی آزادی جاتی رہی جو کہ آج کی تعلیمی پالیسیوں سے واضح ہے۔ اہلِ مدارس کے فارغ التحصیل جو کہ مغلیہ دور میں بیوروکریٹس کی حیثیت تک فائز ہوتے تھے، انہیں آج معاشرہ وہ مقام دینے سے قاصر ہے۔

## مغلوں کے عہد میں تعلیم کے مقاصد

برصغیر میں مغلیہ دورِ حکومت نے دینی اور دنیوی تعلیم کو اجاگر کیا اور شرح خواندگی آج کے دور سے کس حد تک بہتر تھی۔ انگریز دورِ حکومت میں مسلمانوں کو اس نظامِ تعلیم سے دور کیا گیا۔ مدارس کے نظامِ تعلیم کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ مدارس کے دینی تعلیم حاصل کرنے والوں کو شرح خواندگی میں شامل ہی نہیں کیا جاتا بلکہ ان کو حکومت میں کسی بھی نوکری پر بھرتی نہیں کیا جاتا تھا۔ جب کہ جلال الدین اکبر کے دور میں مدارس سے تعلیم حاصل کرنے والوں کو اچھے منصب پر تعینات کیا جاتا تھا یعنی کہ مغلیہ دورِ حکومت میں درس نظامی والوں کو بیوروکریٹ کی حیثیت حاصل تھی۔ مغلوں کے دور میں تعلیم کے مقاصد کے بارے میں نصرت جہاں لکھتی ہیں:

"The objectives of education in Mughals Period of India have been stated as follows:

1. During the Muslim period, the education was meant to extend the knowledge and propagate Islam.
2. The impartment of education took place with the propagation of Islamic principles, laws and social conventions.
3. Education was based on religion and its main purpose was to make the individuals religious-minded.
4. The Muslim education aimed at the achievement of material wealth and prosperity.
5. The Mughal period made immense contribution in the system of education. During this period, the Mughal emperors acquired enormous understanding for learning and recognized the significance of education to a major extent"([1])

مغل عہد ہند میں تعلیم کے مقاصد کو حسب ذیل بیان کیا گیا ہے:

1. مسلم دور میں، تعلیم کا مقصد علم کو بڑھانا اور اسلام کی تبلیغ کرنا تھا۔
2. تعلیم کا حصول اسلامی اصولوں، قوانین اور معاشرتی رویوں کی تشہیر کے ساتھ ہوا۔
3. تعلیم مذہب پر مبنی تھی اور اس کا بنیادی مقصد افراد کو مذہبی ذہن سازی کرنا تھا۔
4. مسلم تعلیم کا مقصد مادی دولت اور خوشحالی کا حصول ہے۔
5. مغل عہد نے نظام تعلیم میں بے پناہ حصہ ڈالا۔ اس عرصے کے دوران، مغل شہنشاہوں نے سیکھنے کے لئے بہت زیادہ تفہیم حاصل کی اور ایک اہم حد تک تعلیم کی اہمیت کو تسلیم کیا

غیر منقسم ہندوستان میں بھی مدارس کے قیام کی ایک زرّیں تاریخ ہے۔ عہدِ سلطنت میں اور بعد میں مغلیہ عہد میں ملک کے ہر حصہ میں مدارس قائم کیے گئے۔ ان میں تمام مروجہ علوم پڑھائے جاتے تھے۔ ان مدارس کو حکومت کی سرپرستی حاصل رہتی تھی اور ان کا پورا خرچ سرکاری طور پر اٹھایا جاتا تھا۔ ہندوستان سے جب مسلمانوں کی حکمرانی ختم ہوئی اور اس پر انگریزوں کا تسلط قائم ہوا تو ان مدارس پر افتاد پڑی۔ سرکاری امداد سے محروم ہو جانے کی وجہ سے وہ بند ہو گئے۔ انگریزوں نے اپنا نظامِ تعلیم جاری کیا۔ اس کے تحت جو تعلیمی ادارے قائم کیے گئے وہ ظاہر ہے کہ انگریزوں کی ضرورت پوری کرنے کے لئے تھے۔ سیاسی یلغار کے ساتھ فکری یلغار کی بھی زبردست کوششیں کی گئیں اور عیسائیت کو خوب بڑھاوا دیا گیا۔

## مغل دور میں تعلیم کے اہم مراکز اور ترویج لسانیات

مغل دور میں تعلیم کے اہم مرکز کے طور پر آگرہ، فتح پور سیکری، دہلی، گجرات، لاہور، سیالکوٹ، جونپور، اجمیر وغیرہ مشہور تھے۔ مغل دور کے حکمرانوں نے 'فارسی' کو اپنی سرکاری زبان قرار دے رکھا تھا مگر ان کے درباروں میں فارسی کے علاوہ سنسکرت کا بھی استعمال ہوتا تھا۔ مغلوں کے زمانے میں فارسی، عربی اور سنسکرت ہی نہیں بلکہ علاقائی زبانوں کو بھی فروغ ملا۔ کھڑی بولی، برج بھاشا، اودھی، بھوجپوری اور پوربی کو اسی زمانے میں پھلنے پھولنے کا موقع ملا جو عوام کی زبانیں تھیں۔ اسی دور میں بنگال میں بنگالی زبان کو فروغ حاصل ہوا اور لٹریچر تخلیق پایا۔ اسی عہد

میں کشمیری زبان نے ترقی پائی اور اس میں ادب کی تخلیق ہوئی۔ رامچر تمانس (تلسی داس) سور ساگر (سورداس) اور پدماوت (ملک محمد جائسی) اسی زمانے کی تخلیق ہیں۔ بہت سی کتابیں حکومت کے تعاون کے بغیر بھی لکھی گئیں۔(2)

ہندوستان میں مسلم عہد حکومت میں اگرچہ بادشاہوں کے یہاں بڑے بڑے علماوفضلا، منتخب روزگار اور اپنے اپنے فن میں یکتا افراد جمع رہتے تھے، لیکن عام آدمی تک تعلیم کی صورت حال اوسط ہی رہی۔ تاریخ میں عہد وسطیٰ میں کسی حکومت کا خواہ وہ کتنی ہی ترقی یافتہ کیوں نہ ہو، محکمہ تعلیمات کا اندارج نہیں ملتا۔ ہندوستان میں مسلم عہد حکومت میں ایک خاص محکمہ بنایا گیا تھا، مذہبی امور اور تعلیمی اداروں کی دیکھ بھال کرنا جس کی ذمہ داری میں شامل تھا۔ اس کے باوجود یہ بات بھی سچ ہے کہ ایسا کوئی قابل ذکر حکمراں نہیں گزرا جس کا نام کسی نہ کسی سطح پر اس کے عہد میں کسی مدرسے یا مکتب سے وابستہ نہ رہا ہو۔ مسلم حکمرانوں نے اپنی مملکت میں ملک کے طول و عرض میں بہت سے مدرسے کھولے، کتب خانے قائم کیے اور علمی خدمات کی سرپرستی کرنے میں کبھی پیچھے نہیں رہے۔

### مسجد بدرجہ مدرسہ

عہدِ مغلیہ میں اکثر و بیشتر مساجد میں تعلیم و تعلیم کا سلسلہ جاری تھا۔ کیونکہ مسجد اسلامی معاشرے کے مستقل اور مرکزی ادارے کے طور پر ہر اسلامی دور میں اہم رہی ہے۔ مسجد صرف ایک عبادت خانہ نہیں بلکہ دربار، عدالت، مقام مشاورت، مکتب، اقامت گاہ، کتب خانہ، مطب، فنون لطیفہ کی نمائش اور اعلانات کے مرکز کے طور پر استعمال ہوتی رہی ہے۔ یہ اخلاق ساز ادارہ دینی اور دنیاوی تعلیم و تربیت کے لیے مخصوص رہا ہے۔ رسول اکرم عالم ﷺ نے مدینہ منورہ جاتے ہوئے مدینہ سے باہر مسجد قبا کی بنیاد ڈالی جو اسلام میں سب سے پہلی مسجد ہے۔ آپ ﷺ جب مدینہ پہنچے تو آپ نے "المربد" میں مسجد نبوی کی بنیاد ڈالی اور اس مسجد میں مسلمانوں نے دینی و دنیاوی تعلیم دینی شروع کی۔ تحققات سے معلوم ہوا کہ اسلام کے بالکل ابتدائی دور میں مدینہ میں

نو اور مساجد تھیں جہاں تعلیم و تدریس کا مقدس فریضہ سرانجام دیا جاتا تھا۔ جن میں مسجد بنی زریق، مسجد بنی غفار، مسجد اسلم، مسجد جہنیہ، مسجد بنی عمرو، مسجد بنی ساعدہ، مسجد بنی عبید، مسجد بنی سلم، مسجد بنی رائے وغیرہ شامل ہیں۔(3)

مسجد اسلام کا روایتی ادارہ ہے جس کی ابتداء مسجد نبوی سے متصل اصحاب صفہ کی درس گاہ سے ہوئی جو باہر سے آنے والے طلبہ کے لیے دارالا قامہ کا کام دیتی تھی اور مدرسے کا بھی۔ پہلی صدی ہجری میں جہاں جہاں بھی اسلام کے قدم ہے، مسجد تعلیم کا مرکز رہی۔ تعلیم اور مسجد کا باہمی تعلق ہے۔ مسجد نبوی میں پہلی تعلیم گاہ کے قیام نے اس روایت کو قائم کر دیا اور بعد میں مسلمانوں کی پوری تاریخ میں اس روایت کو فروغ دیا گیا اور اس کے ذریعے طلبہ کی زندگیاں ہمارے مخصوص ثقافتی نظام کے سانچے میں ڈھلتی چلی گئیں۔(4)

عہدِ مغلیہ میں بھی عموماً درس و تعلیم کے لیے الگ سے مستقل عمارتیں نہیں تھیں بلکہ اس کام کے لیے زیادہ تر مساجد سے کام لیا جاتا تھا جہاں باقاعدہ کلاسیں لگائی جاتیں اور لوگ ان مبارک حلقوں میں حصولِ تعلیم کے لیے شرکت کرتے تھے۔ اسی وجہ سے آپ ہند کی قدیم مساجد میں دیکھیں گے جہاں صحن مسجد کے اردگرد کمروں کی قطاریں آج بھی نظر آئیں گی، یہ دراصل طلباء کے درس و قیام کے لیے تعمیر کیے جاتے تھے، جہاں دور دراز سے آئے مسافر طلباء قیام کرتے تھے۔ ہندوستان کے قدیم اسلامی شہروں میں قدم قدم پر آپ کو وسیع و شاندار مساجد ملیں گی، دلی، آگرہ، لاہور، ملتان، گجرات، احمد آباد، جونپور، حیدرآباد دکن وغیرہ قدیم اسلامی دارالسلطنتوں میں جو عظیم مساجد تعمیر ہوئیں تھیں، جو اب تک باقی ہیں ان کی موجودہ صورت و ہیئت دیکھ کر معلوم کیا جاسکتا ہے کہ ان کا اکثر حصہ تعلیمِ دین کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

مذہبی رواداری کی ایک علامتی مثال کے طور پر مغل بادشاہ اکبر کا مشہور عبادت خانہ تھا، یہ عبادت خانہ اکبر کا ایک بڑا عبادت خانہ تھا۔ یہ عبادت خانہ اس نے ۱۵۷۵ء میں فتح پور سیکری میں قائم کیا۔ پہلے پہل اس میں صرف سنی مسلمان آپس میں بحث مباحثہ کرتے تھے مگر بعد میں یہ

ہندو، سکھ، عیسائی اور شیعہ سنی سمیت تمام مسلمان فرقوں کے لیے کھول دیا گیا۔ اکبر کی ابتدائی زندگی کا جب مطالعہ کیا جاتا ہے تو پتا چلتا ہے کہ وہ ایک عقیدہ پرست مسلمان اور چشتی تصوف کا مداح تھا۔ کئی برس تک اس کا یہ حال تھا کہ جس طرح سیدھے سادھے مسلمان خوش اعتقاد ہوتے ہیں، اسی طرح احکام شرح کو صدق دل سے بجالاتا، باجماعت نماز پڑھتا، اذان کہتا، مسجد میں اپنے ہاتھ سے جھاڑو دیتا، علما و فضلا کی تعظیم کرتا۔[5] ان سب کے باوجود اکبر روحانی بے چینی کا شکار تھا، بہت سے مسائل اسے پریشان کرتے، علم کی طرف رجوع کرنے کے باوجود اسے تسلی بخش جواب حاصل نہیں ہوتے تھے۔ یہ امر حیران کن ہے کہ اکبر نہایت خود اعتمادی خود رائے ہونے کے باوجود مذہبی تشکیک کا شکار ہو گیا جو واضح طور پر جلتی تحریک اور آزاد خیال صوفیہ کے خیالات کے فروغ سے پیدا ہوئی تھی۔ روحانی تسکین کے لیے اس نے مختلف مذاہب کے ارباب علم و دانش کی طرف رجوع کیا اور اس کی ابتدا مسلمانوں کے ہی مختلف مسالک کے نقطہ نظر کو سمجھنے کی کوشش سے ہوئی اس مقصد کی خاطر اکبر نے 1510ء میں شیخ سلیم چشتی کی نئی خانقاہ کے قریب ایک عمارت تعمیر کروائی، جسے عبادت خانہ کا نام دیا گیا۔ اس عبادت خانے میں مختلف فرقوں کے علما کو مدعو کیا جاتا، جو اختلافی مسائل پر ایک دوسرے سے بحث کرتے تھے۔ خود اکبر ہر جمعہ کی سہ پہر کو ان مباحثوں میں شریک ہوا کرتا تھا۔(6)

عبادت خانے کے مباحث نے اکبر کے ذہن پر بھی اچھے اثرات مرتب نہ کیے۔ اکبر ان مباحث میں شرکت کرنے والے علما کے سابی رویے سے دل برداشتہ ہوا۔ کیوں کہ ان لوگوں نے پہلے موقع پر ہی نشستوں کی ترتیب پر ایک دوسرے سے الجھنا شروع کر دیا۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ ایسی محافل میں علم و فکر کی بجائے شہنشاہ اکبر سے قربت کے حوالے سے ان کی عظمت کا تعین ہو گا اس مسئلے کو حل کرنے کی خاطر ارباب علم کو جنوب، اہل طریقت کو شمال، امراکو مشرق اور سادات کو مغرب میں جگہ دینے کا حکم دیا گیا۔ اس کے بعد جب عبادت خانہ کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز ہوا تو

اکبر یہ دیکھ کر حیران ہو گیا کہ ان لوگوں میں سے ہر ایک اپنے علاوہ دوسرے لوگوں کو گم راہ تصور کرتا ہے۔ اس صورت حال نے علم و دانش کے ان دعوے داروں سے اکبر کو بیزار کر دیا۔(7)

درج بالا صورت حال کے بعد بھی اکبر کی ذہنی جستجو ختم نہیں ہوئی۔ عبادت خانہ کے مباحث میں ابو الفضل کے آنے کے بعد اور جوش و خروش پیدا ہو گیا۔ آہستہ آہستہ اکبر نے ان مباحث میں دیگر مذاہب کے علما کو بھی شامل کیا یہاں تک کہ یہ عبادت خانہ بین المذاہبی مرکز بن گیا۔ 1572ء میں تین عبادت خانوں کی تعمیر مکمل ہوئی، ان کی تعمیر کا پس منظر یہ تھا کہ جب پچھلے چند سالوں میں اکبر کو بڑی بڑی فتوحات میں اور مملکت کی حدود میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا گیا، ملکی نظم و نسق حسب منشا قائم ہو گیا تو اس کی توجہ زیادہ تر عبادت و ریاضت کی طرف ہو گئی۔ چناں چہ اجمیر کی درگاہ اور درویشوں کے ساتھ محبتیں رہنے لگیں اور اس کے زیادہ تر اوقات اللہ و رسول کے تذکرے میں گزرنے لگے۔ ان محافل میں وہ تصوف کی باتوں، فقہی مسائل اور علمی مباحث میں مصروف رہتا، راتوں کو بھی اٹھ کر عبادت کرتا رہتا۔ کسی نے ''یاہو'' اور ''یاہادی کا وظیفہ بتادیا عموما راتوں کو فرش پر بیٹھ کر مراقبہ کرتا اور یہ وظیفہ پڑھا کرتا۔ ان دنوں اس کے دل پر اللہ کی عظمت کا بڑا اثر تھا۔ حاکم بنگالہ سلیمان کررانی کے متعلق اس نے سن رکھا تھا کہ وہ مشائین اور علما کے ساتھ تہجد کی نماز باجماعت ادا کرتا تھا اور فجر کی نماز تک ان علما کی مجالس میں تفسیر و تذکیر میں مصروف رہتا، فجر کی نماز پڑھنے کے بعد ملکی معاملات، فوج اور لشکر کے حساب کتاب میں وقت گزارتا تھا۔ اس کے اس معمول میں بھی فرق نہیں آتا تھا۔ اکبر نے بھی اسی طرح اپنے اوقات تقسیم کر رکھے تھے۔ ان دنوں میرزا سلیمان کی آمد کی اطلاع تھی، مرزا سلیمان صوفی منش، صاحب حال بادشاہ تھا، صاحب بیعت بھی تھا۔ لوگ اس کے ہاتھ پر مریدی کی بیعت کیا کرتے تھے۔ لہذا اکبر نے شوق عبادت اور کچھ آنے والے معزز مہمان کی خاطر شیخ عبد اللہ نیازی کے حجرہ پر ایک بڑی عبادت گاہ تعمیر کروائی۔ عبد اللہ نیازی شیخ الاسلام سلیم چشتی کے مرید تھے بعد میں مہدوی سلسلے سے وابستہ ہو گئے۔ اس عبادت گاہ کے چاروں طرف ایک وسیع ایران اور نواب تلاونامی حوض تیار

کر لیا گیا اور اس حجرے کو عبادت خانہ کا نام دیا جو بعد میں عبادت خانہ ہو گیا اس کا معمول تھا کہ ہر جمعے کی نماز کے بعد شیخ الاسلام کی خانقاہ سے اس عبادت خانہ میں آکر مجالس منعقد کرتا۔ ان محافل میں نام ور علماء مشائخ اور قریبی دوست شامل ہوتے، دوسرے لوگوں کو اس میں آنے کی اجازت نہیں تھی۔ اس محفل میں علمی مباحث اور مذاکرے ہوتے۔ اس عبادت خانے میں ہر جمعے کی رات بھی ایک محفل منعقد ہوئی جس میں سادات، مشائخ، علم اور امرا بھی حاضر رہتے تھے۔ بادشاہ کے قریب نشست لینے کے لیے اکثر تقدیم و تاخیر کا جھگڑا ہو جاتا اس لیے اکبر نے با قاعدہ نشستوں کا تعین کر دیا۔ اور باری باری ہر ایک کی نشست گاہ پر جا کر ان کے مباحث میں حصہ لیتا۔[8] اس کے علاوہ عہد جلال الدین میں مذہبی رجحانات کو سمجھنے کے لیے معمول اکبر کچھ یوں ہے فتح پور آنے کے بعد اکبر اپنا زیادہ وقت عبادت خانے میں علما کی محفل میں گزارتا۔ جمعے کی راتیں شب بیداری میں گزرتی تھیں، دینی علوم اور اصل و فرع کی باتیں جاری رہیں۔ ان مجالس میں علما ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی غرض سے اس حد تک اختلاف میں آگے چلے جاتے کہ دوسروں کے لیے تکفیری کلمات بھی کہہ جاتے۔[9] اکبر کا اصول اعظم یہ تھا کہ نیکی ہر ایک مذہب میں ہے پس ہمیں چاہیے کہ نیکی اختیار کر لیں اور باقی ماندہ ترک کر دیں۔ اس کا اس بات پر بھی اعتقاد تھا کہ ہر ایک انسان میں کچھ نہ کچھ خوبی ہوتی ہے اس لیے وہ اکثر درگزر سے کام لیتا، جب تک اصلاح کی امید رہتی تھی سزا دینا پسند نہ کرتا۔ معاف کر کے بہت خوش ہوتا تھا اس کے طریقے کا ایک بڑا اصول یہ تھا کہ گنہگار سے کہنا کہ اب تو چلا جا پھر گناہ نہ کرنا۔([10])

## عہدِ مغلیہ میں تعلیم کے مختلف ادوار اور نصاب

رسول اللہ ﷺ ﷺ مسلمانوں کے پہلے معلم تھے اور صفہ مسجد نبوی پہلا باقاعدہ اسلامی دارالعلوم تھا۔ یہاں نصاب تعلیم کا مرکز و محور قرآن حکیم تھا۔ زمانہ رسالت کے بعد خلفائے راشدین کے عہد میں قرآن و حدیث شامل نصاب رہے۔ حضرت عمر کے دور میں شعر و ادب بھی شامل نصاب ہو گئے۔ عربی زبان و ادب کی تعلیم فہم قرآن و حدیث کے لیے مدد تھی۔ عربی زبان

چونکہ قرآن و حدیث کی زبان ہے لہذا اس کے متعلقہ علوم یعنی نحو، صرف، لغت اور معانی بھی شامل نصاب ہو گئے۔ احادیث کی جانچ پرکھ کا سوال ہوا تو علم اسماء الرجال ظہور پذیر ہو کر نصاب کا جزو بن گیا۔ دینی اور دنیوی علوم میں قرآن و حدیث اور فقہ و تفسیر کے علاوہ تاریخ و فلسفہ، شعر و ادب، کتابت و خطابت، نقاشی و خوشنوی، علم کیمیا اور موسیقی جیسے علوم و فنون بھی عہد بنو امیہ میں شامل نصاب ہو گئے۔ دور عباسیہ میں قرآن و حدیث کے علاوہ قرآن و کتابت، خوشخطی، عربی گرائمر اور سیرت نبوی ﷺ کے متعلق تاریخی حقائق نیز علم حساب اور صرف و نحو کی مبادیات کی تعلیم بھی شامل نصاب تھی۔ اس دور میں مروج نصاب تعلیم میں شامل علوم کو دو بڑی اقسام میں تقسیم کیا گیا۔ اولاً وہ علوم جن کا تعلق تفہیم القرآن سے ہے۔ ان میں قرآۃ و تفسیر، فقہ، کلام، صرف و نحو، شعر و ادب اور لغت و بیان جیسے علوم شامل ہیں۔ دوم وہ علوم جو مسلمانوں نے غیر عربوں سے حاصل کیے، انہیں علوم عقلیہ کہتے ہیں۔ ان میں فلسفہ، اقلیدس، طب، کیمیا، تاریخ، جغرافیہ، موسیقی اور نجوم شامل ہیں۔

عہدِ مغلیہ میں رائج نصاب تعلیم کو چار ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔([11]) ذیل میں اسی بنیاد پر اختصار کے ساتھ عہد وسطیٰ میں ہندوستانی مسلمانوں کے نصاب تعلیم کا ایک خاکہ پیش کیا جارہا ہے:

**پہلا دور:** اس کا آغاز ساتویں ہجری سے سمجھنا چاہیے اور انجام دسویں صدی پر اس وقت ہوا جب کہ دوسرا دور شروع ہو گیا تھا، کم و بیش دو سو برس تک اِن فنون کی تحصیل معیار فضیلت سمجھی جاتی تھی: صرف، نحو، ادب، بلاغت، فقہ، اصول فقہ، منطق، کلام، تصوف، تفسیر، حدیث۔ اس طبقے کے علماء کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں علم فقہ معیار فضیلت تھا، حدیث میں صرف **مشارق الانوار** کا پڑھ لینا کافی سمجھا جاتا تھا اور حدیث میں مزید درک و مہارت کے لئے مصابیح آخری کتاب تھی۔ اس زمانے کے نصاب تعلیم میں جو خصوصیات نظر آتی ہیں وہ فاتحین ہند کے موئثر اور نکھرے ہوئے مذاق کا نتیجہ تھیں، ہندوستان میں اسلامی حکومت کی بساط جن لوگوں

نے بچھائی وہ غزنی اور غور سے آئے تھے، یہ وہ مقامات تھے جہاں فقہ اور اصول فقہ کا ماہر ہونا علم و فن کا طرز امتیاز سمجھا جاتا تھا اور ان ممالک میں فقہی روایات کا پایہ بہت بلند تھا۔

**دوسرا دور:** نویں صدی ہجری کے آخر میں شیخ عبد اللہ اور شیخ عزیز اللہ ملتان سے دہلی سلطان سکندر لودھی کے دربار میں آئے اور انھوں نے سابقہ معیار فضیلت کو کسی قدر بلند کرنے کے لئے قاضی عضد الدین کی تصانیف مطالع و مواقف اور علامہ سکاکی کی مفتاح العلوم نصاب میں داخل کیں۔ اس دور میں میر سید شریف کے تلامذہ نے شرح مطالع اور شرح مواقف اور علامہ تفتازانی کے شاگردوں نے مطول و مختصر المعانی اور تلویح و شرح عقائد نسفی کو رواج دیا۔ نیز اس زمانہ میں شرح وقایہ اور شرح جامی داخل نصاب کی گئیں، اس دور کے آخر میں شیخ عبد الحق محدث دہلوینے علمائے حرمین شریفین سے علم حدیث کی تکمیل کرکے علم حدیث کو فروغ دینے کی کوشش کی، ان کے بعد ان کے فرزند شیخ نور الحق نے بھی درس حدیث کی اشاعت کی کوشش کی۔ اس طبقے کے علمائے کرام کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں مفتاح العلوم سکاکی اور قاضی عضد الدین کی مطالع اور مواقف کتابیں تھیں۔

**تیسرا دور:** دسویں صدی کے اخیر میں میر فتح اللہ شیر از (ایران) سے ہندوستان آئے، اکبر نے ان کو عضد الملک کا خطاب دے کر پذیرائی کی، انہوں نے سابق نصاب درس میں کچھ معقولی کتابوں کے اضافے کئے اور انھیں کے زیر اثر ہندوستانی نصاب میں ان کا رواج ہوا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے جو اس دور کے سب سے آخری مگر سب سے زیادہ نامور عالم تھے، حرمین شریفین تشریف لے گئے اور وہاں چودہ ماہ قیام فرما کر علم حدیث کی تکمیل کی اور ہندوستان آکر اس سرگرمی سے اس کی اشاعت کی کہ جس کے اثرات آج تک باقی ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے اخلاف نے صحاح ستہ کے درس و تدریس کو اپنی سعی و کوشش سے جزو نصاب بنادیا۔ شاہ صاحب نے ایک نیا نصاب درس بھی مرتب کیا تھا مگر چونکہ اس زمانے میں علم کا مرکز دہلی سے لکھنؤ منتقل ہو چکا تھا، نیز ہمایوں اور اکبر کے زمانے میں ایران سے جو نیا تعلق ہوا تھا، اس نے بتدریج ہندوستان کے علمی

مذاح میں ایک جدید تغیر پیدا کر دیا تھا، مغل دربار کے ایرانی امراء اور علماء کے ذریعے منطق اور فلسفہ کو آہستہ آہستہ دوسرے علوم پر فوقیت حاصل ہوتی گئی؛ اس لیے شاہ صاحب کے نصاب کو قبول عام حاصل نہ ہو سکا۔

**چوتھا دور:** چوتھا دور بارہویں صدی ہجری سے شروع ہوا، اس کے بانی ملا نظام الدین سہالوی لکھنوی تھے جن کا مرکز فرنگی محل لکھنؤ تھا۔ درس نظامی کے نام سے جو نصاب آج تمام مدارس عربیہ میں رائج ہے وہ ان ہی کی یادگار ہے۔ ملا نظام الدین نے دور سوم کے نصاب میں اضافہ کر کے ایک نیا نصاب مرتب کیا اور اس دور میں پڑھائی جانے والی کتابوں کو حتی الامکان جمع کرنے کی کوشش کی۔ درس نظامی میں تیرہ موضوعات کی تقریباً چالیس کتابیں پڑھائی جاتی تھیں۔ فقہ اور اصول فقہ کے ساتھ، تفسیر میں جلالین و بیضاوی اور حدیث میں مشکاۃ المصابیح داخل تھی۔ انھوں نے ریاضی اور فلکیات کی کئی کتابیں اور ہندسہ (انجینئرنگ) پر بھی ایک کتاب شامل نصاب کی۔ اس میں طب، تصوف اور ادب کی کوئی کتاب شامل نہیں تھی اور منطق و فلسفہ کو خاصی جگہ دی گئی۔([12])

ایک زمانہ ایسا بھی گزرا ہے کہ جب ہندوستان میں مسلمانوں کی اعلیٰ درس گاہوں میں ہزارہا طلبا سبق میں حصہ لیا کرتے تھے، بلکہ ایسا بھی ہوتا تھا کہ بعض اوقات ایک استاد کے درس میں سیکڑوں طلبا شریک ہوتے تھے۔ وہ ملک میں علم و فن کی ترقی کا باعث بھی بنے اور اس کے نتیجے میں ملک میں بڑے بڑے ادبا، شعرا اور عالم و فاضل پیدا ہوئے اور انہیں بادشاہوں کے یہاں سے اہم مسندیں عطا کی گئیں۔ یہ تمام تعلیم کا انتظام مفت ہوتا تھا۔ غریب اور ہونہار طلبا کو قیام و طعام کے ساتھ ساتھ وظائف بھی دیے جاتے تھے۔ ان مدارس میں امیر و غریب کے بچوں میں کوئی تفریق نہیں برتی جاتی تھی۔ اساتذہ ان کی تعلیم پر ایک ہی انداز میں نگاہ رکھتے تھے۔ حکومتی سطح پر تعلیمی اداروں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے انہیں بڑی بڑی جائدادیں اور جاگیریں وقف کر دی جاتی تھیں، بلکہ اس زمانے میں کتابوں کی طباعت کا کوئی انتظام نہیں تھا، جو تعلیم کی ترقی اور

اشاعت میں ایک بڑی رکاوٹ تھی۔ مگر ہاتھ سے کتابیں لکھنے کا رواج خوب تھا، اس کے لیے کاتب رکھے جاتے تھے۔ اس سے فن کتابت کو بہت عروج حاصل ہوا۔ خوش نویسی اور خطاطی کے اس دور کے بہت سے نمونے ملک اور بیرونی ممالک کی مختلف لائبریریوں میں آج بھی محفوظ ہیں۔

المختصر عام طور پر تعلیم کے حصول کے تین ذرائع تھے۔ مکتب اور مدرسے، مساجد اور خانقاہیں اور بعض مخصوص گھرانے۔ اس زمانے میں بھی اعلیٰ تعلیم تک بہت قابل ذکر طلبا ہی پہنچ پاتے تھے، لیکن عام طور پر تعلیم کا حصول بہت مشکل نہیں تھا۔ تقریباً تمام مساجد اور خانقاہوں میں جو مدرسے قائم تھے، ان میں دینی اور دنیوی دونوں طرح کی تعلیم کا انتظام ہوتا تھا۔ مسلم عہد حکومت کی تعلیم کے معیارات کا آج کے زمانے کی تعلیمات سے موازنہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا معیار بہت بلند تھا۔ ایک ہی شخص کئی حیثیتوں سے ممتاز ہوتا تھا۔ حالاں کہ اگر اس دور اور آج کے دور کے زمانی فرق پر غور کیا جائے اور جدید تعلیم و ترقیات کو ملحوظ رکھا جائے تو پھر بھی نتائج میں بہت زیادہ فرق نظر نہیں آئے گا۔ ایک سب سے بڑا جو فرق ہے وہ تربیت کا ہے، اس زمانے میں جو تربیت ہوتی تھی، آج اس کا فقدان ہے۔

تیرہویں صدی کے وسط میں ہندوستان میں علم کے تین مرکز قائم تھے؛ دہلی، لکھنؤ اور خیر آباد۔ گو نصاب تعلیم تینوں کا قدرے مشترک تھا، تاہم تینوں کے نقطہ ہائے نظر مختلف تھے۔ دہلی میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا خاندان کتاب و سنت کی نشر و اشاعت اور تعلیم و تدریس میں ہمہ تن مشغول تھا، یہاں تفسیر و حدیث پر زیادہ توجہ دی جاتی تھی، علوم معقولہ کی حیثیت ثانوی درجے کی تھی۔ لکھنؤمیں علمائے فرنگی محلّی پر ماوراء النہر کا ساتویں صدی والا قدیم رنگ چھایا ہوا تھا، فقہ اور اصول فقہ کو ان کے یہاں سب سے زیادہ اہمیت حاصل تھی، تفسیر میں جلالین و بیضاوی اور حدیث میں صرف مشکاۃ المصابیح کافی سمجھی جاتی تھی۔ خیر آبادی مرکز کا علمی موضوع صرف منطق و فلسفہ تھا اور یہ علوم اس قدر اہتمام سے پڑھائے جاتے تھے کہ جملہ علوم کی تعلیم ان کے سامنے ماند پڑ گئی تھی۔

جلال الدین اکبر کے دور میں ایسے علمی انقلابات رونما ہوئے جو اس سے پہلے مسلمانوں کے دور خلافت میں کبھی بھی رونما نہ ہوئے تھے۔اکبر کے دور میں ہونے والے نمایاں علمی انقلابات دراصل اس کی فکر اور روشن خیالی کو ہی ظاہر کرتے ہیں۔اکبر نے مذہبی آزادی پر زور دیا,دیگر مذاہب کے اہل علم افراد کو اپنے دربار میں جگہ دی,علمی مناظرے کروائے۔اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوؤں نے بڑی تندہی سے اپنے مقدس متون کے تراجم کئے۔حتیٰ کہ رزم نامہ کے عنوان سے اکبر نے مہابھارت کا پہلا فارسی ترجمہ کروایا جس سے ہندو مذہب کو ترویج ملی۔اکبر نے شیعہ اہل علم بالخصوص ملا فتح اللہ شیرازی کو اپنے مصاحبین میں شامل کر کے شیعہ مسلک کو فروغ دیا۔اکبر کے دین الٰہی کی ایجاد کی بدولت مذہبی تصورات و عقائد میں خلل اندازی ہوئی۔اکبر کے دور میں پہلی بار ہندو اور مسلمان بچے ایک ہی مکتب میں علم حاصل کرتے تھے۔اس نے عربی کی طرح سنسکرت کی تعلیم لازمی قرار دی۔اس نے ہندو ثقافت کو فروغ دیا جس کی واضح مثال مہابھارت کے ترجمہ کی صورت سامنے آئی۔

اکبر کے دین الٰہی نے برصغیر کو ایک نئی سمت پر چلا دیا کیونکہ اکبر کا دین الٰہی بہت سے مذاہب کی اخلاقی تعلیمات کا مجموعہ تھا۔اس کی بدولت مذاہب کی پیروی میں اختلاط رونما ہوا۔الغرضیکہ اکبر نے تمام مذہبی اصولوں کو پس پشت ڈالتے ہوئے سلطنت میں ایسے اصول رائج کئے جو خالصتاً اکبر کی فکر کی عکاسی کرتے تھے۔لیکن ان کے اثرات نے برصغیر میں ایک نئی تاریخ رقم کی۔مغل بادشاہ جلال الدین اکبر اپنے دور کی انقلابی شخصیت تھی,خود ان پڑھ ہونے کے احساس نے اکبر کے دل میں علم کی جستجو کی وہ شمع روشن کی جس سے آنے والی کئی نسلوں نے جِلا پائی۔

اکبر علم و دانش کا متوالا تھا۔کم عمری میں علم کی طرف سے بے رغبتی کے باوجود اس نے جب اقتدار سنبھالا تو سب سے زیادہ توجہ اسی کمزور پہلو کی طرف مرکوز کی۔وقت کے اہل علم اس کے دربار میں ضخیم کتب کے تراجم کرتے ہوئے اور اس کے مصاحبین بنتے نظر آتے ہیں۔اکبر ایک ذہین انسان تھا اور اس بات کی اہمیت سے بخوبی واقف تھا کہ تاریخ کے اہم کارناموں کو کتب کے

اوراق میں محفوظ کیا جاتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کتب خانوں کی تعمیر,شہزادوں اور شہزادیوں کی علمی تربیت اور دیگر زبانوں کے تراجم پر خصوصی توجہ دی۔

اکبر کا دور علمی اعتبار سے عبوری دور تھا۔کیونکہ اس دور میں تمام مذاہب سے وابستہ اہل علم شہنشاہ کے دربار میں بلا روک ٹوک حاضر ہوسکتے تھے,بلکہ تمام مذاہب سے وابستگان کے درمیان علمی مکالمہ کروانا مغل بادشاہ اکبر کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ایسی مباحث اس کے دربار میں رات بھر چلا کرتیں۔اکبر کے دینی نظریات میں بہت وسعت تھی,حتی کہ وہ دین کو خواہشات کے تابع کرنے کو بھی برا خیال نہ کرتا۔یہی وجہ ہے کہ اس کے دور میں نیا دین'دین اکبری'ایجاد ہوا۔اکبر اگرچہ علمی وارفتگی کا حامل تھا لیکن اس کے علمی نظریاے فقط ایک دین کے تابع نہ تھے۔

## علوم وفنون کی ترویج

محمد ﷺ نے ہر قسم کے مفید علوم وفنون کے سیکھنے کی طرف توجہ دلائی۔ صحت زبان کے اہتمام کی تلقین کی۔ فن کتابت کے لیے ہدایت دی۔ صحابہ کو عبرانی زبان سیکھنے اور تورات کا علم حاصل کرنے پر متوجہ کیا۔ حضرت زید بن ثابت سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے سریانی زبان سیکھنے کا حکم دیا۔([13]) نوجوانوں کو تعلیم جہاد دینے کے لیے دوڑ اور تیر اندازی کے مقابلے کرائے۔ عین میدان جنگ سے قلعہ شکن آلات بنانے کی تربیت حاصل کرنے کے لیے صحابہ کرام کی ایک جماعت کو مقام جرش کی طرف بھیجا۔ قرآن پاک میں ہے:

**وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ([14])**

اور ان کے لئے تیار رکھو جو قوت تمہیں بن پڑے اور جتنے گھوڑے باندھ سکو کہ ان سے ان کے دلوں میں دھاک بٹھاؤ جو اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے دشمن ہیں اور ان

سے سوا کچھ اوروں کے دلوں میں جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں جو کچھ خرچ کروگے تمہیں پورا دیا جائے گا اور کسی طرح گھاٹے میں نہ رہوگے۔

اسلامی نظام تعلیم نے دنیائے علم و دانش میں انقلاب عظیم برپا کر دیا۔ مختلف علوم و فنون میں بے شمار تصنیفات و تالیفات منظر عام پر آئیں اور نئے نئے علوم ایجاد ہوئے۔([15]) نصاب کے بارے میں ایک عام غلط فہمی یہ پائی جاتی ہے کہ جو مضامین ان مدرسوں میں پڑھائے جاتے تھے یا جو اس وقت پڑھائے جاتے ہیں، ان کا تعلق صرف قرآن و حدیث اور متعلقہ مضامین سے ہے۔ دوسرے مضامین یا تو پڑھائے نہیں جاتے یا ان کے نفس مضمون قطعی دور از کار ہیں جن میں نہ کوئی ربط ہے اور نہ کوئی تسلسل۔ یہ بات اتنی بھی نہیں ہے جتنی آسانی سے کہہ دی جاتی ہے۔ ان تعلیم گاہوں میں علم کی ہر نئی جہت کا ایک مقام تھا اور تدریس و تحقیق کی نوعیت کے اعتبار سے اس کا اہتمام ہوتا تھا۔([16])

عہدِ مغلیہ میں علوم و فنون کو پزیرائی ملی۔ اس دور کے فن پارے آج بھی یگانہ روزگار ہیں اور ان کا کوئی ثانی نہیں۔ فن تعمیر ہو یا مصوری یا موسیقی کے راگ، خطاطی و نویس نگاری ہو یا لسانی قوتِ تسخیر، عہدِ مغلیہ میں ہر فن کو بامِ عروج بخشا گیا۔

## تعلیم نسواں

رسول اللہ ﷺ کی ازواج مطہرات عورتوں کی تعلیم کا اہم ذریعہ بن گئیں۔ خاص طور پر حضرت عائشہ نے عورتوں کی تعلیم کا اہتمام فرمایا۔ آپ نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا:

**خذو نصف دينكم عن الحميرا([17])**

نصف دین تم حمیرا (حضرت عائشہ) سے سیکھو۔

لہذا نہ صرف عورتیں حضرت عائشہ سے تعلیم پاتی تھیں بلکہ صحابہ کرام بھی آپ سے علمی فیض پاتے تھے۔ چنانچہ مسروق کہتے ہیں:

**واللہ لقد رأیت أصحاب محمد الاکابر یسالوھا عن الفرائض**(18)

خدا کی قسم میں نے بہت پڑھے لکھے صحابہ کرام کو حضرت عائشہ سے علم الفرائض کے بارے میں سوالات کرتے ہوئے دیکھا۔

عہدِ مغلیہ میں شہزادوں اور شہزادیوں کی تعلیم و تربیت اور مختلف مہارتوں کے لئے اتالیق مقرر کئے جاتے۔ شہزادوں کو بالخصوص حکومتی عہدیداروں کی حیثیت سے تیار کرنے کے لئے دور دراز علاقوں میں بھیجا جاتا تاکہ عوام کے حالات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ مغل شہزادوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ جسمانی تربیت کا بھی انتظام کیا جاتا۔ جس کے اثرات یوں رونما ہوتے کہ وہ جسمانی لحاظ سے قوی ہوتے اور دشمنوں کے مقابلہ میں مختلف مہارتیں مثلاً نیزہ بازی، گھڑ سواری، تلوار بازی وغیرہ سیکھ جاتے۔ شہزادوں نے چونکہ تخت نشینی کی فرائض انجام دینے کی بھی تیاری کرنی ہوتی تھی لہذا ان کی تربیت اسی انداز سے کی جاتی۔ شہزادوں کو گھڑ سواری، تلوار بازی، نیزہ بازی وغیرہ کی تربیت دی جاتی اس کے ساتھ ساتھ ان کی علمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا اہتمام کیا جاتا۔ شہزادوں کی اگر تعلیم پرانے مسلمانوں کے طرز کی ہوتی، یعنی قرآن کی تلاوت ، تھوڑی بہت مذہب کی واقفیت اور فقہ کی لفظی موشگافیاں ان کی ساری ذہنی کائنات ہوتی تھی۔ چونکہ شہزادوں کے لئے ممتاز اور اعلیٰ پائے کے علماء و فضلاء بطور اساتذہ مقرر کئے جاتے تھے لہذا شہزادوں میں علمی ذوق پیدا ہوا۔ علم کا وہ مقام جو بادشاہ اکبر کو حاصل نہ تھا، اس کے شہزادے اس پر فائز ہوئے۔ شہزادوں کو تعلیم اگرچہ درباری زبان یعنی فارسی میں ہی دی جاتی تھی لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہیں دیگر زبانیں سکھانے کا خاطر خواہ انتظام کیا جاتا تھا مثلاً عربی اور ترکی وغیرہ۔ اس لئے مغلیہ سلطنت کے شہزادوں میں دیگر زبانیں سیکھنے کی بدولت مختلف تہذیبوں کو سمجھنے اور جاننے کا ذوق عروج پر تھا۔ اس کی بدولت مختلف زبانوں اور ان کی اصطلاحات کو فروغ ملا۔ شہزادوں کی دینی تعلیم کے لئے سلطنت سے اعلیٰ پائے کے علّام کا اہتمام کیا جاتا۔ جس کی بدولت شہزادوں میں دینی رجحانات پیدا ہوتے اور وہ دین کی بنیاد پر فیصلے کرنے کی اہمیت سمجھتے۔

شہزادوں کی روحانی تربیت کے لئے بادشاہ اکبر نے خانقاہی نظام کو ترویج دی۔ تزکیہ نفس کے حصول کے لئے خانقاہوں کے درویش صفت شیوخ سے رجوع کیا جاتا۔ بادشاہ اکبر کے دور میں خانقاہوں کو کافی ترویج ملی۔

البتہ مغلیہ دور کے تعلیمی اثرات کا جائزہ اگر خواتین کے حوالہ سے لیا جائے تو اس میں کوئی خوش آئند نتائج سامنے نہیں آتے۔ کیونکہ یہ وہ دور تھا جس میں عام مسلمان عورتوں کی تعلیم پر بالکل توجہ نہیں دی جاتی تھی۔ البتہ شہزادیاں اس سے مستثنیٰ تھی۔ مغل بادشاہوں کے دور میں سلطنت کی عورتوں یعنی شہزادیوں پر تعلیم کے حصول کی کوئی قدغن نہ تھی۔ وہ جس قدر چاہیں تعلیم حاصل کر سکتی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ برصغیر کی نامور فارسی خواتین شعراء میں اکثر شہزادیوں کا تذکرہ ملتا ہے۔ (19) مغلیہ سلطنت کی شہزادیوں کے تعلیمی اثرات ہی تھے کہ وہ سلطنت کے اکثر امور میں غور و فکر سے کام لیتے ہوئے وقت کے بادشاہوں کو صلاح مشورہ بھی دیا کرتی تھیں۔ مغلیہ سلطنت کی خواتین بہت سے ہنر سیکھا کرتی تھیں اور مہارتیں سیکھنے میں مردوں کے شانہ بشانہ تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ سلطنت کے امور چلانے میں مدبرانہ صلاحیت کی حامل تھیں اور یہ بات انہیں بادشاہ کے لئے ہر دلعزیز بنا دیا کرتی تھی۔

## قدیم خانقاہیں

قدیم خانقاہیں بھی عموماً تعلیم و تربیت کا اہم مرکز سمجھی جاتی تھیں، جہاں صرف مجاہدۂ نفس اور وظائف کو ہی عبادت نہیں سمجھا جاتا تھا، بلکہ تزکیۂ نفوس کی تعلیم دی جاتی اور احکاماتِ شریعت پر عمل پیرا ہونے کا بھی درس دیا جاتا تھا۔ اس کے علاوہ دہلی میں درج ذیل مشہور اور عظیم الشان مدارس موجود تھے۔ مدرسہ بالا بند آب سیری، یہ مدرسہ ایک شاہی عمارت میں واقع تھا، جس کے حسن کا کوئی عمارت مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔ مدرسہ خیر المنازل جسے عہدِ اکبری میں ماہم بیگم نے ۹۶۹ء میں پرانے قلعہ کے پاس مغربی دروازے کے مقابل تعمیر کرایا تھا۔

دلی کی جامع مسجد کے جنوبی رخ پر دارالبقاء کے نام سے ایک عظیم الشان مدرسہ قائم تھا، جس کی بنیاد اندازاً ۱۰۶۰ء میں رکھی گئی۔ دلی کا سب سے آخر الذکر اور مشہور مدرسہ شاہ عبدالرحیم دہلوی والدِ بزرگوار شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہما الرحمۃ کا ہے۔ اسی مدرسہ کی آغوش میں شاہ ولی اللہ، قاضی ثناء اللہ پانی پتی، مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی، شاہ اسمٰعیل، شاہ اسحاق، شاہ عبدالقادر وغیرہ جید کبار اہلِ علم پڑھ کر جواں ہوئے ہیں، یہی وہ عظیم مدرسہ ہے جہاں سے پورے ہند میں حدیث کے چشمے پھیلے۔ علامہ مقریزی نے اپنی مشہور کتاب **کتاب الخُطط** میں لکھا ہے:

> چودہویں صدی عیسوی میں محمد تغلق کے دور میں صرف دہلی شہر میں ایک ہزار مدرسے تھے۔ کیپٹن ہیلیگزن ہملٹن مغل بادشاہ اورنگ زیب عالمگیر کے دور میں ۱۶۹۹ء میں اس خطے میں آئے تھے، انہوں نے اپنے سفر نامے میں لکھا۔ صرف ٹھٹھہ شہر میں مختلف علوم و فنون کے چار سو مدارس تھے۔ کیئر ہارڈی نے میکس پولر کے حوالے سے تحریر کیا ہے۔ " انگریزوں کی علمداری سے قبل بنگال میں اسّی ہزار مدرسے موجود تھے، تقریباً ہر چار سو افراد کے لیے ایک مدرسہ تھا۔ (20)

دورِ مغلیہ میں مذہبی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دی گئی۔ ہوسٹلز کی صورت مساجد میں رہائشی کمرے فراہم کئے گئے۔ غور و فکر کے بہت راستے روشن ہوئے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اکبر کا مذہبی رجحان مختلف تھا۔ اکبر کی ناخواندگی کے اثرات یوں ظاہر ہوئے کہ اس نے دینِ الٰہی کو جنم دیا۔ اکبر کے اس خود ساختہ دین کی وجہ سے وہ خود تو گمراہی کا شکار ہوا ہی اس کے ساتھ ساتھ وہ دوسروں پر بھی اپنے افکار لاگو کرنے کی سر توڑ کوشش کرتا۔ اکبر کا دور مذہبی پسماندگی کا دور ہے کیونکہ اس دور میں مذہبی مسلمات کو شدید نقصان پہنچا۔ اکبر نے دین کی ان تعلیمات کے خلاف علم بلند کیا جن پر عمل کرنے سے ہی ایک دینی سلطنت کا وجود قائم رہ سکتا ہے۔ اُمراء نے بھی تعلیم میں تربیت میں اہم کردار ادا کیا جن میں شہنشاہ اکبر کی دایہ ماہم انگہ نے ایک عالی شان مدرسہ قائم کیا اور اس کے ساتھ خوبصورت مسجد تعمیر کرائی۔ یہ ان کی علم دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بیرم

خان کا بیٹا عبد الرحیم خان خانان دربارِ اکبری کے ممتاز تریں امراء میں تھا، علم و فن کی سرپرستی میں مشہور تھا، فارسی، ترکی، عربی، اور ہندی نظم و نثر بے تکلف لکھتا تھا۔ اکبر کے امرا نے جس وسعت قلب اور دریادلی سے علم و فن اور تعلیم و تدریس کی خدمت کی۔

## تزک بابری

مغل بادشاہ عربی، فارسی اور ترکی کے ماہر اسکالر تھے۔ وہ ترک نظموں کے مشہور مصنف تھے۔ بابر اپنی فارسی ساخت (ابو الفضل) کے لئے بھی مشہور تھا۔ بابر کے متعلق یہ کہا جاتا ہے:

> He composed a book entitled Mufassal. He had also skill in music. Babor initiated a form of handwriting"The Babarui handwriting" and wrote a copy of the Koran in that script. Fond of books as he was, Babor took possession of Ghazi Khan's library. He was also a lover of paintings. Babor made the diffusion of education a duty of the state. Babor had a society of literary men. Babor's Shurhrat-am (Public works Department) was entrusted with the duty of publishing a Gazette and buildings and colleges.([21])

بابر نے اپنے لکھنے کی ابتداء تزک بابری سے کی۔ اس نے ہاتھ سے قرآن مجید لکھا۔ کتابوں کا اتنا شوقین تھا کہ غازی خان لائبریری پر قبضہ کر لیا۔ وہ جمالیات کا بھی بہت شوقین تھا۔ بابر نے تعلیم کے پھیلاؤ کو اپنا فرض بنالیا تھا۔

اگرچہ اکبر کے دور میں بہت سے کتب خانے بھی تعمیر ہوئے اور اکبر نے آگرہ کے کتب خانوں کو دہلی منتقل کروادیا تاکہ دہلی علم کا مرکز قرار پائے لیکن اس کے ساتھ ساتھ نئی کتابت کی صورت علمی کتابوں کی بجائے آرٹ پر زیادہ توجہ دی کیونکہ وہ فنون لطیفہ کا دلدادہ تھا۔ اکبر کا دور علمی اعتبار سے عبوری دور تھا۔ کیونکہ اس دور میں تمام مذاہب سے وابستہ اہل علم شہنشاہ کے دربار میں بلا روک ٹوک حاضر ہوسکتے تھے, بلکہ تمام مذاہب سے وابستگان کے درمیان علمی مکالمہ کروانا مغل بادشاہ اکبر کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ ایسی مباحث اس کے دربار میں رات بھر چلا کرتیں۔ اکبر کے دینی نظریات میں بہت وسعت تھی, حتی کہ وہ دین کو خواہشات کے تابع کرنے کو بھی برا خیال نہ

کرتا۔یہی وجہ ہے کہ اس کے دور میں نیا دین 'دین اکبری' ایجاد ہوا۔اکبر اگرچہ علمی وارفتگی کا حامل تھا لیکن اس کے علمی نظریات فقط ایک دین کے تابع نہ تھے۔

ان کے دربار میں اکثر مذاہب پر مکالمہ جاری رہتا تھا، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اکبر کی دیگر مذاہب میں دل چسپی بڑھتی گئی۔ دور اکبری میں عبادت خانوں میں اسلامی فرقوں کے علاوہ مسیحی، پارسی، ہندو غرض ہر مذہب کے علما کو شرکت کی دعوت دی گئی اور ہر ایک کے عقائد و شعائر سیکھنے کی کوشش کی گئی۔ اکبر کی ریاستی پالیسی کے دو پہلو تھے، ایک انتظامی اور سیاسی معاملات میں صلح کل کی پالیسی اور دوسرے شاہی درباریوں کے لیے قواعد وآئین کا وہ مجموعہ جسے بدایونی اور ابو الفضل دونوں آئین راہنمونی یا ارادت" یا "مریدی کا نام دیتے ہیں۔ بعض دفعہ ان ناموں کو خلط ملط کر دیا جاتا ہے لیکن در حقیقت یہ دونوں مختلف حیثیت کے حامل ہیں اور ان کی ابتدا میں کئی سالوں کا فرق تھا۔ جس کے ذریعے اختلافات کو مٹا کر باہمی دوستی و ملاپ کی کوشش کی گئی۔ اکبر نے صلح کل" کی پالیسی بالکل شروع میں اختیار کر لی تھی جو در حقیقت ایک سیاسی اور انتظامی طریق کار تھا۔ یہ وہ تصور ہے جو فی زمانہ تکثیریت کے عنوان سے زیر بحث آتا ہے۔ نہ ہی ہم آہنگی کے باب میں اکبر صوفیانہ خیالات سے متاثر تھا، اس نے صوفیہ سے قریبی تعلق رکھے اور کثیر المذاہب مغلیہ سلطنت کو کامیابی سے مذہبی مساوات و رواداری کی راہ پر ڈالا۔ اکبر نے غیر مسلموں کو مغلیہ سلطنت میں پوری طرح سمونے کے لیے بڑی کوشش کی، راجپوتوں کی فتح اس کی بڑی مثال تھی۔ ان کا علاقہ فتح کرنے کے بعد اس نے اس وقت کے ہندوؤں کو زبردستی مسلمان بنانے کی کوشش نہیں کی بلکہ ان کے مذہب کو اپنے سماج میں برابر جگہ دی۔ ان کو سر عام عبادت کی اجازت دی۔ ان کو اپنے مندروں کی مرمت کرنے اور نئے مندر تعمیر کرنے کی آزادی دی۔ جزیے کی موقوفی اکبر کی آزاد روی اور تمام شہریوں کے لیے قانونی مساوات کی حکمت عملی سے ہم آہنگ تھی۔ جزیے کی موقوفی کے نتیجے میں مساوی شہریت کے تصور نے جنم لیا جو تکثیریت کو قبول کرنے کا لازمی تقاضا ہے۔ اکبر نے ایک فرمان (محضر) جاری کیا جسے کچھ جدید مورخین نے اکبر کے حتمی

فرمان کا نام دیا ہے۔ محضر کے مقاصد بادشاہ کے امام عادل کے طور پر فقہ پر مطلق بالادستی اور اختیار کو قائم کرنا تھا۔ ان پر لازم تھا کہ وہ بادشاہ کے احکام کی اطاعت کریں۔ چناں چہ چیف قاضی، چیف مفتی اور بادشاہ کے دربار کے دیگر بڑوں نے دستاویز پر دستخط کر دیے۔ اکبر کو یہ شوق تھا کہ دنیا میں پائے جانے والے مختلف مذاہب کی تحقیق کرے اور ان کے اعتقادات و طریقہ مذاہب سے آگاہ ہو۔ لہذا اس نے دیگر مذاہب مسیحیت، جین مت، ہندومت اور سکھ مت کے لوگوں سے ان کے مذاہب کے بارے میں واقفیت حاصل کی۔ اکبر نے تمام غیر مسلموں کو مکمل مذہبی آزادی دی۔ اکبر نے غیر مسلموں کو حکومتی ایوانوں میں جگہ دی۔ اب اقتدار صرف ایک طبقے تک محدود نہیں تھا بلکہ اس میں ہندوستان کے لوگ بھی مذہبی بنیاد کی تقسیم کے تہوار اہتمام سے منائے جاتے، ان اقدامات سے پورے معاشرے میں رواداری کی فضا قائم ہوئی۔ ایک بہترین منتظم ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ماہر تعمیر بھی تھے۔ ان کے دور میں تعمیرات کے کئی شاہکار بنائے گئے۔ انہوں نے آگرہ فورٹ، فتح پور سیکری کا قلعہ، بلند دروازہ اور لاہور محل بنوائے۔ اگرچہ ان کی زیادہ توجہ لوگوں کی فلاح پر تھی لیکن اس کے باوجود تعمیرات کے کئی نمونے تعمیر کرواکے انہوں نے اپنے تعمیرات کے ذوق کا ثبوت باہم فراہم کیا۔ شاید یہ ان کے ذوق کا کمال تھا کہ ان کے فرزند نے بھی دنیا کے ساتویں عجوبے تاج محل کی تعمیر کروائی تھی۔ وہ آرٹ و ثقافت کے دلدادہ تھے۔ ان کے دربار میں کئی ماہرین ہمیشہ موجود رہتے تھے جن کا تعلق ادب و فن سے تھا۔ اکبرِاعظم بذاتِ خود تعلیم یافتہ نہیں تھے لیکن اعلیٰ دماغ کے مالک تھے اور انسان شناس بھی۔ لہذا ہر مذہب کے فرد کو دربار تک رسائی حاصل تھی اور اُن میں سے سپاہیانہ، ذہانت، فطانت، ظرافت، علم وحکمت اور فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک افراد اُنکے اہم درباری تھے۔ اکبر کی زندگی کا ایک خوبصورت پہلو یہ بھی تھا کہ وہ بہت اچھے شکاری تھے۔ ان کی ہمت بہادری اور دلیری نے انہیں ایک اچھا شکاری بنا دیا۔ ابتدا میں وہ شکار پر نکلتے تو اپنے ہمراہ قابل بھروسہ افراد کا جتھہ لیکر جایا کرتے تھے۔ بعد ازاں ان کے اعتماد کی انتہا تھی کہ وہ اکیلے ہی شکار پر نکلا کرتے تھے۔ اکبر نے اپنے

دور حکومت میں منصب داری نظام متعارف کروایا اس کے تحت تمام علاقوں کو چھوٹے چھوٹے خطوں میں تبدیل کر کے منصب دار مقرر کر دیئے گئے تھے جو اپنے اپنے علاقے کی ترقی و خوشحالی کے علاوہ امن و امان کے ذمہ دار ہوتے تھے۔ یہ چھوٹی چھوٹی اکائیاں بہترین نظام حکومت کی بنیاد بنیں۔ مورخین کہتے ہیں کہ اکبر کے اس نظام کی جدید شکل بلدیاتی نظام ہے جسے آج کے دور جدید میں اپنایا جاتا ہے۔ اکبر نے سماجی اصلاحات کو اپنانے پر توجہ دی۔ وہ لوگوں کی زندگی کے معیار کو ہمیشہ بلند دیکھنا چاہتے تھے اس ضمن میں انہوں نے متعدد اقدامات اٹھائے جیسے بچپن میں شادی پر پابندی عائد کر دی۔ انہوں نے ستی جیسی رسومات پر بھی پابندی عائد کر دی۔ اکبر اپنی فکر، سوچ اور عمل کے اعتبار سے روشن خیال تھا۔ وہ رواداری اور مذہبی و سماجی تکثیریت پسند تھا۔

گو اکبر ایک روایتی بادشاہ تھا، اس کے طرز حکم رانی پر کئی سوالات اٹھائے جا سکتے ہیں کئی خامیاں تلاش کی جا سکتی ہیں، سیاسی اور معاشی انصاف کے بارے میں اس کی ناکامیوں اور خامیوں پر تنقید کی جا سکتی ہے۔ لیکن مذہبی رواداری، کثیر الثقافتی سوچ اور سب کو ساتھ شامل کر کے چلنے کی کوشش میں وہ نہ صرف سر فہرست ہے، بلکہ آج کے پاکستان اور بھارت کے حکم رانوں کے لیے تاریخ کا ایک سنہری کردار ہے۔ ہم رہ نمائی کے لیے اپنی تاریخ کے جن حکم رانوں کی طرف مڑ کر دیکھ سکتے ہیں، ان سب میں اکبر بہت نمایاں اور منفرد ہے۔ برصغیر میں مغلیہ دورِ حکومت خاص طور پر جلال الدین اکبر کے دور میں دینی اور دنیوی تعلیم کو اجاگر کیا اور شرح خواندگی آج کے دور سے کس حد تک بہتر تھی۔ انگریز دورِ حکومت میں مسلمانوں کو کس طرح نظامِ تعلیم سے دور کیا گیا۔ مدارس کے نظامِ تعلیم کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ مدارس کے دینی تعلیم حاصل کرنے والوں کو شرح خواندگی میں شامل ہی نہیں کیا جاتا بلکہ ان کو حکومت میں کسی بھی نوکری پر بھرتی نہیں کیا جاتا تھا۔ جب کہ جلال الدین اکبر کے دور میں مدارس سے تعلیم حاصل کرنے والوں کو اچھی منصب پر تعینات کیا جاتا تھا یعنی کہ مغلیہ دورِ حکومت میں درس نظامی والوں کو بیوروکریٹ کی حیثیت حاصل تھی۔

## علمی درجات کے اعتبار سے تقسیم افراد

ناصر الدین کے دور میں تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دی گئی، وہ ایک عالم تھا۔ انہوں نے علماء کی بڑی حوصلہ افزائی کی، اور ادبی گفتگو کرتے تھے۔ اس کے مصاحبین میں میر عبد الطیف جیسے افراد بھی شامل تھے۔ اس نے افراد کے مختلف درجات کو بارہ تیروں کے ذریعہ نامزد کیا، سب سے کم والے کو مٹی سے تشبیہ دیتا اور سب سے اوپر والے کو خالص سونے سے تشبیہ دیتا تھا۔ ہمایوں کو فلکیات اور جغرافیہ کا بہت شوق تھا، سائنس کے ان شاخوں نے اس کے دور میں کافی ترقی کی۔ ہمایوں نے سات ہال تعمیر کروائے اور ان کے نام بھی سات سیاروں کے نام پر رکھے اور ان میں علماء کو وہ زحل اور مشتری میں خوش آمدید کہا کرتا تھا۔ ہمایوں نے لوگوں کو تین درجات میں تقسیم کیا:

1. علماء، قاضی، اور دانشوروں کا پہلا درجہ ہے جن کو اہل سعادت کہا جاتا تھا۔
2. وزراء، مشیران، اور فوجیوں کو درجہ جنہیں اہل دولت کہا جاتا تھا۔
3. موسیقاروں اور فنکاروں کا درجہ جنہیں اہل مراد کہا جاتا تھا۔ (22)

اکبر کا دربار تمام مذاہب کے پیروکاروں کا اور ان سب لوگوں کو جو خود بھی نئے خیالات یا جدت پسند طبیعتیں رکھتے تھے، مرکز بن گیا۔ دوسروں کے خیالات کے ساتھ رواداری میں ہر قسم کے عقائد کی عزت افزائی میں اکبر اس قدر آگے بڑھ گیا کہ بعض وہ لوگ جو بہت متصاب قسم کے مسلمان تھے اس سے ناراض ہو گئے۔ یہاں تک کہ اس نے ایک نیا مذہب جاری کر دیا جو تمام مذاہب کے عقائد پر مشتمل تھا۔

## آگرہ اور لاہور بطور تعلیمی مراکز

بادشاہ جلال الدین اکبر کا دو علم و امن کا گہوارہ رہا۔ اس ماحول نے علم کی ترویج میں بہت کردار ادا کیا۔ اکبر کا دربار ہمیشہ علماء سے بھرا رہتا جیسا کہ اس کی مجلس میں ابو الفضل اس کا بھائی

فیضی، عبد القادر بدیوانی، عبد الرحیم جیسے علماء ہوتے اور آئین اکبری جیسے شاہکار کی تخلیق کا سبب بنی۔ اکبر کے دور میں تعلیم کی صورت حال کچھ یوں تھی:

آگرہ: آگرہ کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے:

> Agra, in the reign of Akbar, was a famous seat of learning and a celebrated centre of education. It had several schools and colleges, where students flocked from far and wide for listening to the lectures of learned and distinguished teachers. A big madrasah existed there.([23])

اکبر کے دور میں آگرہ تعلیم و تعلم کا مرکز تھا۔ یہاں پر کئی سکول و کالج موجود تھے جہاں دور دراز سے طلباء تعلیم حاصل کرتے۔ آگرہ میں ایک بہت بڑا مدرسہ موجود تھا۔

لاہور: جلال الدین اکبر کے زمانے میں لاہور کو بھی علم اور علماء کے حوالے سے بہت زیادہ اہمیت حاصل رہی ہے۔ لاہور کے بارے میں لکھا گیا ہے:

> Lahore too was, at this time, an eminent abode of literary geniuses. It was here that celebrated Tarikh-i-Alfiwas written and the Mahabharata and the Rajtarangini were translated into Persian.([24])

اس زمانے میں لاہور کو بھی علم کی آماجگاہ تھی۔ اسی زمانے میں تاریخ الفی لکھی گئی ہے اور مہابھارت اور راجترنگینی فارسی میں ترجمہ کی گئی ہے۔

عہدِ مغلیہ کے نظامِ تعلیم کے اثرات سب سے زیادہ ہندوؤں پر ہوئے۔ اکبر سے پہلے تعلیم کا نصاب زیادہ تر اسلامی کتب پر مشتمل ہوتا تھا، ہندوؤں یا غیر مسلم کے لیے کوئی خاص نصاب نہیں ہوتا تھا۔ اکبر کے دور میں غیر مسلم نے فارسی کی تعلیم حاصل کی اور حکومت میں خاص خاص عہدے حاصل کیے، اس سے پہلے ہندوؤں کی بڑی بڑی ذاتیں ہی تعلیم حاصل کر سکتی تھی۔ کبر نے ہندوؤں کی چھوٹی بڑی سب ذاتوں کے لیے تعلیمی نصاب یکساں کر دیا گیا۔ ہندوؤں دیا کرن اور ویدنت پڑھایا جاتا تھا۔ مذہبی ہم آہنگی کے باب میں اکبر کا خیال تھا کہ مختلف مذاہب کو یک جا کیا

جا سکتا ہے، اس نے ایک مذہب کی دوسرے پر برتری کے تصور کے بجائے برابر کے تصور کو اپنایا۔ اکبر نے ایک خاصی بڑی جماعت ایسے لوگوں کی پیدا کر لی جنھیں اس کے ساتھ اور اس کے مقاصد کے ساتھ دلی لگاؤ تھا۔ ان میں دو مشہور بھائی فیض (1596ء)اور ابو الفضل(1601ء)بیر بل، راجہ مان سنگھ اور عبد الرحیم خانخاناں(1625ء)تھے۔ اکبر کا دربار تمام مذاہب کے پیروکاروں کا اور ان سب لوگوں کو جو خود بھی نئے خیالات یا جدت پسند طبیعتیں رکھتے تھے، مرکز بن گیا۔ دوسروں کے خیالات کے ساتھ رواداری میں ہر قسم کے عقائد کی عزت افزائی میں اکبر اس قدر آگے بڑھ گیا کہ بعض وہ لوگ جو بہت متصاب قسم کے مسلمان تھے اس سے ناراض ہو گئے۔ یہاں تک کہ اس نے ایک نیا مذہب جاری کر دیا جو تمام مذاہب کے عقائد پر مشتمل تھا۔

## لائبریریوں کا قیام

بادشاہ جہانگیر عالم اور شاعر تھا۔ اس کا خاص دھیان تاریخ میں تھا، اس کے خاص مصاحبین میں نعمت اللہ، ہیبت خان، نقیب خان، مرزا غیاث بیگ، جیسے علماء شامل تھے۔ وہ فارسی اور ترکی جانتا تھا۔ جہانگیر تعلیم کی ترقی کے لیے خود بہت زیادہ پیش پیش رہتا تھا۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے:

> He took with him a good library from Gujrat. He paid 3,000 gold coins for the purchase of rare Persianmanuscripts. He appointed Muktab Khan as the librarian of the Imperial Library and keeper of the picture gallery.The Mughal painting reached its zeneth during Jahangir. Farrukh Beg and Abul Hassan were famous painters of histime. Jahangir Namah was ornamented with paintings.([25])

> اس نے گجرات میں ایک شاندار لائبریری قائم کی، اس نے تین ہزار سونے کے سکے فارسی کی کتب خریدنے کے لیے دئے۔ اس نے مکاتب خان کو لائبریری کا انچارج لگایا۔ جہانگیر کے دوران مغل پینٹنگ اپنے عروج پر پہنچی۔ فرخ بیگ اور ابو الحسن اپنے وقت کے مشہور مصور تھے۔ جہانگیر نامہ پینٹنگز سے آراستہ تھا۔

وقت کے اہل علم مغلیہ بادشاہوں کے دربار میں ضخیم کتب کے تراجم کرتے ہوئے اور اس کے مصاحبین بنتے نظر آتے ہیں۔ اکبر ایک ذہین انسان تھا اور اس بات کی اہمیت سے بخوبی واقف تھا کہ تاریخ کے اہم کارناموں کو کتب کے اوراق میں محفوظ کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کتب خانوں کی تعمیر، شہزادوں اور شہزادیوں کی علمی تربیت اور دیگر زبانوں کے تراجم پر خصوصی توجہ دی۔ شہزادوں کی ادبی، مذہبی اور روحانی تعلیم کے ساتھ ساتھ جسمانی و جمالیاتی تعلیم کے علاوہ امور عامہ سے رابطہ کی تربیت کا خاص اہتمام کیا تھا تاکہ سلطنت کی بھاگ دوڑ سنبھال سکے اور اپنی ذمہ داریاں کو اچھے طریقہ سے نبھا سکے۔ اپنی شہزادیوں کی تعلیم پر بھی توجہ دی لیکن عوام الناس بالخصوص عام خواتین کی تعلیم و تربیت پر توجہ نہ ہونے کے برابر تھی۔ اس لیے زیادہ تر شاہی خاندان کی خواتین کا ذکر ہی پڑھی لکھی خواتین کے طور پر تاریخ کے اوراق میں ملتا ہے۔

## علماء میں تقسیم انعامات

بادشاہ شاہ جہاں اپنی جلالت اور ہیبت سے جانا جاتا تھا۔ اس نے امپریل کالج کی بنیاد رکھی جو کہ دلی میں جامع مسجد کے پاس تھا۔ اس دار البقاء نامی مدرسے کی دوبارہ تعمیر و توسیع کا کام کیا۔ اور وہاں قاضی صدالدین خان کو وہاں کا منیجر بھی لگایا۔ شاہ جہاں کے بارے میں کہا جاتا ہے:

> "Painting received his encouragement. Shah Jahan also ordered the writing of Padshah Namah andencouraged learned men by rewards. Amin Qazwini and Abdul Hakim Slalkoti were among the most shining of his court. Architecture was a special contribution of Shah Jahan.([26])

پینٹنگ کا وہ دلدادہ تھا اور شاہ جہاں نے ہی پادشاہ نامہ لکھنے کو کہا تھا، اور وہ علماء کو انعامات دیا کرتا۔ امین قزوینی، عبدالحکیم سیالکوٹی اس کے دربار کے چمکتے ستارتے تھے۔ فن تعمیر میں شاہ جہاں کا خاصہ حصہ تھا۔

گجرات کی فتح کے دہلی کے باشندوں پر علمی لحاظ سے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔ علم و فضل کے بہت سے دروازے کھلے، علماء ہجرت کر کے دہلی پہنچنے لگے۔ انہیں جلال الدین اکبر کی سرپرستی ملی۔ تعلیم صرف خانوادہ سلطنت تک محدود نہ رہی بلکہ عوام الناس بھی اس سے مستفید ہوئے۔

## علمی پروٹوکولز

ایک زمانہ ایسا بھی گزرا ہے کہ جب ہندوستان میں مسلمانوں کی اعلیٰ درس گاہوں میں ہزارہا طلبا سبق میں حصہ لیا کرتے تھے، بلکہ ایسا بھی ہوتا تھا کہ بعض اوقات ایک استاد کے درس میں سیکڑوں طلبا شریک ہوتے تھے۔ وہ ملک میں علم و فن کی ترقی کا باعث بھی بنے اور اس کے نتیجے میں ملک میں بڑے بڑے ادبا، شعرا اور عالم و فاضل پیدا ہوئے اور انہیں بادشاہوں کے یہاں سے اہم مسندیں عطا کی گئیں۔ یہ تمام تعلیم کا انتظام مفت ہوتا تھا۔ غریب اور ہونہار طلبا کو قیام و طعام کے ساتھ ساتھ وظائف بھی دیے جاتے تھے۔ ان مدارس میں امیر و غریب کے بچوں میں کوئی تفریق نہیں برتی جاتی تھی۔ اساتذہ ان کی تعلیم پر ایک ہی انداز میں نگاہ رکھتے تھے۔

حکومتی سطح پر تعلیمی اداروں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے انہیں بڑی بڑی جائدادیں اور جاگیریں وقف کر دی جاتی تھیں، بلکہ اس زمانے میں کتابوں کی طباعت کا کوئی انتظام نہیں تھا، جو تعلیم کی ترقی اور اشاعت میں ایک بڑی رکاوٹ تھی۔ مگر ہاتھ سے کتابیں لکھنے کا رواج خوب تھا، اس کے لیے کاتب رکھے جاتے تھے۔ اس سے فن کتابت کو بہت عروج حاصل ہوا۔ خوش نویسی اور خطاطی کے اس دور کے بہت سے نمونے ملک اور بیرونی ممالک کی مختلف لائبریریوں میں آج بھی محفوظ ہیں۔

مغلوں کا دور ہندوستان کی تاریخ کا ایک اہم دور ہے کیونکہ فن اور اس کے میدان میں ہونے والی پیشرفت کی وجہ سے زبانیں، ثقافت اور مذہب کو بہت اہمیت حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ اس دور میں ہندوستانی ثقافت پر دوسرے مذاہب کے اثرات دیکھنے میں آئے ہیں۔ مغل ہندوستان میں نظام تعلیم بنیادی طور پر اسلام پر مرکوز تھا۔ نئی معاشرتی حقائق، خاص طور پر تعلیم کے جدید خطوط

پر استوار کرنے ، علمی معاشرے کے ابھرنے اور عالمگیریت کے مابین باہمی روابط نے تمام معاشروں کے تعلیمی عمل پر بہت زیادہ اثر ڈالا۔ تمام چیلنجوں اور پریشانیوں سے نمٹنے کی کوشش کرتے ہوئے ، مغلوں نے تعلیم کے بین الاقوامی جہت کو بھی زیر غور رکھا۔ بین الاقوامی برادری کی قومی ضروریات اور توقعات و متضاد مفادات کا حامل معلوم ہوسکتی ہیں، لیکن مغلوں کے اندر تبدیلی کی قبولیت نے تعلیمی اصلاحات کو فروغ دیا۔

اکبر نے اپنی ہندو اور مسلم رعایا کی تعلیم کا انتظام شاہان سابق سے بہت بڑھ چڑھ کر کیا۔ قلمرو کے مکاتب و مدراس میں ہندو اور مسلم طالب علم اکٹھے پڑھتے تھے۔فارسی پڑھانے کا انداز اس قدر صحیح اور سائنٹیفک تھا۔ کہ چند ہفتوں کے اندر طالب علم فارسی نثر و نظم روانی سے پڑھ سکتا تھا۔ باعتبار علوم تعلیم کی ترتیب یہ تھی ۔اخلاق،ریاضی ،حسابات ،زراعت ،ہندسہ ،ہیئت، علم الارض، معاشیات، سیاست ملکی، طبعیات، منطق، فلسفہ فطرت، مجرد ریاضیات، دینیات اور تاریخ۔ ہندو طلبہ دیا کرن(صرف و نحو) ویدانت اور پتنجلی پڑھتے تھے۔ابوالفضل لکھتا ہے کہ نظام تعلیم میں تبدیلیوں کی وجہ سے مکاتب و مدارس قلمرو کے لیے زیب و زینت کا سامان بن گئے۔ مغل بادشاہ جلال الدین اکبر اپنے دور کی انقلابی شخصیت تھی, خود ان پڑھ ہونے کے احساس نے اکبر کے دل میں علم کی جستجو کی وہ شمع روشن کی جس سے آنے والی کئی نسلوں نے جِلا پائی۔ اکبر علم و دانش کا متوالا تھا۔کم عمری میں علم کی طرف سے بے رغبتی کے باوجود اس نے جب اقتدار سنبھالا توسب سے زیادہ توجہ اسی کمزور پہلو کی طرف مرکوز کی۔دربار میں جو مطلق العنانی اور بے قاعدگی شروع ہوئی تھی ملک پر اس کا کچھ اثر نہ ہوا، عام ملک میں اسلامی اعتقادات برقرار رہے، بلکہ علوم اسلامی کی وسیع اشاعت کا آغاز اسی زمانے سے ہوتا ہے، اس وقت جونپور دہلی، لاہور، سیالکوٹ، احمد آباد اور دوسرے مرکزوں میں علوم اسلامی کی اشاعت بڑی باقاعدگی سے ہورہی تھی، اور قابل علماء کی کمی نہ تھی، ظاہر ہے کہ دوسری ممتاز ہستیوں سے قطع نظر جس زمانے میں باقی باللہ، حضرت مجدالف ثانیؒ اور شیخ عبدالحق محدث ہندوستان کی سرزمین کو اپنے چشمہ فیض سے سیراب

کریں اسے روحانی خط کا زمانہ نہیں کہا جا سکتا ہے۔ دہلی اور گجرات کے سیاسی تعلقات عہدِ اکبری میں پھر استوار ہوئے، گجرات اس زمانے میں اسلامی علوم کا بڑا مرکز تھا، ایک تو ساحلی علاقہ ہونے کی وجہ سے جو لوگ عرب سے آتے وہ پہلے یہیں قیام کرتے، اور یہاں کے لوگوں کو عرب جانے میں آسانی تھی، دوسرے شاہانِ گجرات نے علوم وفنون کی سرپرستی کر کے انہیں بہت فروغ دیا، چنانچہ یہ کہنا صحیح ہے کہ عہدِ اکبری سے پہلے سو سال تک گجرات کو علم وفضل میں دہلی پر فوقیت تھی، لیکن جب اکبر نے گجرات فتح کر لیا اور دہلی کے گورنر وہاں جانے لگے اور وہاں کے لوگوں کو دہلی آنا پڑا، گجرات کے علماء دہلی پہنچنے شروع ہوئے، اور اس کا اثر یہ ہوا کہ گجرات کی بندرگاہوں کے راستے عام ہندوستانی طلبہ کو بھی مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ جا کر حصولِ علم کا موقع ملا۔

آئے دن قلمرو کے مختلف حصوں میں نئے نئے مکاتب اور بڑے بڑے مدرسے قائم کیے جا رہے تھے۔ فتح پور سیکری کی پہاڑی پر اکبر نے ایک اتنا بڑا مدرسہ قائم کیا۔ کہ سیاح اس کی کوئی نظیر پیش نہ کر سکتے تھے، اس کے علاوہ شہر میں بے شمار دوسرے مدرسے بھی تھے۔ جو شہنشاہ کے حکم سے بنائے گئے تھے۔ آگرہ میں بھی بہت سے مدرسے تھے۔ جن میں تعلیم وتدریس کے لئے شیراز سے معلمین طلب کئے گئے تھے۔ کیونکہ شیراز اس زمانہ میں مسلمانوں کے علوم کا مشہور مرکز تھا۔ اکبر کے زمانہ میں فارسی وادب کا عام نصاب تھا۔ جس میں وقتاً فوقتاً جزوی تبدیلی بھی ہوتی رہی، کریما، گلستان، بوستان، یوسف زلیخا، سکندر نامہ، بہار دانش، اخلاق ناصری، انوار سہیلی، شاہنامہ، انشائے خلیفہ، بعد کے زمانہ میں اس میں وقائع نعمت خان عالی، سہ نثر ظہوری، رقعات عالم گیر، پنج رقعات اور انشائے مادھو رام بھی درس میں داخل ہوتی رہیں۔ یہ اعلیٰ مشترک تعلیم کا نصاب تھا، ابتدائی مکتبی تعلیم کا پرانا نظام بدستور قائم رہا، جس میں پنڈت اپنے پاٹھ شالوں میں اور مسلمان ملا اپنے مکتبوں میں بچوں کو ابتدائی تعلیم دیتے تھے، جن سے ہندو مسلمان طلبہ دونوں پڑھتے تھے، چنانچہ بہت سے ہندو مکتبوں اور مسلمان اساتذہ کے فیض یافتہ تھے، مسلمان فضلاء کے

اساتذہ میں بھی ہندوؤں کے نام ملتے ہیں، ان کا ذکر تاریخوں میں بکثرت ملتا ہے، اس لیے ان کی تفصیل کی ضرورت نہیں، آج بھی ہندو مسلمانوں کی پرانی نسلیں اس کی شاہد ہیں۔(27)

دورِ حاضر میں بھی مسلمانوں میں اسی جزبہ و خلوص کی ضرورت ہے جس کے تحت مغلیہ دور میں علم کی ترویج و اشاعت کی گئی۔ آج کے دور کا المیہ یہ ہے کہ حصولِ ڈگری پر کفایت کرتے ہوئے علمی میدان میں سعت پر بند بندھے گئے ہیں اور اس کی زد میں سارا معاشرہ ہی آچکا ہے نتیجۃً علوم وفنون کے وہ حقائق بھی منظر عام پر آنے سے قاصر ہوئے جاتے ہیں جن کے حصول کے لئے زندگیاں تیاغ دی گئیں۔

**خلاصہ بحث**

ہندوستان میں مسلم عہد حکومت میں اگرچہ بادشاہوں کے یہاں بڑے بڑے علما وفضلا، منتخب روز گار اور اپنے اپنے فن میں یکتا افراد جمع رہتے تھے، لیکن عام آدمی تک تعلیم کی صورت حال اوسط ہی رہی۔ تاریخ میں عہد وسطیٰ میں کسی حکومت کا خواہ وہ کتنی ہی ترقی یافتہ کیوں نہ ہو، محکمہ تعلیمات کا اندارج نہیں ملتا۔ لیکن ہندوستان میں مسلم عہد حکومت میں ایک خاص محکمہ بنایا گیا تھا، مذہبی امور اور تعلیمی اداروں کی دیکھ بھال کرنا جس کی ذمہ داری میں شامل تھا۔ ایسا کوئی قابل ذکر حکمراں نہیں گزرا جس کا نام کسی نہ کسی سطح پر اس کے عہد میں کسی مدرسے یا مکتب سے وابستہ نہ رہا ہو۔ مسلم حکمرانوں نے اپنی مملکت میں ملک کے طول و عرض میں بہت سے مدرسے کھولے، کتب خانے قائم کیے اور علمی خدمات کی سرپرستی کرنے میں کبھی پیچھے نہیں رہے۔

عام طور پر تعلیم کے حصول کے تین ذرائع تھے۔ مکتب اور مدرسے، مساجد اور خانقاہیں اور بعض مخصوص گھرانے۔ اس زمانے میں بھی اعلیٰ تعلیم تک بہت قابل ذکر طلبا ہی پہنچ پاتے تھے، لیکن عام طور پر تعلیم کا حصول بہت مشکل نہیں تھا۔ تقریباً تمام مساجد اور خانقاہوں میں جو مدرسے قائم تھے، ان میں دینی اور دنیوی دونوں طرح کی تعلیم کا انتظام ہوتا تھا۔ مسلم عہد حکومت کی تعلیم کے معیارات کا آج کے زمانے کی تعلیمات سے موازنہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا معیار

بہت بلند تھا۔ ایک ہی شخص کئی حیثیتوں سے ممتاز ہوتا تھا۔ حالاں کہ اگر اس دور اور آج کے دور کے زمانی فرق پر غور کیا جائے اور جدید تعلیم وترقیات کو ملحوظ رکھا جائے تو پھر بھی نتائج میں بہت زیادہ فرق نظر نہیں آئے گا۔ ایک سب سے بڑا جو فرق ہے وہ تربیت کا ہے، اس زمانے میں جو تربیت ہوتی تھی، آج اس کا فقدان ہے۔ اسی طرح آج تعلیم پر ہونے والی اخراجات اس دور سے کہیں زیادہ اور معیار کئی درجے کم نظر آتا ہے۔ پروموشن آف لرننگ اِن انڈیا کے مصنف این این لا لکھتے ہیں کہ ایک زمانہ ایسا بھی گزرا ہے کہ جب ہندوستان میں مسلمانوں کی اعلیٰ درس گاہوں میں ہزارہا طلبا سبق میں حصہ لیا کرتے تھے، بلکہ ایسا بھی ہوتا تھا کہ بعض اوقات ایک استاد کے درس میں سیکڑوں طلبا شریک ہوتے تھے۔ وہ ملک میں علم وفن کی ترقی کا باعث بھی بنے اور اس کے نتیجے میں ملک میں بڑے بڑے ادبا، شعرا اور عالم وفاضل پیدا ہوئے اور انہیں بادشاہوں کے یہاں سے اہم مسندیں عطا کی گئیں۔ یہ تمام تعلیم کا انتظام مفت ہوتا تھا۔ غریب اور ہونہار طلبا کو قیام وطعام کے ساتھ ساتھ وظائف بھی دیے جاتے تھے۔ ان مدارس میں امیر وغریب کے بچوں میں کوئی تفریق نہیں برتی جاتی تھی۔ اساتذہ ان کی تعلیم پر ایک ہی انداز میں نگاہ رکھتے تھے۔ حکومتی سطح پر تعلیمی اداروں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے انہیں بڑی بڑی جائدادیں اور جاگیریں وقف کر دی جاتی تھیں، بلکہ اس زمانے میں کتابوں کی طباعت کا کوئی انتظام نہیں تھا، جو تعلیم کی ترقی اور اشاعت میں ایک بڑی رکاوٹ تھی۔ مگر ہاتھ سے کتابیں لکھنے کا رواج خوب تھا، اس کے لیے کاتب رکھے جاتے تھے۔ اس سے فن کتابت کو بہت عروج حاصل ہوا۔ خوش نویسی اور خطاطی کے اس دور کے بہت سے نمونے ملک اور بیرونی ممالک کی مختلف لائبریریوں میں آج بھی محفوظ ہیں۔ المختصر عام طور پر تعلیم کے حصول کے تین ذرائع تھے۔ مکتب اور مدرسے، مساجد اور خانقاہیں اور بعض مخصوص گھرانے۔ اس زمانے میں بھی اعلیٰ تعلیم تک بہت قابل ذکر طلبا ہی پہنچ پاتے تھے، لیکن عام طور پر تعلیم کا حصول بہت مشکل نہیں تھا۔ تقریباً تمام مساجد اور خانقاہوں میں جو مدرسے قائم تھے، ان میں دینی اور دنیوی دونوں طرح کی تعلیم کا انتظام ہوتا تھا۔ مسلم عہد

حکومت کی تعلیم کے معیارات کا آج کے زمانے کی تعلیمات سے موازنہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا معیار بہت بلند تھا۔ ایک ہی شخص کئی حیثیتوں سے ممتاز ہوتا تھا۔ حالاں کہ اگر اس دور اور آج کے دور کے زمانی فرق پر غور کیا جائے اور جدید تعلیم وترقیات کو ملحوظ رکھا جائے تو پھر بھی نتائج میں بہت زیادہ فرق نظر نہیں آئے گا۔ ایک سب سے بڑا جو فرق ہے وہ تربیت کا ہے، اس زمانے میں جو تربیت ہوتی تھی، آج اس کا فقدان ہے۔

## تجاویز وسفارشات

اس مقالہ کے لیے درج ذیل سفارشات پیش کی جاتی ہیں:

1. مغلیہ دور میں قائم کردہ لائبریریوں کی طرز پر آج بھی عوامی لائبریریاں نہایت آسان اصولوں کے تحت قائم کی جائیں جو منظم بھی ہوں اور دن رات میسر بھی ہوں۔
2. علم و فن کی قدر دانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مختلف مقابلہ جات کے ذریعے ذہین اذہان کو کھنگھالا جائے اور ان کے مراتب کے اعتبار سے انہیں عہدوں سے نوازا جائے۔
3. ایسا نظام تعلیم متعارف کروایا جائے جو دینی وعصری تعلیم کو یکساں کفایت کرے لیکن یہ بھی ضروری ہے کہ وہ سادہ اور عام فہم ہو اور ترجیحاً وہ قومی زبان میں ہو۔
4. امن و تنظیم کے اعتبار سے ملک میں ایسی خوشگوار آب وہوا تشکیل دی جائے کی غیر ممالک ہجرت کے رجحانات میں کمی آسکے اور یہاں کی مٹی میں پنپنے والے قلوب و اذہان اسی ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے کوشاں رہیں۔
5. استاد معاشرے کا وہ مرکزی کردار ہے جس کی پیروی کرنا طالب علم اپنی خوش نصیبی خیال کرتے ہیں کسی بھی معاشرہ میں اساتذہ طلبہ کے لئے ایک قابل عمل نمونہ ہیں اور طلبہ ہی اخلاق و کردار اپنانے کی کوشش کرتے ہیں جو وہ اپنے اساتذہ میں دیکھتے ہیں۔ اسلیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ شریعت اسلامیہ کی روشنی میں طے کردہ انسانی علم وثقافت کا تحفظ اور ترسیل ممکن بنائیں۔

6. چونکہ کسی بھی شخص کے افکار و نظریات کبھی بھی حرف آخر نہیں ہوتے بلکہ جیسے جیسے علم اور شعور و آگہی بڑھتا جاتا ہے افکار و نظریات میں ارتقاء کا عمل بغیر کسی تعطل کے جاری رہتا ہے بلکہ بسا اوقات پس پشت اگر شعور و آگہی کا وجود ناپید ہو تو اکثر افکار و نظریات کی حیثیت ایک فکری مغالطے سے زائد نہیں ہوا کرتی۔ اس لیے اھل علم نظر کو چاہیے کہ وہ اپنے نظریات اور کچھ ایسے افکار جو کہ خود اس کی تحقیق اور فکر و نظر کا نتیجہ ہوتے ہیں انہیں حرف آخر قرار دے کر دوسروں سے ہر حال میں منوانے کی کوشش نہ کریں۔

چونکہ مغربی تہذیب، افکار و نظریات کے غالب ہونے کی وجہ سے عصر حاضر میں آج کا انسان مسلسل کئی نظریات کی ناکامی کے بعد بھٹک رہا ہے اور ارتیابی نظریات میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اسلامی نظریہ حیات الا اللہ کا نظارہ ہے۔ اب یہ اساتذہ کے ذمہ ہے کہ وہ اس کا اعلان کس طریقہ سے کرتے اور آج کے بے چین انسان کو اطمینان اور سکون قلب کا تحفہ دیتے ہیں۔

## حوالے وحواشی

[1]. Indian Educational System: An Overview of Medieval and Modern Education. (n.d.). http://content.inflibnet.ac.in/data-server/eacharya, Retrieved November 09, 2018

[2]۔ عبد الحیئ، ہندوستان کا قدیم نصاب درس اور اس کے تغیرات، لکھنؤ، شعبہ تعمیر و ترقی، دارالعلوم، 1994، ص124

[3]۔ بختیار حسین، صدیقی، پروفیسر، مسلمانوں کی تعلیمی فکر کا ارتقاء، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، 1983ء، ص20

[4]۔ خورشید احمد، پروفیسر، نظام تعلیم: نظریہ روایت، مسائل انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد، س۔ن، ص27

[5]۔ محمد حسین، آزاد، دربار اکبری، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، 1991ء، ص34

[6]۔ نظام الدین، طبقات الکبری، ج2، ص 384

[7]۔ بدایونی، منتخب التواریخ، ج2، ص383

[8]۔ بدایونی، منتخب التواریخ، ج2، ص330

[9]۔ ایضاً

[10]۔ بدایونی، منتخب التواریخ، ج2، ص330

[11]۔ عبد الحیئ، ہندوستان کا قدیم نصاب درس اور اس کے تغیرات، ص125

[12]۔ عبد الحیئ، ہندوستان کا قدیم نصاب درس اور اس کے تغیرات، ص130

[13]۔ ترمذی، محمد بن عیسی، **الجامع السنن**، کتاب الاستئذان، باب في تعليم السريانية، مکتبہ رحمانیہ، لاہور، س۔ن، رقم الحدیث:52

[14]۔ الانفال:60

[15]۔ منور ابن صادق، تعلیم و تعلم، صادقہ پبلی کیشنز، لاہور، 1973ء، ص91

[16]۔ عزیز، ایم اے، ڈاکٹر، تعلیم اور معاشرتی تبدیلی، ص28

[17]۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، **الجامع الصحیح**، کتاب العلم، باب من جعل لاهل العلم ايام معلومة، رقم الحدیث:3250

[18]۔ عبد الحئ بن العماد، **شذرات الذهب في اخبار من ذهب**، الجزء الاول، دار الفکر، بیروت، 1988ء، ص345

[19]۔ نظام الملک، خافی خان، منتخب اللباب، ص262

[20]۔ تقی الدین، ابی العباس احمد بن علی بن عبد القادر، العبیدی، المقریزی، **کتاب الخُطط**، دارالکتب العلمیہ، بیروت، س ن، ج 1، ص 64

[21]- Zaheer, S., & Jafri, H. (2012). Education and Transmission of Knowledge in Medieval India.Intellectual Discourse, 20(1), 79-102. Retrieved November 08, 2018, p.146

[22]۔ مبارک علی، اکبر کا ہندوستان، ص 173

[23]. Puri, M. (n.d.). Education in India during Vedic, Buddhist and Medieval Periods. Retrieved November09,2018,p.123

[24]. Puri, M. (n.d.). Education in India during Vedic, Buddhist and Medieval Periods. Retrieved November 09, 2018, p. 125

[25]. Zaheer, S., & Jafri, H. (2012). Education and Transmission of Knowledge in Medieval India.Intellectual Discourse, 20(1), 79-102. Retrieved November 08, 2018, p. 234

[26]. Zaheer, S., & Jafri, H. (2012). Education and Transmission of Knowledge in Medieval India.Intellectual Discourse, 20(1), 79-102. Retrieved November 08, 2018, p. 234

[27]۔ عبدالمنان ہلالی، ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی کارنامے، معارف پریس، اعظم گڑھ (یو۔پی، انڈیا)، 2013ء، ص 251

★★★★★

# ادارہ علوم اسلامیہ کی اساتذہ محترم کی تالیفات









* پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر

# سرسید احمد خان
## تشکیل شخصیت کے بنیادی عناصر

حالی نے **حیات جاوید** میں سرسید کے کاموں کا اعتراف کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ جس قدر زیادہ زمانہ گزرتا جائے گا اسی قدر سرسید کے کاموں کی قدر اور ان کے حالات کی زیادہ چھان بین ہوتی جائے گی اور صدیوں تک اس ہیرو کا راگ ہندوستان میں گایا جائے گا۔([1]) سرسید کو دنیا سے رخصت ہوئے ایک صدی سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے۔اس صدی کے دوران سرسید شناسی کا سفر دیکھیں تو حالی کے یقین کو اگلی صدیوں کی سمت پیش قدمی کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔

حالی اور دوسرے مصنفین نے اپنے اپنے زاویہ نگاہ سے سرسید کی عظمت کے پس پردہ عناصر تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔راقم متقدمین کی آرا کا احترام کرتے ہوئے اس کے پس منظر میں جن عناصر کو کارفرما دیکھتا ہے قارئین کو ان سے آگاہ کرنے کی خواہش ان سطور کی تحریر کا باعث

* پروفیسر اردو و ڈائریکٹر ادارۂ تالیف و ترجمہ، پنجاب یونی ورسٹی لاہور

ہے۔ان سطور کی تحریر سے جہاں سر سید کی شخصیت کے تشکیلی عناصر کی دریافت مقصود ہے وہاں اپنے سامنے بنتے بگڑتے معاشرتی دوائر میں ان اقدار کے احیا کی خواہش بھی کار فرما ہے جنھوں نے صدیوں تک عظمتوں کی تشکیل کی اور اب جو معاشرے کے لیے اجنبی ہوتی چلی جارہی ہیں۔

راقم، سر سید کی عظمت کے پس پردہ ایک انسانی مثلث کو کار فرما دیکھتا ہے۔ اس مثلث کا پہلا زاویہ سر سید کی والدہ ہیں۔ سر سید سے ایک دفعہ ان کے بچپن کے حالات پوچھے گئے تو انھوں نے یہ جواب دیا کہ میری تمام سرگزشت کے بیان کو یہ ایک شعر کافی ہے:

طفلی و دامانِ مادر خوش بہشتی بودہ است
چون بپای خود روان گشتیم سرگردان شدیم (2)

سر سید کے والد میر متقی ایک درویش منش انسان تھے اور گھر داری سے بہت کم علاقہ رکھتے تھے ...... سر سید کی والدہ نہایت لائق، ذہین، قدرتی نہایت عالی دماغ تھیں۔ وہ صرف قرآن مجید پڑھی ہوئی تھیں۔ **سیرت فریدیہ** کے مطابق جیسا کہ مسلمان گھرانوں کا دستور تھا کہ جن بچیوں نے مکتب کی شکل تک نہیں دیکھی ہوتی ان کی ادبی و اخلاقی تربیت اس قدر ہوتی تھی کہ وہ بھی سعدی کی **گلستان** اور **بوستان** تک پڑھی ہوتی تھیں اور اپنے بچوں کو پڑھا سکتی تھیں اور پڑھایا کرتی تھیں۔(3)

خواجہ فرید الدین کی صاحبزادی اور سر سید کی والدہ کا نام عزیز النساء بیگم تھا۔ وہ بہ قول سر سید نہایت لائق، ذہین اور عالی دماغ تھیں۔ وہ صرف قرآن مجید پڑھی ہوئی تھیں اور انھوں نے کسی زمانہ میں فارسی کی بھی کچھ ابتدائی کتابیں پڑھی تھیں۔ سر سید کہتے ہیں؛ میں نے خود شیخ سعدی کی گلستان کے چند سبق اُن سے پڑھے ہیں اور اکثر ابتدائی فارسی کتابوں کے سبق ان کو سنائے ہیں۔ وہ جب سر سید کو پڑھانے بیٹھا کرتی تھیں تو ایک لکڑی پر سوت کی گوندھی ہوئی تین لڑیاں تنبیہ کے لیے اپنے پاس رکھ لیتی تھیں۔ یہ کوڑا طالب علم کو یہ احساس دلانے کے لیے تھا کہ سبق میں کوتاہی پر سزا بھی مل سکتی ہے لیکن ضروری نہیں کہ انھوں نے اسے استعمال بھی کیا ہو۔ والدہ کے سرچشمہء فیضان سے سر سید نے جو کچھ پایا ذیل میں اس کا ذکر کیا جاتا ہے:

## عفوودرگزر

ماں باپ اور بزرگوں کے نصائح گو وقتی طور پر گراں ہی کیوں نہ گزرتے ہوں لیکن انسان کی شخصیت پر اپنا اثر ضرور چھوڑ جاتے ہیں۔ طبیعت اگر سلیم اور فطرت مستقیم ہو تو اولاد کے کردار میں بھی جلوہ دکھاتے ہیں۔ ایک زمانے میں سرسید نے ایک شخص کے ساتھ نیکی کی لیکن موقع ملنے پر اس نے اس نیکی کا بدلہ برائی سے دیا اور سرسید کے خلاف گم نام درخواستیں دینے لگا۔ یہ صورت حال تکلیف دہ تھی، ایسے کج فطرت لوگ ہر دور میں موجود ہوتے ہیں جو نیکی کا بدلہ برائی سے دیا کرتے ہیں، اب بھی ایسے حوادث پیش آجاتے ہیں۔ حالات تو بدلتے رہتے ہیں پھر ایسا موقع آیا کہ سرسید کے ہاتھ اس شخص کے خلاف کچھ ایسے کاغذات لگے جن کی مدد سے فوجداری عدالت سے اسے کافی سزا مل سکتی تھی۔ بدلہ لینے کی طبعی انسانی جبلت نے سرسید کو اکسایا کہ اب اس بداندیش سے انتقام لینے کا اچھا وقت ہے۔ پیشتر اس سے کہ سرسید ان کاغذات کو کام میں لا کر اس احسان ناشناس کے خلاف کوئی اقدام کرتے، ان کی والدہ کو اس قضیے کی اطلاع ہوگئی۔ والدہ کی طبیعت اور ان کی روشِ تربیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے سرسید سے کہا کہ ”اگر تم اس کو معاف کرو تو اس سے عمدہ کوئی کام نہیں ہے۔ اگر تم کو اس کی بدی کی حاکم سے سزا دلوانی ہے تو نہایت نادانی ہے کہ اس قوی اور زبردست احکم الحاکمین کے چنگل سے جو، ہر ایک کے اعمال کی سزا دینے والا ہے اپنے دشمن کو چھڑا کر ضعیف و ناتواں دنیا کے حاکموں کے ہاتھ ڈالنا چاہو۔ پس اگر دشمنی اور انتقام ہی منظور ہے تو قوی حاکم کے ہاتھ میں اس کو رہنے دو“۔ سبحان اللہ والدہ نے کس عمدگی سے دنیوی انتقام کے جذبے کی خرابی واضح کی کہ سننے والا اپنے ارادے کے نقص پر متنبہ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ سرسید کو بھی تنبہ ہوا اور خود ان کے یہ قول ”اس نصیحت کا میرے دل پر ایسا اثر ہے کہ کبھی دور نہیں ہوا اور نہ ہوگا۔ اور جیسے میرے دل میں کسی شخص سے گو اس نے میرے ساتھ کیسے ہی دشمنی کی ہو انتقام لینے کا خیال تک نہیں آیا بلکہ ان کی نصیحت پر غور کرنے سے میرے دل میں یہ بات پیدا ہوگئی ہے کہ اب میں یہ بھی نہیں چاہتا کہ آخرت میں خدا بھی اس سے میرا بدلہ لے“[4]

یہ حسنِ تربیت اور سلامتیِ طبع کی نہایت عمدہ مثال ہے۔ماں کا حسنِ تربیت اور بیٹے کی سلامتیِ طبع کہ جس نے ماں کی نصیحت سے ایک قدم آگے بڑھ کر دنیوی بدلہ تو رہا ایک طرف، آخرت کے بدلے کا خیال بھی دل سے نکال دیا۔

## احترام آدم

عام طور سے احترام آدم کا سبق دینے اور سننے والے آدمیوں سے اپنے ہم مرتبہ لوگ مراد لے لیا کرتے ہیں۔احترام آدم یہ نہیں ہے کہ بلند حیثیتوں اور مناصب والوں کا تو احترام کیا جائے لیکن معاشرتی اعتبار سے کمزرولوگوں کو خودسے کم حیثیت سمجھتے ہوئے اس احترام کا مستحق نہ سمجھا جائے۔اسلام میں تمام بنی نوع بلالحاظِ حیثیت ونسبت بلکہ بلالحاظِ مسلک وعقیدہ لائق احترام ہیں۔ جس طرح اللہ نے اہل ثروت کے اموال میں غربا ومساکین کا حق بتایا ہے اسی طرح رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات میں بھی غربا ومساکین کے مقام کا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ آپ نے اسلام کے ظہور کو غرباہی سے منسوب کیا۔امرا کے بچوں میں اپنے معاشرتی مقام کے باعث الّاماشاء اللہ غربا کے لیے احترام کے اعلیٰ جذبات دیکھنے میں نہیں آتے۔ وہ انھیں خود سے کم تر مخلوق خیال کرنے لگتے ہیں۔ اس کمزوری کو اگر بچپن ہی میں بھانپ لیا جائے تو بچپن ہی میں اس کی اصلاح کی جاسکتی ہے ورنہ پندار کا سیلابِ بے اماں، احترام آدم کے جذبات کو بہالے جاتا ہے۔

سرسید کی عمر گیارہ بارہ برس کی تھی جب انھوں نے ایک نوکر کو جو بہت پرانا اور عمر رسیدہ تھا کسی بات پر تھپڑ دے مارا۔ تھوڑی دیر کے بعد والدہ کو خبر ہوگئی۔ سرسید گھر پہنچے تو والدہ نے ناراض ہو کر کہا "اسے گھر سے نکال دو جہاں اس کا دل چاہے چلا جاوے۔ یہ گھر میں رہنے کے لائق نہیں رہا" چنانچہ ایک خادمہ نے سرسید کا ہاتھ پکڑا اور انھیں گھر سے باہر لے جاکر سڑک پر چھوڑ دیا۔ قریب ہی سرسید کی خالہ کا گھر بھی تھا۔ان کی ملازمہ نے یہ کیفیت دیکھی تو انھیں پکڑ کر خالہ کے گھر میں لے گئی۔ خالہ نے کہا کہ "دیکھو تمھاری والدہ تم سے کس قدر ناراض اور غصہ ہیں اور اس سبب سے جو تم کو گھر میں رکھے گا اس سے بھی خفا ہوں گی۔ مگر میں تم کو چھپا رکھتی ہوں"۔ خالہ نے یہ کہہ کر کوٹھے پر واقع کسی کمرے میں انھیں چھپا دیا۔ تین دن تک وہ اسی طرح اس کوٹھے پر چھپے رہے۔

خالہ اپنے بھانجے کے سامنے آکر نوکروں وغیرہ سے کہا کرتیں کہ "دیکھنا آپا جی یعنی میری والدہ کو خبر نہ ہو کہ یہاں چھپے ہوئے ہیں۔" تین دن کے بعد یہی خالہ جنھیں سرسید آپا جان کہا کرتے تھے، سرسید کا ہاتھ پکڑ کر اپنی بہن کے پاس قصور معاف کرانے کے لیے لے گئیں۔ والدہ نے معاف کرنے کی بجائے یہ کہا کہ جس نوکر کے ساتھ بدتمیزی کی تھی اس سے معافی مانگے اگر اس نے معاف کر دیا تو میں بھی معاف کر دوں گی۔ چنانچہ "مجرم" کو اس نوکر کے پاس لے جایا گیا۔ سرسید نے اس کے آگے ہاتھ ہاتھ جوڑے تب کہیں جا کر ان کی تقصیر معاف ہوئی ۵۔ بلاشبہ ایک اچھی ماں ہزار استادوں سے بہتر ہے۔

## غربا کی خبر گیری

والدۂ سرسید کی خاص عادتوں میں سے ایک یہ امر تھا کہ لاوارث بڑھیا عورتوں کی ہمیشہ خبر گیری کرتی تھیں۔ زنانہ مکان کے باہر بطور جلوخانہ کے ایک میدان تھا اور اس کے ایک طرف متعدد کوٹھریاں اور یک درے ملازموں کے رہنے کے لیے بنے ہوئے تھے۔ غیر اور لاوارث بڑھیا عورتوں کو اس میں رکھتی تھیں۔ منجملہ ان کے ایک لاوارث بڑھیا مسماۃ زیبا تھی۔ سرسید بتاتے ہیں کہ اتفاق سے ایک زمانہ میں میری والدہ بھی بیمار ہوئیں اور زیبا بھی بیمار ہوئی، بیماری بھی قریب قریب ایک ہی تھی۔ جو دوا والدہ صاحبہ کے لیے تیار ہوتی تھی اسی میں سے زیبا کو پلاتی تھیں۔ دونوں کو صحت ہو گئی۔ مگر حکیم صاحب نے سرسید کی والدہ کے لیے ایک نسخہ معجون کا تجویز کیا۔ اس معجون کے اجزا بہت مہنگے تھے۔ اب تو جدید قارئین معجونوں اور ان کے اجزا سے کم ہی واقف ہوں گے لیکن پرانے لوگ اکثر بیماریوں میں اطبا کے تجویز کردہ ایسے معجون استعمال کیا کرتے تھے۔ ان قیمتی اجزا پر مشتمل جس قدر معجون تیار ہوا وہ مقدار میں ایک ہی شخص کے لیے چند روز تک کفایت کر سکتا تھا۔ سرسید اس زمانے میں دلی میں منصف تھے۔ وہ اپنی والدہ کے لیے یہ معجون تیار کروا کر لے گئے اور بتایا کہ یہ اتنے روز تک کفایت کرے گا۔ والدہ نے یہ گراں قیمت معجون لے لیا، اتفاق سے یہی معجون زیبا کے لیے بھی مفید تھا لیکن سوال یہ تھا غریب زیبا کے لیے کون ایسا مہنگا معجون بنوا کر لائے گا چنانچہ والدۂ محترمہ نے اس معجون کو خود استعمال کرنے کے بجائے خاموشی سے زیبا کو کھلانا شروع کر دیا جس کے نتیجے میں زیبا کی صحت میں بہت ترقی ہوئی۔

ان کے حسنِ نیت کا نتیجہ تھا کہ خود ان کی صحت معجون کھائے بغیر ہی ترقی کرنے لگی۔ چند روز بعد سر سید نے والدہ سے کہا کہ اس معجون نے آپ کو بہت فائدہ کیا۔ وہ ہنسیں اور کہا "تمھارے نزدیک بغیر دوا کے خدا صحت نہیں دیتا"۔(5) سر سید اس جواب پر متعجب ہوئے۔ تب والدہ نے بتایا کہ وہ معجون خود کھانے کی بجائے غریب زیبا کو کھلاتی رہیں کہ اس غریب کے لیے یہ مہنگا معجون کون بنوا کر لائے گا نتیجتاً خدا نے دونو کو صحت عطا فرمادی۔(6) ایک کو دوا کے ذریعے اور دوسرے کو حسن عطا کے ذریعے۔

## خیرات اور اس کے مصارف

آج کل بہت بھی احتیاط کی جائے تو لوگ سال کے بعد ڈھائی فی صد کے حساب سے زکوٰۃ نکال دیتے ہیں اور اس کی ادائی بھی تعطل و تاخیر کا شکار رہتی ہے لیکن یہ احساس بہت کم پایا جاتا ہے کہ قرآن کی رو سے مرفہ الحال لوگوں کے مال میں غربا یعنی سائلوں اور محروموں کا حصہ ہوتا ہے۔ کسی کو اس کا حق دینا اس پر کوئی احسان نہیں ہوتا۔ کمال تو یہ ہے کہ سائلوں اور محروموں کو ان کے حق سے بڑھ کر دیا جائے۔ والدۂ سر سید گھر کی کل آمدن کا حساب کر کے اس کا پانچ فی صد خدا کے نام پر علیحدہ کر دیا کرتی تھیں۔ انھوں نے اپنی بہنوں اور بھانجیوں کو بھی تاکید کر رکھی تھی کہ اسی طرح پانچ فی صدی کے حساب سے خدا کی راہ میں دیا کریں۔

اس طرح للہ فی اللہ خرچ کے لیے ان کے پاس ایک معقول سرمایہ جمع ہو جاتا تھا اور وہ اس طریقے سے جمع ہونے والی رقم کو نہایت عمدگی اور خوبی اور ایک انتظام سے خیرات میں صرف کیا کرتی تھیں۔ اُس میں سے کچھ تو غریب پردہ نشین عورتوں کی امداد پر جو معاش سے تنگ ہوتیں، صرف کرتیں۔ کچھ غریب عورتوں کی جوان لڑکیوں کے نکاح کے لیے مختص کر دیا کرتیں، جس کے نتیجے میں ان کی توجہ سے بہت سی جوان لڑکیوں کا نکاح ہوا۔ وہ اسلامی تعلیمات کے مطابق نوکری پیشہ یا غریب اور مفلس خاندانوں کی بیوہ ہو جانے والی جوان لڑکیوں کے عقد ثانی کی نصیحت کیا کرتیں اور اس مقصد کے لیے روپے پیسے سے ان کی ہر ممکن امداد کیا کرتیں۔ وہ عموماً لوگوں کو سمجھاتیں کہ نکاح ثانی نہ کرنا دوسری چیز ہے مگر نکاحِ ثانی کو معیوب سمجھنا یا جس نے نکاح ثانی کیا ہے اس کو حقیر و ذلیل سمجھنا سخت گناہ ہے۔(7)

## صلہ رحمی

عام معاشرتی مصروفیات میں اپنے قریبی لوگوں سے ملنا جلنا ہی کم ہو کر رہ گیا ہے کجا وہ اعزہ و اقارب جو اپنی غربت کے باعث معاشرے میں کسی خاص مقام کے حامل نہ ہو سکے ہوں۔ دیکھا جائے تو ہماری مصروفیات صرف ذاتی زندگی اور اس کے مفاد کے گرد ہی گھومتی ہیں۔ سرسید کی والدہ کا ایک وصف یہ بھی تھا کہ وہ اپنے غریب رشتہ داروں کے گھر میں جایا کرتی تھیں، ان جیسی اونچے گھرانے کی خاتون کا غریب رشتے داروں سے ملنے چلے جانا ہی کم نہیں تھا اس پر مستزاد یہ کہ وہ ان کی خفیہ طور پر کسی حیلہ سے امداد بھی کیا کرتیں۔ بعض رشتہ دار ایسے بھی تھے کہ انھوں نے ایسی عورتوں سے شادی کر لی تھی جن سے ملنا جلنا معیوب سمجھا جاتا تھا مگر وہ **الخلق عیال ا للہ** کے تصور کے مطابق ایسے رشتہ داروں سے بھی میل جول رکھتی تھیں۔ ان کا قول تھا کہ خدا کے حکم سے صلہ رحم سب پر مقدم ہے۔ وہ خود اُن کے گھر جاتیں اور ان کی اولاد کے ساتھ شفقت سے پیش آتیں اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا کرتیں۔(8)

## توکل علی اللہ

گزشتہ سطور میں ایک غریب عورت زیبا کی بیماری کے دوران اپنے علاج کے لیے تیار کروایا گیا معجون اسے کھلا دینے کا ذکر ہوا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ انھیں ہر بات میں خدا پر بہت توکل تھا۔ وہ یہ کہا کرتی تھیں کہ ”دکھ بیماری میں علاج کرنا۔ دوا دینا صرف ایک حیلہ ہے۔ شفا دینے والا خدا ہے۔ اگر دوا اور حکیموں کے علاج سے لوگ مرا نہ کرتے تو سب لوگ خدا کو بھول جاتے“ وہ کہتی تھیں کہ ”اگر سیتلا کے پوجنے سے لڑکیاں لڑکے سیتلا کی بیماری سے نہ مرتے تو تمام دنیا بجز ان کے جن کو خدا بچاتا کافر ہو جاتی۔“(9) سیتلا چیچک کی بیماری نیز چیچک کی دیوی کا نام تھا جسے اس مرض سے نجات کے لیے پوجا جاتا تھا۔ میر تقی میر کا شعر ہے:

جب نہ تب پنڈے پر لیے پائے
سیتلا کے سے دانے مرجھائے (10)

جس دوراور معاشرے سے ان کا تعلق تھااس میں توہم پرستی عام تھی۔سیاسی اقتدار چھن جانے سے معاشرے میں جومایوسی اور کم ہمتی پیداہوجایاکرتی ہے اس کا اثرعقائد پر بھی پڑتا ہے۔ لوگ توحیدِ خالص کو فراموش کر کے بلاارادہ بھی غیر اللہ کی جانب متوجہ ہوجایاکرتے ہیں اور اس باب میں خواتین کے ہاں کچھ زیادہ ہی تقدم دکھائی دیتا ہے لیکن سرسید کی والدہ؛ منت، نذر، نیاز وغیرہ کی قائل نہیں تھی۔ وہ کبھی اس جانب متوجہ نہیں ہوئیں۔ تعویذ گنڈے اور تاریخوں یا دنوں کی سعادت و نحوست پر ان کو مطلق اعتقاد نہ تھا۔ لیکن یہ بھی تھا کہ اگر کوئی ایسا کرتا تو اسے منع بھی نہیں کرتی تھیں ان کا خیال تھا کہ 'اگر ایسے لوگوں کو منع کیا جائے اور اتفاق سے وہ امر پیش آجائے جس کے خوف سے وہ گنڈہ تعویذ کرتے ہیں یا سعادت و نحوست دیکھتے ہیں تو ان کے ایمان میں زیادہ خلل آئے گا اور وہ یقین کریں گے کہ ایسا نہ کرنے سے یہ ہوا اور اگر ایسا کیا جاتا تو یہ نہ ہوتا'۔ ان کا قول تھا کہ "ہر بات کے لیے صرف خدا سے دعا کی جانی چاہیے پھر وہ جو چاہے گا کرے گا" وہ یہ بھی کہا کرتی تھیں کہ "مصیبتیں جو انسانوں پر پڑتی ہیں اُس میں بھی خدا کی کچھ حکمت ہوتی ہے۔ مگر بندے اُس حکمت کو نہیں سمجھ سکتے۔" (11)

سرسید کے بہ قول ان کے ننھیال کو شاہ عبدالعزیز سے اور ان کے خاندان سے بہت عقیدت تھی مگر سرسید کی والدہ شاہ غلام علی صاحب دہلوی (۱۱۵۶ھ / ۱۷۴۳ء...... ۲۲/ صفر ۱۲۴۰ھ / ۱۶/ اکتوبر ۱۸۲۴ء) سے بیعت و ارادت کا تعلق رکھتی تھیں۔ شاہ صاحب نقشبند ثانی کہلاتے اور حضرت میرزا مظہر جان جاناں سے بیعت تھے اور بہ قول سرسید اپنے پیر پر فوقیت لے گئے تھے۔ سرسید نے **آثارالصنادید** میں بڑی تفصیل سے ان کا ترجمہ اور اپنے خاندان کے ساتھ ان کے تعلق کا حال لکھا ہے۔ سرسید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت کی خانقاہ میں اپنی آنکھ سے روم اور شام اور بغداد اور مصر اور چین اور حبش کے لوگوں کو دیکھا ہے کہ حاضر ہو کر بیعت کی اور خدمت خانقاہ کو سعادت ابدی سمجھے ...... خانقاہ میں پانسو سے کم فقیر نہیں رہتا تھا اور سب کا روٹی کپڑا آپ کے ذمہ تھا اور باوجودیکہ کہیں سے ایک حبہ مقرر نہ تھا اللہ تعالیٰ غیب الغیب سے سب کام چلاتا تھا۔ اس عالم میں ایک مرتبہ نواب امیر الدولہ امیر محمد خان والی ٹونک نے چاہا کہ ان کی خانقاہ کے لیے کوئی وظیفہ مقرر کر دیا جائے اس کے جواب میں آپ نے صرف یہ شعر لکھ بھیجا:

ما آبروی فقر و قناعت نمی بریم
بامیر خان بگوی کہ روزی مقرر است (12)

جس شیخ کے توکل کا یہ عالم ہو اس کے مریدوں میں بھی اس کی صفات منعکس ہوتی ہوں گی۔ شاہ غلام علی صاحب، غیر اللہ کے خیال سے بھی دور تھے۔ ان کی عادت تھی کہ جب کوئی ان کے پاس کوئی حاجت لے جاتا تو وہ اسی وقت ہاتھ اٹھاتے اور سب حاضرین سے کہتے کہ ”دعا کرو کہ خدا اس کی آرزو پوری کرے۔“ سرسید کی والدہ بھی اسی عقیدے پر استحکام رکھتی تھیں۔ سرسید کی بسم اللہ شاہ غلام علی صاحب ہی نے فرمائی تھی۔ سہ پہر کے وقت بہت سے مہمان جمع تھے جب سرسید کو شاہ غلام علی صاحب کے سامنے لا کر بٹھایا گیا اور انھوں نے فرمایا کہ پڑھو بسم اللہ الرحمن الرحیم مگر سرسید ان کی طرف دیکھتے رہے اور منہ سے کچھ نہ بولے اس پر شاہ صاحب نے اٹھا کر انھیں اپنی گود میں بٹھالیا اور فرمایا کہ ہمارے پاس بیٹھ کر پڑھیں گے اور بسم اللہ پڑھ کر سورۂ علق کی ابتدائی آیات **مالم یعلم** تک پڑھیں اب سرسید نے بھی ان کے ساتھ ساتھ پڑھا بعد کے زمانے میں اس واقعے کی یاد میں سرسید نے یہ شعر کہا تھا:

بہ مکتب رفتم و آموختم اسرار یزدانی
ز فیض نقشبند وقت و جان جان جانانی (13)

سرسید کی ننھیال کے بعض لوگ توہمات میں مبتلا تھے۔ اس زمانے کے بعض توہمات ان کے خاندان میں بھی رواج رکھتے تھے۔ خاندان کے بعض بزرگ لڑکوں کو بعض بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لیے ایک گنڈہ دیا کرتے تھے جس میں ایک تعویذ ہوتا تھا اور اس تعویذ میں ایک حرف یا ہندسہ سفید مرغ کو ذبح کر کے اس کے خون سے لکھا جاتا تھا اور جس لڑکے کو پہنایا جاتا بارہ برس کی عمر تک اسے انڈا یا مرغی کھانے سے روک دیا جاتا تھا۔

سرسید کے بیٹوں سید حامد اور سید محمود کو بھی ان کی ننھیال والوں نے وہ گنڈہ پہنایا۔ مگر سرسید کی والدہ ایسے خیالات سے اتفاق نہ رکھتی تھیں ان کا خیال تھا کہ اس گنڈہ کے سبب سے انڈا یا مرغی نہ کھانا اور یہ سمجھنا کہ اگر کھایا جائے تو کوئی آفت آئے گی، خدا پر ایمان رکھنے کے خلاف ہے۔ وہ ان دونوں بچوں کو جب کبھی وہ ان کے ساتھ کھاتے اور کوئی ایسی چیز بھی موجود

ہوتی جس میں انڈا ملا ہوتا یا مرغی کا سالن یا مرغ پلاؤ ہوتا تو بے تامل ان کو کھلا دیتیں۔ ان بچوں کو پراٹھے اور انڈے پسند تھے۔ والدہ بے تامل ان کو وہ پکوا کر کھلا دیتی تھیں۔(14)

## بدلتے دنوں کا لحاظ

سرسید کہتے ہیں میں جب دلی میں منصف تھا تو میری والدہ مجھے نصیحت کرتی تھیں کہ "جہاں جہاں تم جانا لازمی سمجھتے ہو اور ہر حالت میں تم کو وہاں جانا لازمی ہو گا تو تم وہاں کبھی سواری پر جایا کرو۔ کبھی پیادہ پا۔ زمانہ کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔ کبھی کچھ ہے اور کبھی کچھ۔ پس ایسی عادت رکھو کہ ہر حالت میں اُس کو نباہ سکو"(15) چنانچہ میں نے جامع مسجد اور حضرت شاہ غلام علی صاحب کی خانقاہ میں جانے کا یہی طریقہ اختیار کیا تھا کہ اکثر دونوں جگہ پیدل جاتا تھا اور کبھی سواری پر۔

دوسروں کو عمل خیر اور صبر وقناعت کی نصیحت کرنا جتنا آسان ہوتا ہے اس پر خود عامل ہونا اتنا آسان نہیں ہوتا۔ عام طور سے افتادو پریشانی کے لمحوں میں ناصحین کے ہاتھ سے بھی صبر کا دامن چھوٹ جاتا ہے۔ کم لوگ ہوتے ہیں جو غم واندوہ کی حالت میں بھی شیوۂ صبر وقناعت پر عامل رہیں۔ سرسید کے بڑے بھائی یعنی سید محمد خاں جو ان کے بڑے بیٹے تھے، سینتیس اڑتیس برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ فطری طور پر ماں کو بیٹے سے جو محبت ہوتی ہے اس کے اقتضا سے وہ ہر وقت ان کے پاس بیٹھی رہتی تھیں۔ مہینہ بھر کی علالت کے بعد وہ راہی ملک عدم ہو گئے۔ ایسے مواقع پر جیسا کہ ہوا کرتا ہے سب لوگ گریہ وزاری کرنے لگے۔ ایسے موقع پر ماں کو جو رنج و غم و ہوا ہو گا اس سے کون انکار کر سکتا ہے بہ قول سرسید "بے اختیار اُن کی آنکھوں سے آنسو نکلتے تھے۔ لیکن اسی حالت میں انھوں نے کہا کہ: خدا کی مرضی اور وضو کر کے صبح کی نماز پڑھنے لگیں اور اشراق تک مصلے پر سے نہیں اُٹھیں"۔(16)

یہ تو بیٹے کے انتقال کے وقت کی کیفیت تھی۔ سرسید بتاتے ہیں کہ اتفاق سے بعض رشتہ داروں کی ایک لڑکی کی شادی اُسی زمانہ میں قرار پا چکی تھی اور صرف چار دن شادی کے باقی رہے تھے۔ اور وہ تمام سامان شادی کا تیار کر چکی تھیں کہ سید محمد خاں کا انتقال ہو گیا اور جیسا کہ دستور ہے اُن لوگوں نے اس لڑکی کی شادی کو ملتوی کرنا چاہا۔ میری والدہ تیسرے دن اپنے بڑے بیٹے کے انتقال کے اور ایسے سخت صدمہ کی حالت میں خود اُن رشتہ دار کے گھر میں گئیں اور کہا کہ "میں

تمھاری بیٹی کی شادی میں آئی ہوں۔ تین دن سے زیادہ ماتم رکھنے کا حکم نہیں ہے۔ شادی کے ملتوی کرنے سے تمہارا بڑا نقصان ہو گا اور جو امر کہ خدا کو منظور تھا وہ ہو چکا۔ تم ہر گز شادی کو ملتوی مت کرو اور جب کہ میں خود تمہارے گھر میں آئی ہوں اور شادی کی اجازت دیتی ہوں تو اور کوئی کیا کہہ سکتا ہے۔(17)

## قطع تعلق سے گریز

رسول خداؐ نے ایک طویل حدیث میں اپنی بعثت کے جو مقاصد بیان فرمائے ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جو مجھ سے کٹے میں اس سے جڑوں۔ ایک مقام پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: **لایدخل الجنة قاطع۔** قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا(18) امام نووی نے اس حدیث کی دو تاویلیں بیان کی ہیں: ایک یہ کہ اس سے مراد وہ انسان ہے جو قطع رحمی کی حرمت کا علم ہونے کے باوجود بغیر کسی سبب اور شبہ کے رشتہ توڑنے کو حلال جانتا ہے ایسا شخص جنت میں کبھی داخل نہیں ہو گا دوسری تاویل یہ ہے کہ اس ے مراد وہ انسان ہے جو جنت میں پہلے جانے والوں کے ساتھ نہیں جائے گا بلکہ جس تاخیر کا اللہ نے ارادہ کیا اس کی وجہ سے عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

ہماری پرانی تہذیب پر اس ارشاد گرامی کا بڑا گہرا اثر رہا ہے۔ سرسید کی والدہ کے ہاں بھی اس کا عکس دکھائی دیتا ہے۔ سرسید کے بڑے بھائی سید محمد خاں اور حکیم غلام نجف صاحب کی آپس میں بہت دوستی تھی۔ وہ ایک دوسرے کو بھائی کہتے تھے۔ سرسید بھی حکیم نجف خان کو اپنے بڑے بھائی کی طرح سمجھتے تھے۔ انھوں نے **آثارالصنادید** میں حکمائے کرام ذوالمجد والاحترام کے ذیل میں ان کا بڑا زوردار تعارف لکھا ہے۔ سرسید نے بتایا ہے کہ انھیں بہادر شاہ ظفر نے عزالدولہ کا خطاب دیا اور انگریزوں کی آمد کے بعد کمپنی بہادر نے بھی عہدۂ طبابت پر واسطے معالجہء مرضا کے مامور رکھا، ان کے اوصافِ حمیدہ و اخلاقِ پسندیدہ حیز تحریر سے خارج ہیں۔ ”جی چاہتا ہے کہ ان کے محامد و مناقب کو جہاں تک زمانہ مساعد ہو بیان کیے جاؤں لیکن قلم شکستہ زباں کو طاقت نہیں کہ اس کا عشر عشیر بھی لکھ سکے“(19) سید محمد خاں کے انتقال کے بعد جب سرسید دہلی میں منصف ہو کر آئے تو اپنے مرحوم بھائی کی طرح حکیم غلام نجف صاحب سے میل ملاقات جاری رکھی۔ ہفتہ میں دو روز ان کے پاس جایا کرتے اور وہ بھی وقت معین پر سرسید سے ملنے آیا کرتے تھے۔ ایک بار ایسا

ہوا کہ حکیم غلام نجف صاحب کسی بات پر ناراض ہو گئے لیکن سرسید بدستور ان کے پاس جاتے رہے مگر انھوں نے آنا چھوڑ دیا۔ بہت دنوں تک سرسید کا یہ معمول جاری رہا لیکن بالآخر جیسا کہ ہوتا ہے سرسید کے معمول میں بھی فرق واقع ہو گیا اور انھوں نے بھی حکیم صاحب کے ہاں جانا بہت کم کر دیا۔ سرسید کی والدہ نے یہ صورت دیکھی تو سرسید سے کہا کہ "میں سمجھتی ہوں کہ تم اب حکیم غلام نجف کے پاس بہت کم جاتے ہو اس کا کیا سبب ہے۔" سرسید نے حقیقت حال بیان کر دی۔ اُنھوں نے کہا "نہایت افسوس ہے کہ جس بات کو تم اچھا نہیں سمجھتے وہی بات تم بھی کرتے ہو۔ جہاں دوستی ہے اس کا پورا کرنا چاہیے۔ یہ تمھارا فرض ہے اور اُس دوست کو دوستی کا پورا برتاؤ کرنا اس کا فرض ہے تم دوسرے شخص کے فرض کے ادا کرنے کے کیوں ذمہ دار ہوتے ہو۔ تم کو بدستور ملنا اور اپنا فرض ادا کرنا چاہیے۔ اس سے تم کو کیا کہ دوسرا بھی اپنا فرض ادا کرتا ہے یا نہیں۔"[20]

## بدلے کا تصور

عام معاشرتی زندگی میں ہم دیکھتے ہیں کہ اچھے بھلے لوگ بھی اچھائی کا بدلہ اچھائی سے تو دے دیتے ہیں لیکن جہاں دوسرے کی جانب سے کوتاہی ہوئی وہ فوراً اس کی اچھائی کو فراموش کر کے عوض معاوضہ کے اصول پر آ جاتے ہیں، یہ نہیں دیکھا جاتا کہ ماضی میں جس شخص نے ہمارے ساتھ نیکی کی اس کا اقتضا کیا ہے۔ اس کا نتیجہ ہے اچھے روابط بھی کاروبار کی طرح ہو جاتے ہیں اور عفو و درگزر کی اعلیٰ اقدار بروئے کار نہیں آپاتیں۔ سرسید کی والدہ انھیں نصیحت کیا کرتی تھیں کہ "اگر کسی نے ایک دفعہ تمھارے ساتھ نیکی کی ہو اور پھر برائی کرے۔ یا دو دفعہ نیکی کی ہو اور دو دفعہ برائی کرے تو تم کو آزردہ نہ ہونا چاہیے کیونکہ ایک یا دو دفعہ کی برائی برابر ہو گئی۔ مگر نیکی ایسی چیز ہے کہ اُس کے بعد نیکی کرنے والا کیسی ہی برائی کرے اُس کی نیکی کے احسان کو بھلایا نہیں جا سکتا"۔[21]

سرسید کی والدہ کے یہ تصورات درست دینی عقائد کی بنا پر قائم تھے۔ گو سرسید کے عقائد میں بعد ازاں انحرافات بھی در آئے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سرسید کی تربیت کا بنیادی گہوارہ انحرافات و بدعات سے پاک تھا۔ ان کی والدہ کے خیالات اپنے آبا کے زیر اثر الا ماشاء اللہ محققانہ

اصولوں پر استوار تھے۔ سر سید جو بعد ازاں بزعم خویش مقام تجدید پر فائز ہو گئے اپنی والدہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

”اس زمانہ میں کہ میرے خیالات مذہبی محققانہ اصول پر ہیں اس وقت بھی میں اپنی والدہ کے عقائد میں کوئی ایسا عقیدہ، جس پر کسی قسم کے شرک یا بدعت کا اطلاق ہو سکے نہیں پاتا بجز ایک عقیدہ کے کہ وہ سمجھتی تھیں کہ عبادتِ بدنی یعنی قرآن مجید پڑھ کر بخشنے کا یا فاتحہ دے کر کھانا تقسیم کرنے کا ثواب مردے کو پہنچتا ہے۔ میں ان دونوں باتوں کا قائل نہیں ہوں۔ عبادت بدنی میں تو میں نیابت کا قائل نہیں ہوں اور عبادت مالی میں بھی ]بجز[ اُس صورت کے کہ متوفی اپنی زندگی میں کچھ مال کسی کار خیر کے لیے کسی کے سپرد کر جاوے نیابت کا قائل نہیں ہوں۔ تعجب ہے کہ میرا عقیدہ اس زمانہ کے وہابیوں یا اہل حدیث سے بھی زیادہ سخت ہے۔ کیونکہ گو وہ عبادت بدنی کے ثواب پہنچنے میں مختلف ہیں مگر ہر حالت میں عبادت مالی کے ثواب پہنچنے میں سب کو اتفاق ہے۔“[22]

اگر لوگ ان باتوں پر غور کریں تو سمجھ سکتے ہیں کہ میری والدہ کیسی عالی خیال اور نیک صفات اور عمدہ اخلاق، دانشمند اور دوراندیش، فرشتہ صفت بی بی تھیں اور ایسی ماں کا ایک بیٹے پر جس کی اس نے تربیت کی ہو، کیا اثر پڑتا ہے۔

## نانا

سر سید کی شخصیت کی تشکیل میں دوسرا بنیادی کردار ان کے نانا خواجہ فرید الدین احمد کا تھا۔ دبیر الدولہ خواجہ فرید الدین احمد مغلیہ درباروں میں مناصبِ عالیہ پر فائز رہے۔ اکبر شاہ ثانی کے دربار میں وزیر اعظم تھے۔ بعد ازاں اس منصب سے مستعفی ہو گئے۔ ان کی انتظامی قابلیت کا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جب پنجاب میں مغل حکومت ختم ہو گئی اور سکھا شاہی کا دور دورہ ہوا تو مہاراجہ رنجیت سنگھ نے انھیں اپنے دربار سے وابستہ کرنا چاہا اور اس مقصد کے لیے اپنے معتمد کے ذریعے تیس ہزار روپیہ بہ طور سفر خرچ دبیر الدولہ کے پاس بھیجا اور انھیں لاہور بلایا۔ توقع تھی کہ وہ اس پیش کش کو قبول کر لیں گے عمومی طور پر ان کے متعلقین بھی یہی چاہتے ہوں گے لیکن ان کی بڑی بیٹی یعنی سر سید کی والدہ نے اس سے اتفاق نہیں کیا۔ خواجہ فرید الدین احمد کی تین

بیٹیاں تھیں؛ عزیزالنسابیگم والدۂ سرسید، فاطمہ بیگم اور فخر النسابیگم۔عزیزالنسابیگم نے کہا کہ خدانے آپ کو اس قدر دیاہے کہ جس طرح پر چاہیں آپ آرام کرسکتے ہیں اور اگر اس سے کچھ زیادہ بھی مل جائے تو بھی جو آرام وآسائش آپ کو اب ہے اس میں کچھ اضافہ نہیں ہو سکتا۔والدۂ سرسید جو بڑی صائب الرائے تھیں، ان کا خیال تھا کہ والد کالاہور جاکر رہنااور مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سلطنت کے اختیارات قبول کرنا اور باقی گھرانے کا انگریزوں کی عمل داری میں رہنا اچھا نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ معلوم نہیں کیا اتفاقات پیش آئیں اور کیا انقلابات ہوں اور کس قسم کی مشکلات پیش آجائیں اس لیے اس پیش کش کو قبول کرنا مناسب نہیں۔انھوں نے والد سے کہا کہ اس زمانہء ضعیفی میں کہ آپ کی طبیعت بھی علیل رہتی ہے، وہاں جانامیں پسند نہیں کرتی۔ سرسید کے ناناکے دل پر بیٹی کی اس بات نے ایسااثر کیا کہ انھوں نے رنجیت سنگھ کی یہ پیش کش قبول کرنے سے انکار کردیااور سفر خرچ واپس بھیج دیا۔ایک بار پھر یہ تحریک ہوئی([23]) لیکن ایک بار کے انکار پر عمر بھر قائم رہے اور پھر کسی دربار سے تعلق اختیار نہیں کیا۔یہاں مرزا رفیع سودا کو نواب شجاع الدولہ کا "برادرِ من اور مشفقِ من" کہہ کر اپنے دربار سے وابستگی کے لیے بلانا اور مرزاسودا کا بہ طور معذرت ایک رباعی لکھ بھیجنا یاد آتاہے۔سودانے اس دعوت کے جواب میں جو رباعی لکھی وہ دیکھ لیجیے:

سوداپے دنیاتو بہ ہر سو کب تک　　آوارہ ازیں کوچہ بہ آں کو کب تک
حاصل نہ یہی اس سے کہ تادنیاہو　　بالفرض ہوایوں بھی تو پھر تو کب تک([24])

ان کی شخصیت کے مرتب و منظم ہونے کااندازہ اس بات سے بھی کیاجاسکتاہے کہ وہ باقاعدگی سے روزنامچہ لکھا کرتے تھے۔ سرسید کی روایت ہے کہ عہد شباب سے، ان کے انتقال سے دوہفتے پیشتر تک ان کا لکھاہوا روزنامہ ان کے گھرانے میں موجود تھا اور سرسیدنے اسے بہ طورایک دلچسپ تاریخ کے بارہا پڑھالیکن ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں جہاں اور بہت کچھ تباہ و برباد ہو گیا وہاں یہ روزنامچہ بھی ضائع ہو گیا۔([25]) اب ہم اس روزنامچے کا ذکر صرف سرسید کی سیرت فریدیہ ہی میں دیکھ سکتے ہیں۔خواجہ فریدالدین ۵۷ء کی جنگ آزادی سے پینتیس سال قبل ۱۴/ محرم ۱۲۴۴ھ مطابق ۱۸۲۸ء کو اس دنیاسے رخصت ہوچکے تھے۔ وہ بیرون ترکمان

دروازہ چونسٹھ کھمبہ میں دفن کیے گئے، مزار پر بسنت چڑھتی رہی، میلہ ہوتا رہا۔ ان کے چھوٹے بیٹے اور سرسید کے ماموں نواب زین العابدین خان نے ''جابہ بہشت یافتم'' مادۂ تاریخ نکالا۔ سرسید، جب حالی کے لیے اپنے خاندان کے حالات لکھ رہے تھے تو انھوں نے مولانا حالی سے اس مادۂ تاریخ کا ذکر کیا۔ حالی نے اس مادے کو منظوم کر دیا۔ یہ واقعہ ۲۵/اگست ۱۸۹۳ء کا ہے جس سے سیرت فریدیہ کے زمانہ تصنیف کا بھی علم ہو جاتا ہے اور بڑی وضاحت سے پتہ چلتا ہے کہ سرسید مرحوم ۲۵/اگست ۱۸۹۳ء کو یہ رسالہ لکھ رہے تھے۔

رخت سفر چو از جہان خواجہ فریددین بہ بست
از پی سال رحلتش سوی بسو شتافتم
روی نمود ناگہان خواجہ شبی بہ خواب در
دیدو بخندہ بازگفت 'جابہ بہشت یافتم' (26)

## کتاب دوستی

سرسید کے نانا باوجودیکہ عمر بھر سیاسی مناصب پر فائز رہے درباری زندگی کی اونچ نیچ دیکھی لیکن اس کے ساتھ انھیں علم و ادب کا ذوق بھی تھا۔ کتابوں سے شغف رکھتے تھے ایک بڑا کتب خانہ فراہم کر رکھا تھا اور اس کتاب خانے کی کم و بیش ہر کتاب ان کی نظر سے گزری ہوئی تھی۔ دستور یہ تھا کہ ہر نئی کتاب مطالعہ کے بعد کتب خانے میں داخل کی جاتی تھی اور کتب خانے کی کتابوں کے ان کی نظر سے گزرنے کا ثبوت کتابوں کے وہ حواشی تھے جو ان کے قلم سے ہر کتاب پر موجود پائے جاتے تھے۔ وہ خود بھی ایک مصنف تھے جنھوں نے علم ہیئت اور آلات رصد، صنعت اصطرلاب، صنعت پرکار متناسبہ، اعمال پرکار متناسبہ پر کتابچے تصنیف کیے جو سرسید کی نگاہ سے بھی گزرے۔ سیرت فریدیہ کی تالیف کے وقت سرسید نے لکھا کہ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک رسالہ مسمی بہ تحفہ نعمانیہ صنعت اصطرلاب میں ہمارے پاس موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ۱۲۳۱ھ مطابق ۱۸۱۵ کو کلکتے میں تھے..... تمت الرسالہ جمادی الثانی ۱۲۳۱ھ در کلکتہ۔ (27)

اوپر مذکور تصانیف میں سے آخر الذکر تین کو تو سرسید نے اس دعا کے ساتھ کتب خانہ مدرستہ العلوم میں داخل کیا ''خدا کرے صدہا سال تک اس کتب خانے میں محفوظ رہیں'' عربی فارسی تو

خیر اس عہد کی لازمی علمی زبانیں تھیں ان کے کتب خانے میں انگریزی کتب کی موجودگی اور ان کے حواشی پر بعض لغات کے معانی کا اندراج اس بات کی شہادت فراہم کرتا ہے کہ وہ انگریزی سے بھی واقف تھے تھے۔ سرسید کا خیال یہ ہے کہ "ان کو کسی نہ کسی قدر انگریزی آتی تھی کم سے کم یہ کہ بول لیتے اور پڑھ لیتے تھے"(28)(ص۲۶)

## نفاست

وہ معاشرے کے طبقہ امرا سے تعلق رکھتے تھے اس لیے رعب و دبدبہ اور شان و شوکت ان کی شخصیت کا لازمی حصہ رہے ہوں گے۔ رؤسا، امرا، شرفا ان کا نہایت ادب واعزاز کرتے تھے۔ ان کی طبیعت میں نفاست بہت تھی۔ لباس نہایت اجلا، فرش اور گردوپیش کی اشیا بھی لباس کی طرح نفیس اور اجلی۔ باوجود وزارت و امارت کے تعلیم و تعلم سے شغف تھا یا ہوسکتا ہے کہ سرسید نے چونکہ آخری زمانے میں انھیں دیکھا اس زمانے میں یہ شوق ترقی کر گیا ہو۔ بہ قول سرسید ان کا معمول تھا کہ دو تین طالب علموں کو سبق پڑھایا کرتے تھے متعدد طالب علموں میں سے دو تین ذہین طالب علموں کو منتخب کر لیتے تھے اور اگر کوئی امداد کا مستحق ہوتا تو اس کا وظیفہ بھی مقرر کر دیتے تھے۔ وقت کے بڑے بڑے نام وروں کو ان کے تلامذہ ہونے کا شرف حاصل ہوا۔(29)

## آداب مجلس

ان کی محفل بھی ان کی شخصیت کی طرح نہایت شائستہ اور مہذب ہوا کرتی تھی جس میں شریک ہونے والوں کو ایک عظمت اور شان کا احساس ہوتا تھا۔ تمام لوگ نہایت ادب اور شائستگی سے خاموش بیٹھے ہوا کرتے تھے کوئی فضول بات بجز کام کی باتوں کے یا کسی علمی مسئلے کے اور بعض دفعہ تصوف کے مسائل کے اور کچھ ذکر نہیں ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ باتونی، ظریف اور محفل آرا قسم کے شرکا بھی اس محفل میں آکر چپکے بیٹھ رہتے تھے۔

**آداب طعام**

سر سید کی بیان کردہ تفصیل کے مطابق ان کے نانا صبح کا کھانا محل سرا میں جا کر کھایا کرتے تھے۔ ایک بہت بڑے نعمت خانے میں بہت وسیع دستر خوان بچھا ہوا ہوتا تھا اور سب بیٹے بیٹیاں، پوتے پوتیاں، نواسے نواسیاں، بیٹوں کی بیویاں اور چھوٹے بڑے سب ان کے ساتھ کھانا کھاتے تھے۔ کھانے کی پیش کش کا طریقہ یہ تھا کہ چھوٹے بچوں کے سامنے خالی رکابیاں (پلیٹیں) رکھ دی جاتی تھیں۔ وہ ہر ایک سے اس کی پسند پوچھتے اور پھر وہ شے چمچ کی مدد سے بدستِ خود اس کی رکابی میں ڈالتے۔ اس طریقے سے چیزوں کو لینے اور مناسب مقدار میں ڈالنے کا سلیقہ سکھایا جاتا پھر اس میں میزبان کی حیثیت سے شرکائے طعام کی خدمت کا پہلو بھی بچوں کے ذہن نشین ہو جاتا تھا۔ اس طرح تمام بچے نہایت ادب و صفائی سے ان کے ساتھ کھانا کھایا کرتے تھے۔ ادب آداب کے اہتمام میں اس بات کا خیال رکھا جاتا کہ کوئی شے گرنے نہ پائے، کھانے میں زیادہ ہاتھ نہ بھریں، کھانا کھاتے ہوئے کھانے کی آواز نہ آئے وغیرہ۔(30) یوں گویا وہ بچوں کو عملی طور پر کھانے کے آداب سکھایا کرتے تھے۔

مولانا ابوالکلام آزاد نے **سیرت فریدیہ** کے مطالعے کے دوران مندرجہ بالا عبارت پر حاشیہ لکھتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ نعمت خانہ سے مقصود ایک طرح کی مسہری ہے جو دستر خوان کے چاروطرف لگ جاتی تھی تاکہ مکھی کا گزر نہ ہو۔ والد مرحوم (مولانا آزاد کے والد مراد ہیں) نے مکہ معظمہ میں بنوائی تھی اور دن کا کھانا ہمیشہ اسی کے اندر کھاتے تھے۔ اسی طرح کھانے کے دوران سر سید کے نانا دبیر الدولہ کی نگرانی کے حوالے سے عبارت کے گرد مولانا آزاد نے لکھا ہے کہ کھانے میں انگلیوں کے صرف سرے آلودہ ہونے چاہئیں پلاؤ چاول کے کھانے میں بھی یہ احتیاط ضروری تھی کہ لقمہ انگلیوں کے اندر رہے اس سے زیادہ مقدار نہ ہو۔ مجھے یاد ہے ایک مرتبہ میری انگلیاں سالن سے آلودہ ہو گئی تھیں اس پر والد مرحوم اس قدر برآشفتہ ہوئے کہ قریب تھا تھپڑ مار دیں۔ رقیق چیز کے پینے اور نوالہ کے چبانے کی آواز نکلنا حد درجہ معیوب سمجھا جاتا تھا اور غیر محتاط دستر خوان پر بیٹھنے کے لائق نہیں سمجھا جاتا تھا۔(31) مولانا آزاد کی اس حاشیہ آرائی سے ہمارے تمدن کی نفاست اور بزرگوں کے اندازِ تربیت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

## انداز تدریس

شرفا کے ہاں دستور تھا کہ خاندان کے بڑے بوڑھے بچوں کو خود پڑھایا کرتے تھے۔ کم سنی میں بچوں کو مکتب میں بھیجنا مناسب خیال نہیں کیا جاتا تھا جو بچے مکتب جانا شروع کر دیتے تھے ان کی تعلیمی رفتار سے بھی بڑے آگاہ رہتے اور گھر پر ان کا سبق سنا جاتا تھا۔ سرسید کے گھرانے میں بھی یہی دستور تھا۔ شام کو چراغ جلنے کے بعد پوتے، نواسے، نانا کو سبق سنانے جاتے ان کی مسند کے آگے ہاتھی دانت کے بنے ہوئی فانوس 'مردنگیں' میں شمع جل رہی ہوتی تھی اور ان کے سامنے لڑکے بیٹھتے۔ نہایت سفید چاندنی کا فرش ہوتا تھا جس کی خاطر بچے اپنے پاؤں بہت صاف رکھنے کا اہتمام کرتے تھے۔ اگر اتفاق سے کسی بچے کے پاؤں کا دھبہ چاندنی پر لگ جاتا تو نہایت خفگی سے اسے بھگا دیتے کہ کتے کے سے پاؤں کیوں رکھتا ہے۔ اس بات کا ابھی اہتمام تھا کہ کپڑے پر کسی قسم کا دھبہ یا روشنائی گری ہوئی نہ ہو اور اگر کوئی بچہ خاص اس وقت کے لیے یہ اہتمام لباس تبدیل کر کے آتا تو اسے بھی پسند نہیں کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ "کیا تو چماروں کے سے کپڑے پہنے ہوئے تھا کہ بدل کر آیا ہے" مراد یہ تھی کہ لباس کو تو ہر وقت صاف ہونا چاہیے۔

سب بچے باری باری اپنا سبق سناتے جو اچھا سبق سناتا اسے کسی قسم کی نفیس مٹھائی یا بادام کی خانہ زاد لوزاتیں ملتی تھیں اور جسے سبق یاد نہ ہوتا اسے نہیں دی جاتی تھیں اور گھرک دیتے تھے، نہایت سخت اور خفگی کا لفظ جو ان کی زبان سے کسی کی نسبت نکلتا تھا وہ لفظ "بے پیر" تھا۔ ڈانٹ ڈپٹ کے لیے اس کلمے کا استعمال بھی ایک خاص تہذیبی رویے کو ظاہر کرتا ہے جس میں استاد کی راہنمائی کے بغیر پڑھنے کو معیوب خیال کیا جاتا تھا۔ بعد کے زمانے میں بھی کوئی بڑا مشہور آدمی بھی اگر کسی استاد کے خوانِ علم سے مستفیض نہ ہوا ہو تو مخالفین اسے بے استادا کہہ کر طعن توڑا کرتے تھے۔

سرسید نے اپنے درس کا حال بیان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ایک بار 'بوستان پڑھاتے ہوئے' انھوں نے اس شعر کا ترجمہ کرنے کو کہا:

طمع راسہ حرف است و ہر سہ تہی
وزان نیست مر مطمعان را بہی (32)

سرسید نے پہلے مصرعے کا ترجمہ کیا: "طمع کے تین حرف تینوں خالی" نانا نے اس پر ہونہہ کہا۔ سرسید متنبہ ہوئے کہ کچھ غلط ہو گیا، غور کیا اور دوبارہ وہی ترجمہ کیا۔ تیسری مرتبہ بھی یہی ہوا۔ اس پر نانا خفا ہوئے اور کہا "بے پیر سبق یاد نہیں کرتا" لیکن بتایا کچھ نہیں اور اس روز کوئی انعام بھی نہیں دیا۔ سرسید کو بہت رنج ہوا اور برابر آنسو آنکھوں سے جاری ہوئے۔ بہت دیر کے بعد سرسید کو سمجھ آئی کہ انھوں نے است کا ترجمہ نہیں کیا تھا۔ جب یہ بات واضح ہوئی تو ہم درسوں نے خوب نشانہ بنایا اور کہنے لگے کہ "مشتی کہ بعد از جنگ یاد آید برکلہ خود باید زد"......یعنی وہ مکہ جو جنگ کے بعد یاد آئے اپنے ہی منہ پر مارنا چاہیے......یہ بہ ظاہر تو ایک چھوٹا سا واقعہ ہے لیکن حقیقت میں اس طریقے سے نانا نے نواسے کو بہت بڑا سبق دے دیا کہ جب کسی دوسرے متن کا ترجمہ یا نقل کریں تو ایک ایک حرف کا خیال رکھیں۔ متن کے ساتھ وفاداری ازبس ضروری ہے۔ یہاں رک کر بعد کے زمانے میں سرسید کے تدوینِ متن کے کاموں کو یاد کر لیا جائے۔ سرسید ہمارے ہاں جس طرح اور بہت سے کاموں میں اوّلیت کا اعزاز رکھتے ہیں اسی طرح تدوینِ متن کی دنیا میں بھی انھیں یہ اعزاز حاصل ہے اور کون کہہ سکتا ہے کہ تدوین کے سفر میں متن کے ساتھ وفاداری میں انھیں نانا کے اس سبق سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا ہو گا۔

## غالب

مرزا غالب سے سرسید کا تعلق نیاز مندانہ تھا۔ غالب کی ولادت ۱۷۹۷ء کی ہے جبکہ سرسید ۱۸۱۷ء میں پیدا ہوئے، یوں دونو کی عمروں میں اکیس برس کا فرق تھا۔ خورد ہونے کے ناتے اور خاندانی روابط کے باعث سرسید، غالب کو چچا کہا کرتے تھے۔ سرسید نے آثار الصنادید میں غالب کے فیض تربیت کا اقرار کیا ہے اور ان کے ساتھ اپنے دلی تعلق کو 'دلہارا بدلہا راہ باشد' کے آئینے میں دکھانے کی کوشش کی ہے۔ سرسید کا کہنا ہے کہ غالب ان کے حال پر ایسی شفقت فرماتے ہیں کہ بزرگوں کی جانب سے خوردوں پر ایسی شفقت کا شاید ہی کسی نے مشاہدہ کیا ہو گا۔ سرسید کے نزدیک غالب کا ایک حرف ایک کتاب سے بہتر اور ان کا ایک گل پورے گلزار سے بڑھ کر ہے۔[33] حالی کے بہ قول غالب کو بھی "سرسید کی خاطر بہت عزیز تھی اور وہ ان سے اور ان کے خاندان والوں سے مثل یگانوں کے ملتے تھے"[34] **آثارالصنادید** کی تقریظ میں غالب نے

غایت درجہ تعریف و توصیف کے ساتھ سر سید کے ساتھ اپنے ربط ضبط کو بھی بہت محبت سے بیان کیا ہے۔ غالب کے الفاظ میں سر سید کے ساتھ ان کے تعلق میں "باہمگنانش دلیست از فرزانگی بآئین مردمی داناوبامنش پیمان مہریست از دلنشینی بہ پیوند خون" کی کیفیت تھی۔(35)

اگر مولانا ابوالکلام آزاد کی روایت کو ملحوظ رکھاجائے تو ہماری معلومات میں یہ اضافہ بھی ہوتا ہے کہ غالب کی پنشن اور دربار و خلعت کی بحالی کے معاملے میں "جن لوگوں نے مرزا مرحوم کی صفائی کے لیے خاص طور پر کوشش کی تھی...... ان میں سر سید مرحوم بھی تھے"(36)

غالب اور سر سید کے باہمی تعلق کے بعض دوسرے مظاہر بھی ہمارے علم میں ہیں مثال کے طور پر یہ کہ غالب، سر سید کے برادرِ بزرگ سید محمد سے تعلق خاطر رکھتے تھے جو بہ قول غالب ان کے "دوست روحانی" تھے۔ اس ناتے سے وہ سید محمد کے **سید الاخبار** کو بھی عزیز رکھتے تھے اور ان کے دیوان کا پہلا ایڈیشن اسی اخبار کے مطبعے سے شائع ہوا تھا۔(37)اسی طرح سر سید کے بڑے ماموں خواجہ وحید الدین کو جب کسی گورے نے ان کے گھر میں گھس کر گولی کا نشانہ بناڈالا تو غالب نے اس موقع پر تاریخ کہی "خود ہمین ناظر وحید الدین بود سال وفات" /۱۲۷۴ھ اس سے بھی سر سید کے ساتھ ان کے خاندانی روابط کا اندازہ ہوتا ہے۔(38)اس کے علی الرغم اگر یہ کہاجائے کہ "سر سید سے غالب کے تعلقات کبھی زیادہ مخلصانہ نہیں رہے"(39)تو یہ باعث تعجب ہے۔باعث تعجب ہی نہیں آئندہ سطور سے واضح ہو گا کہ یہ رائے خلافِ واقعہ بھی ہے۔غالب اور سر سید، دونو معاشرے کے اونچے خاندانوں سے تعلق رکھتے تھے اور دونو خانوادوں کے درمیان باہمی روابط بھی تھے۔ **آثارلصنادید** میں سر سید کے ترجمہ ءغالب کا پہلے ذکر ہوا جس میں بہ قول ایوب قادری "مرزا کی تعریف میں سر سید احمد خان نے قلم توڑدیا ہے"(40) **آثارلصنادید** پر غالب کی تقریظ سے بھی ان روابط کا اندازہ کیاجاسکتاہے، جس میں اگرچہ اس زمانے کی روش کے مطابق خاصی لفاظی دکھائی دیتی ہے لیکن پھر بھی اس میں، سر سید اور ان کے خانوادے کے ساتھ غالب کی قلبی وابستگی کا چراغ بھی روشن دکھائی دیتا ہے۔

دونوں کے تعلقات کی نوعیت کا اندازہ اس واقعے سے بھی لگایاجاسکتاہے جو حالی نے **حیات جاوید** کے ایک حاشیے میں میں رقم کیا ہے۔حالی راوی ہیں کہ جب سر سید مرادآباد میں تھے تو

مرزاغالب ان دنوں میں نواب یوسف علی خان سے ملنے رام پور گئے سرسید کو ان کی آمد کی اطلاع نہیں تھی لیکن جب وہ واپس جانے لگے تو سرسید کو اطلاع ہوئی۔ سرسید فوراً ان کی جائے قیام پر پہنچے اور مرزا صاحب کو ان کے تمام سامان اور ساتھیوں سمیت اپنے مکان میں لے آئے۔ سرسید کے گھر آتے ہوئے مرزاغالب کے ہاتھ میں ایک بوتل تھی جسے انھوں نے ایک نمایاں جگہ پر رکھ دیا، سرسید کو یہ بات مناسب نہ لگی اور انھوں نے وہاں سے بوتل اٹھا کر اندر اسباب کی کوٹھڑی میں رکھوا دی۔ غالب نے جب بوتل کو وہاں نہ پایا تو بہت گھبرائے سرسید نے اطمینان دلایا کہ آپ خاطر جمع رکھیں، میں نے اسے بہت احتیاط سے رکھ دیا ہے۔ غالب کا اضطراب دور نہ ہوا اور انھوں نے کہا بھئی مجھے دکھاؤ تم نے بوتل کہاں رکھی ہے؟ سرسید نے غالب کو کوٹھڑی میں لے جا کر بوتل دکھا دی۔ غالب نے بوتل کو اپنے ہاتھ میں لے کر دیکھا اور مسکرا کر کہنے لگے کہ بھئی اس میں تو کچھ خیانت ہوئی ہے، سچ بتاؤ کس نے پی ہے؟ شاید تم نے اسی لیے کوٹھڑی میں لا کر رکھ دی تھی، حافظ نے سچ کہا ہے:

واعظان کین جلوہ بر محراب و منبر می کنند
چون بخلوت می روند آن کار دیگر می کنند (41)

سرسید ہنس کے چپ ہو رہے اور غالب دو ایک روز سرسید کے ہاں رہ کر واپس دلی چلے گئے۔(42)

حالی نے تو سرسید کے ہاں غالب کے قیام کی مدت دو ایک روز بتائی ہے لیکن ڈاکٹر نثار احمد فاروقی نے تفتہ اور حکیم سید احمد حسن مودودی کے نام غالب کے دو خطوط سے استشہاد کیا ہے کہ وہ مراد آباد پہنچ کر بیمار ہو گئے اور پانچ دن تک سرسید کے ہاں رہے۔(43) ڈاکٹر صاحب نے اس جانب توجہ نہیں فرمائی کہ جن خطوط سے انھوں نے استشہاد کیا ہے وہ دونو ۱۸۶۶ء کے مکتوبہ ہیں جب کہ سرسید ۱۸۵۸ء میں صدرالصدور ہو کر مراد آباد آئے اور ۱۸۶۲ء میں ان کا تبادلہ غازی پور ہوا۔ اس لیے ۱۸۶۶ء کے خطوط میں جس سفر مراد آباد کا ذکر ہے اس کا اطلاق حالی کے بیان کردہ سفر پر نہیں کیا جا سکتا۔

سر سید اور غالب کی یہ ملاقات بجائے خود اہم ہے اوراس سے جانبین کے تعلق کی نوعیت کا بخوبی اندازہ کیاجاسکتاہے۔ آئین اکبری کی تقریظ (تفصیل آگے آتی ہے) کے معاملے نے جو تکدر پیدا کر دیا تھا اس کے باوصف باہمی حسنِ ظن قائم تھا جو حسنِ تعلق کی بحالی کا ذریعہ بھی بن گیا۔ یہ حکایت فاروقی صاحب ہی کے ہاں دراز نہیں ہوئی مولانا غلام رسول مہر نے بھی اس پر قیاس آرائی فرمائی ہے۔ ان کے قیاس کی بنیاد مولانا ابوالکلام آزاد کا مضمون ہے جس کی توسیع کرتے ہوئے انھوں نیمنقولہ بالا واقعہ نقل کرنے کے بعد یہاں تک فرمادیاہے کہ:"اس موقع پر سر سید کو غالب کی پریشان حالیوں کی پوری کیفیت معلوم ہوگئی ہوگی اور انھوں نے پنشن اور دربار وخلعت کے لیے سعی میں کوئی دقیقہ اٹھانہ رکھاہوگا چونکہ پنشن حکام دہلی کی رائے کے خلاف حکام صدر کے احکام سے بحال ہوئی تھی اس لیے اغلب ہے یہ سر سید کی مخلصانہ مساعی کا نتیجہ ہو"[44]

اس تمام پس منظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے اگر سر سید، غالب سے کوئی فرمائش کریں، انھیں چند شعر کہنے کی زحمت دیناچاہیں یا اپنی کسی کتاب پر ان سے تقریظ کے خواہاں ہوں تو اس میں تعجب ہی کیاہے۔ یہ دونو چیزیں تو اس زمانے کے عام معمولات میں سے تھیں۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ سر سید نے غالب سے اپنے ارسال کردہ شعروں کو تضمین کرنے کو کہا ہو یا اپنی تصحیح کردہ کتاب آئین اکبری پر تقریظ لکھنے کی فرمائش کی ہو۔ ہر بار انھیں حسب مراد جواب نہ ملا۔

غالب نے اپنے تلامذہ کے کلام پر بہ کثرت اصلاحیں دی ہیں ان کے تلامذہ میں چھوٹے بڑے سبھی شامل ہیں یہاں تک کہ امرا اور بادشاہ بھی ان سے فیض پاتے رہے۔ غالب اپنے شاگردوں کو فنی اسرار ورموز سے آگاہ کرتے ہیں، الفاظ وتراکیب کے استعمال کا سلیقہ سکھاتے پائے جاتے ہیں، مطالب ومعانی کی صراحت کے ذریعے شعری لطافتوں اور نزاکتوں سے آگاہ کرتے ہیں یہاں تک کہ تلامذہ اور نیاز مندوں کے کلام پر ان کی اصلاحیں ان کے تنقیدی تصورات کا اچھا خاصا ذخیرہ فراہم کرنے کا سبب بن جاتی ہیں۔ تلامذہ اور نیاز مندوں کی قلمی کاوشوں پر غالب کی رائے زنی کا ایک پہلو ان کا خوردوں کی حوصلہ افزائی کارویہ بھی ہے۔ بسااوقات انھوں نے کمزور کلام پر بھی داد دی ہے اور معمولی قلمی کاوشوں کو بھی اونچے سروں میں سراہاہے۔ اس کا سبب کشادہ ظرفی بھی

ہو سکتا ہے اور معاشرتی خیر سگالی بھی۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ سر سید کے باب میں غالب خاصے کھر درے نقاد واقع ہوئے۔

یہ کہنا تو مشکل ہے کہ "سر سید احمد خان سے غالب کی خط و کتابت بھی رہتی تھی"(45) البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ غالب کے مجموعہ مکاتیب میں ایک خط سر سید احمد خان کے نام بھی ہے۔ فارسی میں لکھا گیا یہ خط جہاں غالب کے پیچ آہنگی اسلوب کا نمائندہ ہے وہاں اس سے غالب کے تصور شعر پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ سر سید نے انھیں غلام امام شہید (م:۲/اکتوبر۱۸۷۹ء) کے اشعار اس فرمائش کے ساتھ بھیجے کہ غالب انھیں تضمین کر دیں۔ اس زمانے کی عام ادبی روش کو ملحوظ رکھا جائے تو اپنے کسی عزیز کی جانب سے یہ مطالبہ کوئی ایسا غیر معمولی مطالبہ نہیں تھا لیکن غالب نے اس فرمائش کا جو جواب دیا وہ خاصا خلافِ معمول اور خاصا کھر درا تھا۔ آگے بڑھنے سے پہلے غالب کے خط کے تیور دیکھ لیجیے:(46)

بنام جواد الدولہ سید احمد خان بہادر منصف فتح پور نواب معلی القاب وسید عالی جناب

خدا آپ کو سلامت رکھے۔

جناب کے فرمانِ الفت آثار کے پہونچنے سے مجھے خوشی ہوئی۔ لیکن جس کام کی تعمیل کا حکم دیا گیا ہے اس سے رنجیدہ (ہوا)۔ کسی (شاعر) کے ایک دو شعر لے کر اس کلام پر اپنی طرف سے دو چار اشعار کا اضافہ کر دینا (بھلا) کون سا اصول سخن وری اور انداز معنی پروری ہے۔ خاص طور پر یہ دو اشعار کہ جن میں سوائے عربی کے بھاری بھر کم الفاظ کے کوئی نازک خیالی موجود نہیں۔ اور مزید یہ کہ یہ ایسی بحر میں کہے گئے ہیں کہ ایرانیوں میں سے بھی کسی نے اس بحر میں غزل نہیں کہی۔ اس میں دو اشعار بڑھا کر چاہے اس کو مسدس نام دیں یا ترجیع بند کے نام سے پکاریں۔ خصوصاً یہ اس لائق ہیں کہ بھکاری ان کو یاد کر لیں اور دروازے دروازے پُرسوز لَے میں گاتے پھریں اور خاتم المرسلینؐ کا کوئی عاشق یہ اشعار سن کر بے خود ہو جائے اور کوئی اپنا گریبان پھاڑ ڈالے۔ نہیں نہیں ہرگز نہیں۔

مخدومی مولوی غلام امام شہید سلمہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ کہا ہے خوب کہا ہے اور اس سے بہتر نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن یہ شاعری اور سخنوری نہیں ہے۔ یہ کوئی دوسری چیز ہے جسے مجلسِ مولود شریف کہا جا

سکتا ہے۔ اس فقیر نے نعت اشرف المرسلین علیہ وآلہ السلام میں قصیدے اور مثنویاں کہی ہیں۔ ان تمام میں سے ایک مثنوی نقل کر کے ارسال کر رہا ہوں۔ اس کو دیکھیں اور پڑھیں اور اس خادم سے ایسے اشعار کی جو شیوۂ سخنوری کے خلاف ہوں آرزو نہ کریں اور مجھے اپنا خادم تصور کریں۔ اور اپنے برادر بزرگ کی خدمت میں میرا اسلام پہونچائیں۔ والسلام۔ از اسد اللہ۔

اس جواب سے غالب کے تصور تضمین و سخن وری پر بھی روشنی پڑتی ہے اور اپنے مخاطب کے ساتھ ان کے تعلق کے اخلاص کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ اخلاص یہ تو نہیں ہوتا کہ اپنے عزیزوں کی ہاں میں ہاں ملائی جاتی رہے اور وہ جو بھی فرمائش کیا کریں اسے سوچے سمجھے بغیر پورا کر دیا جائے۔ اخلاص کا تقاضا یہ بھی تو ہے کہ دوسرے کی درست راہ نمائی کی جائے معاملہ سخن کا ہو تو اسے سخن کے درست معیاروں سے آشنا کروایا جائے۔ یہ بتایا جائے کہ محض بھاری بھرکم لغات جمع کر دینے سے شاعری جنم نہیں لیتی،اس کے لیے نزاکتِ خیال اور بحر کی موزونیت کا بھی خیال رکھنا ہوتا ہے۔ اگر کسی سخن کو گلی کوچوں میں گداگر گاتے پھریں تو یہ معیارِ سخن پر پہنچنے کی دلیل نہیں بلکہ 'کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کے لیے' کے مطابق شیوۂ سخن وری کچھ اور ہے۔

فقط یہی نہیں کہ یہ خط مخاطب کی تربیت کے لیے خلوص کی سفا کی کا مظہر ہے بلکہ اس سے ذاتی اور خاندانی ربط ضبط کا پہلو بھی واضح ہو رہا ہے جس کے تحت غالب اپنے مخاطب کی جانب سے ملنے والے خط کو فرمانِ الفت آثار اور باعثِ مسرت قرار دے رہے ہیں پھر اس کی راہ نمائی کے لیے اپنے کلام میں سے ایک مثنوی بہ طور نمونہ بھیج رہے ہیں تا کہ مخاطب کو معیاری شاعری کا اندازہ ہو نیز یہ کہ مکتوب الیہ کے برادر بزرگ کی خدمت میں سلام بھیجتے ہیں جن کی نسبت ان کا خیال پہلے نقل ہو چکا ہے کہ وہ ان سے اپنے تعلق کو روحانی تعلق قرار دیتے ہیں۔ ضمنی طور پر یہاں اس امر کی وضاحت بھی مفید ہوگی کہ تضمین چونکہ "پذیرانیدن و ضامن گردانیدن کسی رادر پناہ خود، آوردن و درآوردن شعر مشہور دیگری رادر پناہ خود"(47) کا عمل ہے اور غالب فنی اعتبار سے جس شاعر کی نسبت اچھی رائے نہیں رکھتے۔(48) وہ صورت تضمین میں بھی اس کے اشعار کی پذیرائی نہیں کرتے۔

اب ہم آتے ہیں غالب اور سر سید کے باہمی ربط ضبط میں غیر معمولی اہمیت اختیار کر جانے والے اس واقعے کی جانب جس نے ایک زمانے میں دونو کے قدیم تعلق کے علی الرغم باہم 'حجاب' پیدا کر دیا تھا۔

اس واقعے کا تعلق **آئین اکبری** اوراس کی تقریظ سے ہے۔ **آئین اکبری** اکبر کے نورتن اور فیضی کے چھوٹے بھائی ابوالفضل علامی (۱۴/ جنوری ۱۵۵۱ء...... ۲۲/ اگست ۱۶۰۲ء) کی تصنیف ہے۔ جس میں انتظامیہ کے مختلف شعبوں کا طریق کار اور ان کی کار کردگی بیان کی گئی ہے۔ کتاب پانچ دفتروں پر مشتمل ہے۔ پہلے تین دفتر عہد اکبری کی انتظامیہ کے مختلف شعبوں کے آئین سے متعلق ہیں چوتھا دفتر دساتیر ورسوم ہنود پر اور پانچوں اقوال وافکارِ اکبر سے متعلق ہے۔

حالی نے لکھاہے کہ جب سر سید دلی میں منصف تھے تو دلی کے ایک مشہور تاجر کتب نے ان سے **آئین اکبری** کی تصحیح کا مطالبہ کیا اور اس کے عوض انھیں سولہ سو روپے کے بہ قدر کتاب کے مطبوعہ نسخے دینے کی پیش کش کی۔(49) یہ کام سر سید کی افتادِ طبع کے مطابق بھی تھااور تاجر موصوف کی جانب سے پیش کش بھی پر کشش تھی لیکن سر سید کے اپنے اخلاقی معیاروں نے انھیں اس معاہدے کی اجازت نہ دی۔ وہ چونکہ دلی میں منصف کی حیثیت سے بر سر کار تھے اس لیے انھوں نے دلی ہی کے ایک تاجر سے ایسا معاہدہ کرنا مناسب نہ سمجھا۔ اس سے آپ سر سید کے اخلاقی معیاروں کی بلندی کا اندازہ کرسکتے ہیں تاہم جب وہ بجنور پہنچ گئے اور دلی سے وہ رسمی تعلق جو اس معاہدے کی راہ میں مانع ہوا تھا، نہ رہا تو انھوں نے یہ کام کرنا شروع کر دیا۔

ہمارے زمانے میں جبکہ مطبع کا فن غیر معمولی ترقی کر چکا ہے اور فن تصنیف و تالیف بھی ماضی سے بدرجہا آگے بڑھ چکا ہے مصنفین اور طابعین کی محنت و کوشش کے باوصف مطبوعہ کتابیں اغلاط سے پاک نہیں ہوتیں تو ماضی میں کم سواد کاتبوں کے لکھے ہوئے مخطوطات کی عبارتیں کیونکر اغلاط سے محفوظ ہوسکتی ہیں۔ جو کتاب متعدد بار نقل ہوئی ہو اس کا متن مغشوش ہو جاتا ہے۔ یہی حال بہت مقبول متون خاص طور سے قبول عام پانے والے شعری ونثری متون کا ہوا کرتا ہے۔ ایسے میں سب سے پہلے نسخوں کی فراہمی اور ان کی درجہ بندی کرنا ہوتی ہے۔ کسی تحریر یا نگارش میں "ایسے الفاظ ہوسکتے ہیں جو کسی خاص تہذیبی، لسانی یا مذہبی اثرات کا رہ آورد ہوں ان کو سمجھنے یا

ان کو حل کرنے میں ان سے متعلق وسائل سے مدد لی جاتی ہے"(50) کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ لفظ اپنی جگہ درست ہوتا ہے قاری اپنی کم علمی یا لاعلمی کے باعث اس کی درست خواندگی یا تفہیم پر قادر نہیں ہوتا۔ متن کسی بھی نوعیت کا ہو اس کی خواندگی اور تصحیح یا تدوین میں اس نوع کے بے شمار مسائل ہوتے ہیں۔

تدوین متن کے اصول کے مطابق سرسید نے سب سے پہلے اس کے موجود نسخوں کی فراہمی کی جانب توجہ مبذول کی۔ اس تلاش میں انھیں مغشوش نسخوں کے ساتھ ایک آدھ اچھا نسخہ بھی مل گیا۔ سرسید کی شخصیت میں بہت سے ایسے عناصر تھے جن کے باعث وہ ابوالفضل اور اس کی آئین اکبری کی جانب متوجہ ہوئے۔ وہ اکبر کی طرح وسیع المشرب اور ابوالفضل کی طرح ذوق تصنیف و تالیف سے متصف تھے۔ انھوں نے جب مرادآباد میں اپنا پہلا مدرسہ قائم کیا تو اس کے نصاب میں بھی **آئین اکبری** کا منتخب حصہ شامل کیا۔ جو کتب صدیوں سے نقل ہوتی آرہی ہوں ان کے متون میں بہ کثرت اختلافات درآتے ہیں۔ اس لیے ان کے کسی ایک نسخے پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ سرسید نے ایک اچھے محقق کی طرح **آئین اکبری** کے آٹھ نسخے تلاش کیے اور بڑی جانکاہی کے ساتھ ان کی مدد سے اس کا معیاری متن تیار کیا۔ متن کی ایسی مشکلات، مرورِ زمانہ کے باعث جن کی تصحیح و تحقیق دشوار تر ہو گئی تھی بعض دوسرے معاصر متون کے ذریعے حل کی گئیں۔ اکبر کے زمانے میں اشیا کی قیمتوں اور اوراوزان کو اپنے زمانے کے مطابق تبدیل کیا۔ مصنف کے متن میں رہ جانے والی کمیاں بھی دور کیں مثال کے طور پر ہندوستان آکر رشد و ہدایت کا پیغام پہنچانے والے بزرگوں، شاعروں، سیاحوں اور حملہ آوروں کے نام جو ابولفضل کے ہاں نامکمل رہ گئے تھے یا زمانہء اکبر کی اشیا کے اوزان اور ان کی قیمتیں۔ زمانہء اکبر کے محاصل و مسکوکات پر تحقیق کرکے ان کا اپنے زمانے سے تقابل بھی کیا، صرف یہی نہیں کتاب میں جابجا تصویروں کا اضافہ بھی کیا۔ عہدِ سرسید میں اس نوع کی تدوین متن کا کوئی اور کام ہمارے علم میں نہیں۔ بہت سے پہلوؤں سے اس کام کو تدوین متن کا اوّلین نمونہ کہا جاسکتا ہے البتہ معیاری متن کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ پاورق یا پایان کتاب میں اختلافِ نسخ بھی درج کیے جائیں۔ سرسید نے اس کا اہتمام نہیں کیا ہے۔ دراصل ان کے نزدیک قدیم متن کی تدوین کا مقصد اسے اپنے عہد کے

قاری کے لیے خوانا بنانا تھا اور بس، اسی لیے انھوں نے اندراجات میں بھی تبدیلی کو روا رکھا حالانکہ کسی مدوّن کو متن میں تبدیلی کا اختیار نہیں ہوتا۔ وہ حواشی میں تقابلی مطالعہ پیش کر سکتا ہے یا مقدمہ اس کے لیے موزوں مقام ہو سکتا ہے۔ مقدمہ کی ضرورت اس کے علاوہ بھی برقرار رہتی ہے جس میں محقق کو موضوع کی ضرورت و اہمیت، قبل ازیں انجام دیے گئے کاموں، اپنی روشِ تحقیق اور ترجیحات پر روشنی ڈالنا ہوتی ہے، زیر تدوین نسخے اور مصنف کے بارے میں بتانا ہوتا ہے۔ حالی نے بتایا ہے کہ سرسید نے جب اوّل اوّل **آئین اکبری** مدوّن کی تو اس میں ان کا ایک دیباچہ بھی شامل تھا جو دراصل **آئین اکبری** پر ایک مفصل ریویو کی حیثیت رکھتا تھا۔ یہ مفصل دیباچہ انقلاب ستاون کے ہنگامے میں سرسید کے تدوین کردہ متن کے زیر اشاعت حصوں کے ساتھ ضائع ہو گیا۔ گویا اب کتاب مقدمے اور حواشی کے بغیر ہے۔ جدید اشاعت میں اشاریے البتہ شامل کر دیے گئے ہیں۔(51) لیکن یہ اشاریے مکمل طور پر قابل اعتماد نہیں ہیں۔ کتاب عہد اکبری سے متعلق بیش بہا معلومات کا خزانہ ہے صرف دانش اندوزان جاوید دولت اور قافیہ سنجان کے ابواب ہی دیکھے جائیں تو شعر و ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کی آنکھیں روشن ہو جائیں۔ محاصل، مسکوکات اور دیگر انتظامیات کے ابواب میں تو جس قدر جانکاہی سرسید نے کی ہے اس کا اندازہ متعلقہ شعبوں کے ماہرین لگا سکتے ہیں لیکن افسوس کہ سرسید کی اس محنت اور کتاب کی افادیت پر توجہ نہیں ہو سکی۔ سرسید نے اس متن پر اس قدر محنت کی کہ بہ قول خود "مدتی نقد روان عمر درین کار صرف شد"(52) ایک مدت تک نقدِ روان عمر اس کام میں صرف ہو گیا۔

یہ کام تھا جس پر حسبِ دستورِ زمانہ سرسید نے مختلف معاصرین سے تقاریظ کی فرمائش کی۔ مثال کے طور پر امام بخش صہبائی جن کی تقریظ آج بھی خاتمۃ الطبع کے بعد کتاب میں شامل ہے۔(53) خاندان کے ایک بزرگ اور اپنے محترم ہونے کی حیثیت سے سرسید نے چاہا کہ مرزا غالب بھی اس کتاب کی تقریظ قلمبند فرمائیں چنانچہ انھوں نے غالب سے یہ فرمائش کر ڈالی۔

مولانا حالی کے بہ قول مرزا غالب پر تقریظوں کی بے انتہا فرمائشیں ہوتی تھیں۔ مرزا چونکہ صلح جو اور مرنج و مرنجان طبع تھے اس لیے کسی سے انکار تو نہیں کرتے تھے مگر تقریظ نگاری کا انھوں نے ایسا طریقہ اختیار کیا تھا کہ کوئی بات راستی کے خلاف بھی نہ ہو اور صاحب کتاب خوش

بھی ہو جائے۔ بہت سا حصہ تمہید میں یا مصنف کی ذات اور اس کے اخلاق یا اس کی محبت اور دوستی کے بیان میں یا اور لطیف اور پاکیزہ باتوں کے ذکر میں جو بے محل نہ ہوں ختم ہو جاتا تھا آخر میں کتاب کی نسبت چند جملے جو اصلیت سے خالی نہ ہوتے تھے اور مصنف کے خوش کرنے کے لیے کافی ہوتے تھے لکھ دیتے تھے۔[54] ان کے شاگرد عزیز مرزا ہر گوپال تفتہ نے اپنے دیوان کی تقریظ میں تعریف کی کمی کا شکوہ کیا تو غالب نے انھیں اپنی متعدد تقریظیں اور قصائد دیکھنے کا مشورہ دیا تا کہ انھیں اندازہ ہو کہ وہ تقریظ نگاری میں کس روش کے حامل ہیں۔

اس پس منظر میں سرسید کا اپنی تصحیح کردہ **آئین اکبری** کے لیے غالب سے تقریظ کا مطالبہ کرنا کچھ ایسا غیر معمولی واقعہ نہیں تھا اور اگر غالب اپنی روش عام کے مطابق اس کام پر سرسید کی حوصلہ افزائی پر مشتمل ایک توصیفی یا نیم توصیفی تقریظ لکھ دیتے تو کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ اس سے پہلے وہ **آثارالصنادید** پر بھی تقریظ لکھ چکے تھے جس میں سرسید کے ساتھ اپنے محبانہ تعلق کو خونی رشتے جیسا قرار دیا ہے لیکن سرسید کے اس کام پر تقریظ کی فرمائش کے جواب میں غالب کا طرز عمل یقیناً غیر معمولی تھا۔ غالب کا یہی طرز عمل ہے جس کے باعث ہم غالب کو سرسید کے مربی کی حیثیت سے دیکھتے ہیں اور سرسید کی شخصیت میں آنے والے انقلاب کے پیچھے ہمیں غالب کے فہم و بصیرت کا چراغ روشن دکھائی دیتا ہے۔

غالب نے نہ صرف یہ کہ **آئین اکبری** کی کوئی تعریف نہیں کی بلکہ سرسید کی اس محنت کو بھی، جو انھوں نے اس کام میں دکھائی تھی، لائق تعریف نہ سمجھا۔ ایسا نہیں کہ انھوں نے اس کام کو نہیں دیکھا یا اس کی تعریف کے لیے وقت نہ نکال سکے۔ نہیں، انھوں نے اس کام کو دیکھا اور رائے قائم کی اور پوری دیانت داری سے اس رائے کا اظہار بھی کیا۔ یہ اظہار اٹھائیس اشعار کی ایک مثنوی کی صورت میں ہوا۔ انھیں ابوالفضل کا طرز تحریر بھی پسند نہیں تھا اور جو دساتیر اس زمانے سے متعلق اس کتاب میں درج تھے وہ بھی ان کے نزدیک لائق اعتنا نہیں تھے۔ یہ تو درست ہے کہ بیتے زمانے کے دساتیر زمانہء غالب میں کیونکر لائق اعتنا ہو سکتے تھے لیکن ان کی ایک تاریخی اہمیت تو بہ

ہر حال تھی، غالب نے اس سے بھی صرف نظر کیا اور ان پر سر سید نے جو "نقدروان عمر" صرف کیا تھا اس سے بھی۔ وہ ویسے بھی تاریخ کا ذوق نہیں رکھتے تھے۔اس لیے انھوں نے اسے ایک کارِ فضول سمجھا اور اپنی روشِ راست گفتاری کے مطابق ایسا ہی اظہار بھی کیا۔ راستی اور راست گفتاری کے بارے میں وہ اپنا شیوہ ایک غزل میں یوں بیان کر چکے ہیں کہ:

راست گفتارم و یزدان نہ پسندد جز راست

حرف ناراست سرودن روش اہرمن است (55)

**آئین اکبری** کی تقریظ میں انھوں نے کچھ باتیں تو **آئین اکبری** سے متعلق کہیں کچھ سر سید کے بارے میں اور کچھ بدلتے زمانے کے بارے میں۔

سر سید کے بارے میں ان کی رائے یہ ہے کہ وہ ایک عالی ہمت شخص ہیں،وہ سر تاپا علم اور شکوہ کی تصویر ہیں اور غالب ان کا پرستار ہے۔ان کے اس کام سے آنکھیں روشن ہوئیں اور بازوؤں میں قوت آئی اور کہنگی نے جدت کا لباس زیبِ تن کیا۔ تاہم ان کا یہ کام ان کی بلند ہمتی کے شایان شان نہیں ہے اس کی داد وہی دے سکتا ہے جس کا شیوہ ریاکاری ہو۔ آخر میں وہ سر سید کے لیے دعا کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ خدا اس کی ہر خواہش پوری کرے اور نیک بختی ہمیشہ اس کی خدمت میں حاضر رہا کرے۔

ہر چہ خواہد از خدا موجود باد

پیشکارش طالع مسعود باد (56)

**آئین اکبری** کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ یہ ایک دفتر پارینہ ہے جس سے نفع کی اب کوئی امید نہیں اگر یہ کہا جائے کہ اس میں قدیم دساتیر درج ہیں تو بدلے ہوئے زمانے میں یہ دساتیر کارآمد نہیں رہے۔ان کی حیثیت پرانی جنتری سے بڑھ کر نہیں ہے۔ اب اس کتاب میں مندرج دساتیر سے بڑھ کر طور طریقے سامنے آچکے ہیں۔چنانچہ اس کتاب کے اندراجات، لائقِ اعتنا نہیں ہیں اور اب اس متاعِ کہنہ کا کوئی خریدار نہیں۔ اگر یہ

کہاجائے کہ اس کتاب کا طرز تحریر اچھاہے تو یہ بھی کوئی ایسی غیر معمولی بات نہیں،اس سے اچھے اچھے اسالیب کی حامل تحریریں بھی موجود ہیں:

کس مخر باشد بہ گیتی این متاع
خواجہ را چہ بود امید انتفاع (57)

بدلے ہوئے زمانے کے بارے میں غالب کی رائے یہ ہے کہ اربابِ انگلستان نے وہ کچھ کردکھایاہے جو ان سے پہلے کسی نے نہیں کیاتھا۔انھوں نے نظم حکومت میں جو روش اختیار کی ہے اور حصول توانائی کے جو ذرائع اختیارکیے ہیں ان کے سامنے پرانے طریقے بے کارہوکررہ گئے ہیں۔انھوں نے حرف کو پرندے کی طرح پرپروازعطاکردیے ہیں اور سازسے مضراب کے بغیر نغمے نکال کردکھا دیے ہیں۔ راتوں کے اندھیرے چراغوں کے بغیردور کردیے ہیں۔ مبدء فیاض بخیل نہیں ہے کہ اس نے انسانوں کو ماضی میں جو کچھ عطاکیااسی پر اکتفاکیے رہے۔اس نخل سے تازہ کھجوریں ٹپکتی رہتی ہیں:

مبدء فیاض را مشمر بخیل
نوز می ریزد رطب ہا زان نخیل (58)

اپنے اس ناقدانہ رویے کے حوالے سے غالب کاکہناہے کہ فن سخن میں جو کچھ میں جانتاہوں وہ کوئی اور نہیں جانتا۔میں مردہ پروری کو لائقِ تحسین نہیں سمجھتا۔عمومی طور پر اچھی بات کہنے کے مقابلے میں خاموش رہنابہتر ہوتاہے لیکن میں اگر اس کام کی داد بھی نہیں دے رہا اور اس باب میں خاموشی بھی اختیارنہیں کررہاتو میری یہ روش قابل دادہے۔ میں ریاکاری کا دشمن ہوں اور پاس وفا کے باب میں اپنامرتبہ میں خود پہچانتاہوں:

من کہ آئین ریا را دشمنم
در وفا اندازہ دان خود منم (59)

یہ اٹھائیس اشعار ایک غیر معمولی مثنوی کی حیثیت رکھتے ہیں جن میں تقریظ نگاری کی عام مداحانہ روش کے برخلاف معروضیت سے کام لیاگیاہے اور بے باکانہ رائے ظاہر

کی گئی ہے۔ مولانا حالی نے ابوالفضل کے طرزِ تحریر، کتاب کے نفس مضمون اور مذاقِ تاریخ سے دوری کو غالب کی ناپسندیدگی کا سبب بتایاہے لیکن خود تقریظ کے اشعار اس سے بڑھ کر اسباب کی نشان دہی کررہے ہیں جیسے ڈاکٹرخورشیدرضوی کے الفاظ میں "غالب کا شعور مستقبل اور ان کی مردم شناسی کہاجاسکتاہے جس نے ان کے ذہن پر دوررس اثر چھوڑا اور ان کے مضمرامکانات کو جھنجوڑا"(60) غالب دراصل سرسیدمیں اس کام سے بڑھ کراور بہت بہترکاموں کی صلاحیت دیکھ رہے تھے اس لیے انھوں نے اس کام کی دادینے کی بجائے انھیں بدلتے زمانے کی جانب متوجہ کیا۔ گو وقتی طورپر خود سرسید کو بھی ان کی روش اچھی نہیں لگی اور انھوں نے غالب کی یہ تقریظ یہ کہہ کر واپس کردی کہ"ایسی تقریظ مجھے درکارنہیں"(61) اور وقتی طورپر تعلقات میں بھی تکدر آ گیا لیکن وقت کے ساتھ ساتھ غالب کی تمنایا پیش گوئی کے مطابق وہ ماضی پرستی سے نکل آئے اور ان کی نگاہیں ماضی سے ہٹ کر مستقبل کی جانب دیکھنے لگیں اور یوں فقط سرسید نہیں ان کے توسط سے پوری قوم کے مستقبل میں تبدیلی واقع ہوئی۔ اس طرح سرسیدکی تشکیل شخصیت اور ان کی خدمات کے پس منظر میں جہاں ہم ان کی والدہ اور ان کے نانا کی شخصیتوں کے محاسن کو جلوہ گردیکھتے ہیں وہاں غالب بھی ایک مخلص ومہربان مربی کی حیثیت سے ابھرتے ہیں۔ایک ایسی بزرگ اور خیرخواہ شخصیت جس نے سرسید کو زاویہ نظر کی تبدیلی کی جانب بروقت متوجہ کیا،ایسی تبدیلی جس سے ان کی شخصیت اور ان کے کاموں پر بہت دوررس اثرات مرتب ہوئے۔

## حوالےوحواشی

1۔ الطاف حسین حالی، حیات جاوید،لاہور:عشرت پبلشنگ ہاؤس، ۱۹۶۵ء،ص۳۳

2۔ محولہ بالا،ص۴۹

3۔ سر سید احمد خان، سیرت فریدیہ مرتبہ ڈاکٹر خلیق انجم، نئی دہلی: انجمن ترقی اردو ہند، ۲۰۱۰ء، ص۶۸

4۔ محولہ بالا، ص۶۹

5۔ محولہ بالا، جائے مذکور

6۔ محولہ بالا، ص۷۰

7۔ محولہ بالا، جائے مذکور

8۔ محولہ بالا، جائے مذکور

9۔ محولہ بالا، ص۷۱

10۔ میر تقی میر، کلیات میر مرتبہ کلب علی خان فائق،لاہور: مجلس ترقی ادب، جلد ششم مثنویات، مثنوی در ہجو خانہ خود، ص۱۸۸

11۔ سیرت فریدیہ، ص۷۱

12۔ سر سید احمد خان آثارالصنادید مرتبہ ڈاکٹر خلیق انجم نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ۲۰۰۳ء، ص۱۷

13۔ حیات جاوید، ص۶۱

14۔ سیرت فریدیہ، ص۷۲

15۔ جائے مذکور

16۔ سیرت فریدیہ، ص۷۳

17۔ جائے مذکور

18۔ بخاری، کتاب الادب باب اثم القاطع، رقم ۵۹۸۴

19۔ آثارالصنادید، ۲/ ۴۷

20۔ سیرت فریدیہ، ص۷۲

[21] ۔ ایضاً، ص ۴۷

[22] ۔ ایضاً، ص ۴۳

[23] ۔ ایضاً، ص ۶۰

[24] ۔ سعادت خان ناصر خوش معرکہ زیبا مرتبہ مشفق خواجہ لاہور: مجلس ترقی ادب ۱۹۷۰ء، ۱/ ۵

[25] ۔ سیرت فریدیہ، ص ۴۹

[26] ۔ ایضاً، ص ۶۱

[27] ۔ ایضاً، ص ۵۳

[28] ۔ ایضاً، ص ۶۲

[29] ۔ جائے مذکور

[30] ۔ سیرت فریدیہ، ص ۶۳

[31] ۔ محمد مسیح الدین، حواشی ابوالکلام آزاد، لاہور: مکتبہ قدوسیہ، جنوری ۱۹۹۲ء ص ۲۵۴، ۲۵۵

[32] ۔ سرسید نے اسے بوستان کا شعر قرار دیا ہے لیکن ہمیں بوستان کے محقق نسخوں کجا پورے آثار سعدی میں یہ شعر نہیں ملا۔ کسی غیر معتبر نسخے میں الحاقی متن کا امکان رد نہیں کیا جا سکتا۔

[33] ۔ آثارالصنادید، ۲/ ۱۱۷

[34] ۔ الطاف حسین حالی یاد گار غالب (طبع اول ۹۸۱ ۷ء کی عکسی اشاعت) کراچی: ادارۂ یاد گار غالب ۱۹۹۷ء ص ۸۵

[35] ۔ آثارالصنادید، ۲/ ۲۳۱

[36] ۔ امالک رام صاحب نے مولانا ابوالکلام آزاد کے مضامین نثر ابوالکلام آزاد (ہریانہ: اردو اکادمی ہریانہ ۱۹۹۲ء) کے عنوان سے مرتب کر کے شائع کیے تھے۔ اس مجموعے میں مولانا ابوالکلام آزاد کا مضمون "مرزا غالب مرحوم کا غیر مطبوعہ کلام" بھی شامل ہے (ص ۱۷۴ تا ۱۸۷) لیکن افسوس کہ ناقص الآخر ہے اور اس اہم بات کے شمول کے بغیر غالب کے قصیدۂ مدحیہ

پر ختم ہو گیا ہے۔ ہم نے یہ اقتباس براہ راست مولانا ابوالکلام آزاد کے الہلال سے لیا ہے۔ دیکھیے: الہلال، جلد ۴ نمبر ۲۲۔ ۲۴/ رجب ۱۳۳۲ھ / ۱۷/ جون ۱۹۱۴ء، ص ۸

37۔ "یکی از دوستان روحانی منست" یہ بات غالب نے میجر جان جاکوب بہادر کے نام ایک خط میں کہی ہے، دیکھیے: میرزا اسد اللہ غالب، پنج آہنگ تدوین نو و تصحیح و تحقیق سید وزیر الحسن عابدی، لاہور: مجلس یادگار غالب، پنجاب یونیورسٹی، ۱۹۲۹ء، ص ۴۳۱

38۔ محمد عتیق صدیقی، ہندوستان میں اردو اخبار نویسی (کمپنی کے عہد میں)، علی گڑھ: انجمن ترقی اردو دسمبر ۱۹۸۷ء، ص ۲۷۸، ۲۷۹

39۔ ڈاکٹر نثار احمد فاروقی، تلاش غالب، لاہور: کتابیات مئی ۱۹۶۹ء، ص ۴۲

40۔ محمد ایوب قادری، غالب اور عصر غالب، کراچی: غضنفر اکیڈمی، ۱۹۸۲ء ص ۳۸

41۔ واعظان کاین جلوه در محراب و منبر می کنند　　چون بخلوت میروند آن کار دیگر می کنند

خواجہ شمس الدین محمد حافظ شیرازی دیوان حافظ مرتبہ محمد قزوینی و دکتر قاسم غنی تہران: انتشارات زوار، ۱۳۶۹ھ ش، ص ۳۲۸

42۔ حیات جاوید، ص ۸۱

43۔ تلاش غالب، ص ۴۷

44۔ مولانا غلام رسول مہر، غالب، لاہور: شیخ مبارک علی تاجر کتب، س۔ن، ص ۳۱۹

45۔ غالب اور عصر غالب، ص ۳۹

46۔ اصل خط فارسی میں ہے اور غالب کی دندان شکن فارسی کا یہ نمونہ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:

**نواب معلی القاب و سیّد عالی جناب سلامت**

**به رسیدنِ منشور رافت نشان شادمان شدم، وازان چه مرا بسر انجام ان فرمان داده اند، غمین بک دو بیت از دیگرے گرفتن و برآن گفتار دوچار بیت از خویش افزودن کدام آئین سخن وری و کدام شیوه معنی**

پروری است۔ خاصه این دو بیت که جُز شکوهِ الفاظ تازی ہیچ گو نه معنی نازک ندارد و سیما در بحرے واقع شده که ہیچ کس از ایرانیاں در آن بحر غزل نگفته، انچه بریں دو بیت افزابند۔ خواہی آں را مسدس نام نہند و خواہی ترجیع بند خوانند۔ خاص از بہر انست که گدایان یاد گیر ندوبر درہا بآہنگ حزین بخوانند۔ کدام عاشق خاتم المرسلین بسماع این اشعار از خود رود و گریبان درد۔ حاشا ثم حاشا مخدومی مولوی غلام امام شہید سلّمه اللّٰه تعالیٰ ہر چه گفته اند خوش گفته اندو خوشتر ازین نتوان گفت۔ لیکن این شاعری و سخن وری نیست۔ چیزے دیگر ست که در مجلس مولود شریف توان خواند۔ فقیر حقیر را در نعت اشرف المرسلین علیه و آله السّلام قصیده ہا و مثنویہا است، از ان حمله یکے مثنوی نقل کرده بخدمت مے فرستم، این را بنگرندو بخوانند و از بنده اشعارے که نه شیوۂ سخن گستران باشد آرزو نکنند و بندۂ خود انگارند و بخدمت مہین برادرِ خود سلمه اللّٰه تعالیٰ سلام رسانند۔ والسّلامه۔ (از اسد اللّٰہ)

[47]۔ مولوی غیاث الدین رام پوری غیاث، اللغات، کانپور: مطبع منشی نولکشور، ۱۸۸۷ء، ص ۱۰۱

[48]۔ تلاش غالب، ص ۴۸

[49]۔ حیات جاوید، ص ۸۷

[50]۔ تنویر احمد علوی متن کی تحقیق وترتیب مشمولہ تدوین متن کے مسائل پٹنہ: خدا بخش لائبریری، ۱۹۸۲ء، ص ۳۰

[51]۔ آئین اکبری علی گڑھ، سر سید اکیڈمی، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی، ۲۰۰۵ء

[52]۔ آئین اکبری، خاتمة التصحیح، ص ۴۶۹

[53]۔ ایضاً، ص ۴۴

[54]۔ یاد گار غالب، ص ۴۸

[55]۔ میرزا اسد اللہ خان، غالب غزلیات فارسی مرتبہ سید وزیر الحسن عابدی، لاہور: مجلسِ یادگار غالب، پنجاب یونی ورسٹی، ۱۹۶۹ء، ص۱۳۲

[56]۔ میرزا اسد اللہ خان، غالب قصائد و مثنویات فارسی باہتمام غلام رسول مہر، لاہور: مجلس یادگار غالب، پنجاب یونی ورسٹی، ۱۹۶۹ء، ص۲۷

[57]۔ قصائد و مثنویات فارسی، ص۱۷

[58]۔ ایضاً، ص۲۷

[59]۔ ایضاً، ص۲۷

[60]۔ ڈاکٹر خورشید رضوی، اطراف، لاہور: اردو اکیڈمی پاکستان، ۲۰۰۳ء، ص۱۱۸

[61]۔ حیات جاوید، ص۸۱

★★★★★

# انگریزی مقالات

# ARMUGHAN

## Amanullah Khan


Compiled By

**Prof. Dr. Jamila Shaukat**
**Prof. Dr. Shahida Parveen**



**Institute of Islamic Studies**
**University of the Punjab, Lahore**

# Content


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | ‘Ilm Al-Hadith and Its Influence on Historiography | Dr. Amanullah Khan | 1 |
| 2. | Early Muslim Historiography | Dr. Amanullah Khan | 11 |
| 3. | Al-Waqidi – An Assessment of His Position as an Historian | Dr. Amanullah Khan | 25 |
| 4. | Ahmad B. Dawud Abu Hanifa Al-Dinawari (d.c. 282 A.H./ 895 A.D.) | Dr. Amanullah Khan | 37 |
| 5. | Al-Baladhari and His Contribution to Muslim History | Dr. Amanullah Khan | 43 |
| 6. | A Critical Appraisal of Al-Tabari’s Contribution to Muslim Historiography | Dr. Amanullah Khan | 59 |
